رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ، اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونے والا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ A.B.C Certified
روزنامہ DAILY AWAM QUETTA
عوام کوئٹہ
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | جمعہ 21 ربیع الاول 1448ھ | 04 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 52

ملک کا نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے
آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا، شہباز شریف

وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کی الگ الگ ملاقاتیں، حالیہ انتخابات سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال

یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کو مزید موثر، نتیجہ خیز اور نوجوانوں کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے، ترجیحی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار بھی مزید تیز کی جائے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ملک کے نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے متعلقہ منصوبوں پر عملدرآمد (بقیہ نمبر 37 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم یوتھ پروگرام، ایز مر اور کاروٹ سٹرز کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام، (بقیہ نمبر 41 صفحہ 6 پر)

وزیراعظم نے ٹریڈ فیسلیٹیشن بورڈ کے قیام کی منظوری دیدی، خود صدارت کریں گے

بورڈ تجارت کے مکمل سپلائی چین میں بہتری لانے اور سرحد پار تجارت سے متعلق تمام نان ٹیرف امور پر فیصلے کرے گا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت تجارت میں سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 39 صفحہ 6 پر)

حکومت کا پیپلز پارٹی سے بیک ڈور رابطہ، قانون سازی میں تعاون کی درخواست

پیپلز پارٹی کی معذرت، پارلیمان میں عدم تعاون کی اپنی پالیسی برقرار رکھنے کا فیصلہ، پارلیمنٹیرینز کو پارٹی پالیسی پر واضح ہدایات جاری

ارکان کو حکومتی بلوں کی حمایت میں ووٹ نہ دینے کی ہدایت، پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی پر کارروائی کی جائے گی، پارٹی ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے پارلیمان میں قانون سازی کے لیے مطلوبہ تعاون حاصل کرنے کی ایک اور کوشش کرتے ہوئے پیپلز پارٹی سے بیک ڈور چینل کے ذریعے رابطہ کیا ہے، تاہم پیپلز پارٹی نے حکومتی قانون سازی میں تعاون سے ایک بار پھر معذرت (بقیہ نمبر 40 صفحہ 6 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے رانا مشہود کی ملاقات

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری اقدامات پر بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ نوجوان ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، حکومت نوجوانوں (بقیہ نمبر 38 صفحہ 6 پر)

فورسز کے جوان سرحد پر سیسہ پلائی دیوار، دشمن کے ناپاک منصوبے ناکام بنا رہے ہیں، محسن نقوی

وزیر داخلہ کا پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی دراندازی ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

قوم کو اپنے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، عسکری حکمت عملی اور بے مثال جرات پر فخر ہے، پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی دراندازی کی مذموم کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے فورسز کی مستعدی کو سراہتے ہوئے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 6 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے نیپال کی سفیر الوداعی ملاقات کر رہی ہیں

پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام، فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گرد ہلاک

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، دھماکہ خیز مواد برآمد

فورسز نے فتنہ الخوارج کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا، صدر مملکت اور وزیراعظم

پشاور، ہلاک دہشتگرد کی جیب سے افغان شناختی کارڈ ملا، ہلاک دہشتگردوں کے فرار ہونے والے ساتھیوں کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا، وزیر قلعہ میں مسلح افراد کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار زخمی

31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب شمالی وزیرستان کے مقابل سرحد پر خوارج کے ایک گروہ کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا گیا، کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، آئی ایس پی آر

پشاور (این این آئی) پشاور بڈھ بیر میں سی ٹی ڈی نے کارروائی کر کے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، 3 ایس ایم جیز، پستول اور دھماکہ خیز مواد برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گردکی جیب سے افغان شناختی کارڈ ملا ہے۔ ہلاک دہشت گردوں کے فرار ہونے والے ساتھیوں کے لیے سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا۔ علاوہ ازیں داوڑ زئی چوکی وزیر قلعہ میں (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

راولپنڈی (آن لائن) پاک افغان سرحد پر سکیورٹی فورسز نے دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گرد ہلاک کر دیے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 31 اگست اور یکم ستمبر کی درمیانی شب شمالی وزیرستان کے مقابل سرحد پر خوارج کے ایک گروہ کی نقل و حرکت کا سراغ لگایا گیا، سکیورٹی فورسز نے پیشہ ورانہ مہارت اور (بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس (بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر)

عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے والا ہے، انسداد دہشتگردی عدالت کا عندیہ

کیا پتا اسی کیس میں جیل ٹرائل شروع ہو جائے جو میرے پاس زیر سماعت ہے، جج طاہر عباس سپرا کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کا جیل ٹرائل شروع ہونے کا عندیہ دیدیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف تھانہ بارہ کہو میں درج مقدمے کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت میں ہوئی، جہاں عدالت نے بانی پی ٹی آئی کے جیل ٹرائل کا عندیہ دیا۔ مقدمے میں ملوث دیگر 4 ملزمان بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا (بقیہ نمبر 43 صفحہ 6 پر)

دہشتگردی کیخلاف جنگ کسی ایک صوبے یا ادارے کی نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

پاکستان کی سرزمین پر کسی بھی دہشتگرد گروہ کو امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کا پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 15 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 15 خوارج کو ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیت پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 36 گھنٹے تک جاری رہنے والی کارروائی میں سکیورٹی فورسز نے جس صبر، پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظاہرہ کیا وہ قابل تحسین ہے۔ دہشت گردوں کی دراندازی (بقیہ نمبر 44 صفحہ 6 پر)

ری سائیکلنگ مرکز میں تبدیل کرنے کے لیے 12 ارب روپے کے منصوبے پر عملی کام شروع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ گڈانی میں شپ بریکنگ انڈسٹری کو جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ (بقیہ نمبر 45 صفحہ 6 پر)

پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی، یورو بانڈ کے ذریعے 3 ارب ڈالر حاصل کر لیے

عالمی سرمایہ کاروں کا اعتماد موجودہ صورتحال کے ساتھ پاکستان کے مستقبل پر بھی ہے، وزیر خزانہ

3 ارب ڈالر کا یورو بانڈ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بانڈ ٹرانزیکشن ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ساڑھے 5 سالہ اور 10 سالہ یورو بانڈ کے ذریعے مجموعی طور پر 3 ارب ڈالر حاصل کر لیے۔ وزارت خزانہ کے مطابق ریکارڈ یورو بانڈ سے پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی مضبوط ہوگئی ہے، ساڑھے 5 سالہ یورو بانڈ سے پاکستان نے 1.75 ارب ڈالر حاصل کیے اور اس پر 7.50 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا، اسی طرح 10 سالہ یورو بانڈ سے 1.25 ارب ڈالر حاصل (بقیہ نمبر 47 صفحہ 6 پر)

عمران سرور نیشنل بینک آف پاکستان کے نئے صدر مقرر

کراچی (این این آئی) نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) کو نیا صدر مل گیا، عمران سرور کو بینک کا صدر مقرر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق عمران سرور کی نیشنل بینک آف (بقیہ نمبر 46 صفحہ 6 پر)

شہباز شریف کی جناح میڈیکل کمپلیکس کے پہلے فیز کو مارچ 2027 تک مکمل کرنے کی ہدایت

عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو تیز تر کیا جائے، وزیراعظم

اجلاس میں سیکٹر جی 11 میں زیر تعمیر فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک ایکسٹینشن کو جناح میڈیکل کمپلیکس کے پہلے فیز کے طور پر شروع کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو تیز تر کیا جائے۔ جمعرات کو وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جناح میڈیکل کمپلیکس و ریسرچ سینٹر اور فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک فیز 2 ایکسٹینشن کی تعمیر کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ (بقیہ نمبر 48 صفحہ 6 پر)

بلاول بھٹو زرداری کا دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

دہشتگردی کو امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، چیئرمین پیپلز پارٹی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پاک افغان سرحد پر دہشتگردوں کی دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کو امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت (بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر)

ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعے محصولات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پاکستان کیلئے اندرونی سطح پر وسائل کو متحرک کرنا وقت کی ضرورت ہے، ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعہ محصولات میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، نجی شعبہ کے ساتھ مشاورت کے عمل کو ادارہ جاتی بنایا جا رہا ہے، ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر)

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کے جواں سال بیٹے کے انتقال پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نیپال کے سفارت خانے میں حالیہ تباہ کن سیلاب کے متاثرین کے لیے تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات قلمبند کر رہے ہیں

صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے، اسحاق ڈار کی پاسکو کو ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے ہدایت کی ہے کہ ای سی سی سے منظور کردہ کوٹے کے مطابق صوبوں کو فوری طور پر گندم فراہم کی جائے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملک میں گندم کے ذخائر کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے جمعرات کو یہاں ایک اجلاس کی صدارت کی۔ نائب وزیراعظم کے آفس سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 49 صفحہ 6 پر)

سکیورٹی کی آڑ میں مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت پر ڈاکہ ڈالنے کی سازش

کشمیر میں تحریک آزادی کو کچلنے کیلئے نام نہاد شدت پسندی کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے، رپورٹ

سرینگر (این این آئی) سکیورٹی کی آڑ میں مقبوضہ کشمیر کی آئینی حیثیت پر ڈاکہ ڈالنے کی سازش سے متعلق فاروق عبداللہ نے بھارتی دعوؤں کا پول کھول دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ہندو انتہا پسند مودی حکومت کے زیر اثر مقبوضہ کشمیر میں تحریک آزادی کو (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

بلوچ خواتین ہماری ثقافت، تعلیم اور سماجی اقدار کی مضبوط بنیاد ہیں، ضیاء لانگو

خواتین کی تعلیم، ترقی اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں، صوبائی وزیر داخلہ

نئی نسل کی تعلیم و تربیت، روایات کے تحفظ اور معاشرے میں وقار، عزت اور مثبت اقدار کے فروغ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچ خواتین ہماری ثقافت، تعلیم اور سماجی اقدار کی مضبوط بنیاد ہیں، جنہوں نے نئی نسل کی تعلیم و تربیت، روایات کے تحفظ اور معاشرے میں وقار، عزت اور مثبت اقدار کے فروغ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے خواتین ونگ کی رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر)

پمز میں 14 بچوں کی ہلاکت، وزیراعظم کمیٹی کی رپورٹ پر پولیس کارروائی شروع

انکوائری رپورٹ کی روشنی میں اسپتال کے معطل افسران کے بیانات ریکارڈ کر لیے گئے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) پمز اسپتال میں 14 بچوں کی ہلاکت کے معاملے پر وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی کی رپورٹ کی روشنی میں پولیس نے بھی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق انکوائری رپورٹ کی روشنی میں اسپتال کے معطل افسران کے بیانات (بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر)

بلوچستان اسمبلی اجلاس، 4 قراردادوں سمیت انسداد دہشتگردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور

بلوچستان اسمبلی میں پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے کی منظوری دیدی

غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری کی یقین دہانی پر نمٹا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے سمیت چار قراردادوں اور انسداد دہشت گردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور کر لیا، غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری کی یقین دہانی پر نمٹا دیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت (بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد کے 42 افسران پر مشتمل وفد فیکلٹی ممبران کا پارلیمنٹ ہاؤس کے مطالعاتی دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

یوسف رضا گیلانی کا پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد پر بھارت کی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کی دراندازی کی کوشش (بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر)

مکہ معاہدہ امت کو معاشی طور پر مضبوط کرنے کی جانب اہم قدم ہے، طاہر محمود اشرفی

سعودی عرب کی سلامتی ہم سب کو بہت عزیز ہے، مکہ معاہدے سے کسی کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی ہم سب کو بہت عزیز ہے، مکہ معاہدے سے کسی کو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ طاہر محمود اشرفی نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ دفاعی معاہدے کے (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے 42 افسران پر مشتمل وفد کا پارلیمنٹ ہاؤس کا دورہ

سینیٹ بالخصوص چھوٹے صوبوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کا اہم ذریعہ ہے، سیکرٹری سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان، اسلام آباد کے 42 افسران پر مشتمل وفد نے فیکلٹی ممبران کے ہمراہ آج پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد کا مطالعاتی دورہ کیا۔ پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر سینیٹ سیکرٹریٹ کے حکام نے وفد کا خیر مقدم کیا۔ سیکرٹری (بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر)

یاسین ملک کا بھارتی عدالتوں پر عدم اعتماد، مقدمہ مزید لڑنے سے انکار کر دیا

سرینگر (این این آئی) بھارتی قید میں موجود کشمیری رہنما یاسین ملک نے بھارتی عدالتوں پر عدم اعتماد کرتے ہوئے اپنا مقدمہ مزید لڑنے سے انکار کر دیا۔ یاسین ملک (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر)

سیرت طیبہ نوجوانوں کیلئے دنیا و آخرت میں کامیابی کا بہترین راستہ ہے، عطاء اللہ تارڑ

سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ ہمارے لیے اسوہ حسنہ ہے، سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ جمعرات کو یہاں اسلام آباد ماڈل کالج برائے خواتین میں (بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر)

کچی کینال منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، احسن اقبال

احسن اقبال سی ڈی اے کی جانب سے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی اراضی کی فراہمی میں تاخیر پر برہم

اگر ایک سرکاری ادارے کے ساتھ اس نوعیت کا طرز عمل اختیار کیا جائے گا تو عام شہریوں کے ساتھ کیا صورتحال ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے واضح کیا ہے کہ کچی کنال منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف ترقیاتی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

قومی اسمبلی کی داخلہ کمیٹی نے بلدیاتی نظام آرڈیننس بل 2025 منظور کر لیا، پیپلز پارٹی کا اختلافی نوٹ بھی بل میں شامل

کمیٹی میں بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ کا معاملہ اٹھایا گیا۔ چیئرمین کمیٹی نے سپیکر قومی اسمبلی کو خط لکھنے کا ذکر کیا

سپیکر خود آجائیں تو حالات ٹھیک نہیں، ہم کہیں تو حالات ٹھیک ہیں، جمال رئیسانی، کوشش ہے کہ وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ بلوچستان کمیٹی کو بریفنگ دیں، طلال چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی داخلہ کمیٹی نے اسلام آباد لوکل گورنمنٹ ترمیمی بل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کا اجلاس راجہ خرم نواز کی صدارت میں ہوا جس میں بلدیاتی نظام آرڈیننس بل 2025 منظور کر لیا، پیپلز پارٹی کا اختلافی نوٹ بھی بل میں شامل کر دیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان کی سیکورٹی صورتحال اور اسلام آباد لوکل گورنمنٹ صورتحال پر ان کیمرہ بریفنگ (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر)

بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا، بجلی کی پیداوار 19 ہزار 500 میگاواٹ رہ گئی

شہری علاقوں میں 6 سے 9 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 10 سے 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری ہے، ذرائع پاور ڈویژن

اسلام آباد (آن لائن) بجلی کا شارٹ فال 6 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کر گیا۔ ہائیڈل سمیت دیگر ذرائع سے بھی بجلی کی پیداوار 19 ہزار 500 میگاواٹ رہ گئی، شہری علاقوں میں 6 سے 9 گھنٹے لوڈشیڈنگ جاری۔ دیہی علاقوں میں 10 سے 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ (بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر)

اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کسی رہنما کی ملاقات نہ ہو سکی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے کسی بھی رہنما کی بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ ہو سکی۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے اڈیالہ جیل پہنچے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر)

سکیورٹی خدشات کے باعث ضلع ٹانک میں کرفیو نافذ

ضلع بھر کے تمام داخلی خارجی راستے سیل کر دیئے، دیگر اضلاع اور صوبوں سے ضلع ٹانک کا رابطہ منقطع

ٹانک (این این آئی) سکیورٹی خدشات کے باعث ضلع ٹانک میں کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق تحصیل جنڈولہ میں بھی کرفیو لگا دیا، ضلع بھر کے تمام داخلی خارجی راستے سیل کر دیئے، دیگر اضلاع اور صوبوں سے ضلع ٹانک کا رابطہ منقطع ہو گیا، (بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر)

ایک ہی معاملے پر سول اور کریمنل کارروائی ایک ساتھ نہیں چل سکتی، وفاقی آئینی عدالت

فوجداری کارروائی روکنے کا فیصلہ متعلقہ حالات اور انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کیا جائے

سول اور فوجداری کارروائی میں متضاد فیصلوں سے انصاف متاثر ہونے کا خدشہ ہے، آئینی عدالت نے فیصلہ جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ہی معاملے پر سول اور کریمنل کارروائی ایک ساتھ نہیں چل سکتی، سول اور فوجداری کارروائی میں متضاد فیصلوں سے انصاف متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ آئینی عدالت (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

وزیر پٹرولیم سے گلف پٹرولیم ایکسپلوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی ملاقات

دونوں رہنماؤں کا سرمایہ کاری کے فروغ اور مزید وسعت کے امکانات پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پٹرولیم علی پرویز ملک سے گلف پٹرولیم ایکسپلوریشن پاکستان (جی پی ایکس پی) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد السامی اور گلف پٹرولیم ایکسپلوریشن کے مصلح الکتیبی نے ملاقات کی جس میں کمپنی کی جاری سرگرمیوں اور (بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر)

یوم دفاع پر شوبز ستاروں کا وطن سے محبت کا اظہار، شہدا کو خراج عقیدت

فنکاروں نے یوم دفاع و شہدا کو قومی یکجہتی کے عزم کی تجدید قرار دیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) یوم دفاع و شہدا کے موقع پر پاکستانی شوبز انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات نے وطن سے محبت کا اظہار کرتے ہوئے قومی یکجہتی اور اتحاد کا پیغام دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شوبز انڈسٹری کے معروف اداکاروں اور ہدایت (بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر)

حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کامیاب، آئندہ کا لائحہ عمل تشکیل دینے کیلئے مذاکراتی کمیٹیاں بنانے پر اتفاق

حکومت عوام کو ریلیف دینے کیلئے جماعت اسلامی کی تجاویز پر بھرپور طریقے سے عمل کرے گی، وفاقی وزرا

دھرنے ذاتی مقصد کیلئے نہیں عوامی مفاد ایجنڈا ہے، حکومت کے ساتھ بات چیت جاری رکھنے کے لئے تیار ہیں، حافظ نعیم الرحمان

لاہور (آن لائن) حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے، دونوں فریقین نے ایک دوسرے کی تجاویز سننے اور آئندہ کا لائحہ عمل تشکیل دینے کے لئے مذاکراتی کمیٹیاں بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف دینے کے لئے تجاویز سے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ایئرپورٹ پر مشکوک گاڑی کے نہ رکنے پر اہلکاروں کی فائرنگ، 2 کار سوار زخمی

اسلام آباد (این این آئی) نیو اسلام آباد ایئرپورٹ کے مرکزی انٹری پوائنٹ پر مشکوک گاڑی کے نہ رکنے پر سکیورٹی پر متعین عملے نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں کار میں سوار 2 افراد زخمی ہو گئے۔ نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے مرکزی انٹری گیٹ پر اچانک تیز رفتار کار انٹری گیٹ پر آتے دیکھ کر ایئرپورٹ سکیورٹی فورس کے اہلکار نے کار کو رکنے کا (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

لاہور: وفاقی وزیر احسن اقبال، وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن مذاکرات کے بعد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حتمی مالکان کی تفصیلات ظاہر نہ کرنے پر 28 ہزار 761 کمپنیوں کو نوٹس جاری

اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں کے حقیقی یا حتمی مالکان کی تفصیلات فراہم نہ کرنے پر 28 ہزار 761 کمپنیوں کو اظہار وجوہ کے نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ ایس ای سی پی کے مطابق ہر رجسٹرڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے الٹی میٹ بینیفیشل اونر یعنی حقیقی یا حتمی مالک کی تفصیلات (بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر)

ترکیہ کے یوم فتح پر جاری آئی ایس پی آر کا نغمہ دو دل، ایک جان ترک میڈیا اور عوام میں مقبول

خصوصی نغمے میں دونوں ممالک کے درمیان دوستی، محبت اور باہمی وابستگی کے جذبے کو اجاگر کیا گیا، رپورٹ

انقرہ (این این آئی) ترکیہ کے یوم فتح کے موقع پر پاک ترک دوستی کو اجاگر کرنے کیلئے جاری کیا گیا آئی ایس پی آر کا خصوصی نغمہ دو دل، ایک جان ترک میڈیا اور عوام کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ خصوصی نغمے کو ترکیہ کے معروف نشریاتی اداروں پر نمایاں کوریج مل رہی ہے جبکہ ترک (بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد: گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
MEMBER OF APNS
کھیلوں کی دنیا
انچارج شجاع



پاکستان کرکٹ ٹیم انگلینڈ کیخلاف تیسرا ٹیسٹ میچ کھیلنے برمنگھم پہنچ گئی

قومی ٹیم 4 ستمبر کو ایجبسٹن کرکٹ گراؤنڈ میں صبح ساڑھے نو بجے ٹریننگ کرے گی

[illegible]

پاکستانی کرکٹ ٹیم کا برطانوی بادشاہ چارلس کو خصوصی بیٹ کا تحفہ

تقریب میں پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی بھی شریک تھے

[illegible]

[illegible]

آئی سی سی ویمنز چیمپئنز ٹرافی 2027 کی میزبانی بھارت کو مل گئی

[illegible]

ڈی کوک نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں کوہلی اور بابر کا ریکارڈ برابر کردیا

[illegible]

پاکستان کی شکست پر اسامہ میر کا طنزیہ کمنٹ سوشل میڈیا پر وائرل

[illegible]

انجری کا ڈرامہ کیا یا حقیقت تھی، امام الحق کو وضاحت دینی ہوگی، عاقب جاوید

[illegible]

[illegible]

انگلینڈ کا پاکستان کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کے لیے اسکواڈ کا اعلان

[illegible]

کرکٹ کی تاریخ میں 100 کلومیٹر طویل بولنگ رن اپ کا منفرد ریکارڈ

[illegible]

چیئرمین پی سی بی کے ویژن کے مطابق ملک کے 100 اضلاع میں سکول کرکٹ کی سرگرمیاں تیز

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے ویژن کے مطابق ملک کے 100 اضلاع میں سکول کرکٹ کی سرگرمیاں تیز ہوگئیں، پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز کے تحت نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور میں کوچنگ کلینک کا انعقاد کیا گیا ،کوچنگ کلینک میں دوسکولوں کے 30 کھلاڑیوں نے قومی کرکٹرز کی زیرنگرانی ٹریننگ کی ،شاہین شاہ آفریدی، فخرزمان، ابراراحمد اور شاہنواز دھانی نے کھلاڑیوں کو ٹپس دیں ،شاہین شاہ آفریدی اور شاہنواز دھانی نے سکول کے بچوں کو فاسٹ باؤلنگ کے گر سکھائے ،فخر زمان نے بلے بازوں کی تکنیک کا نیٹس میں جائزہ لیا اور مفید مشورے دیئے ،ابراراحمد نے کھلاڑیوں کو سپن باؤلنگ کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں بتایا، پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام فار سکولز کا دوسرا سیزن ستمبر کے تیسرے ہفتے سے شروع ہوگا ، پی سی بی ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام سال 2025 میں 39 اضلاع سے بڑھ کر 100 اضلاع تک پہنچ گیا ،دوسرے سیزن میں سکولوں کی تعداد 450 سے بڑھ کر 1400 ہوگئی۔

کنگ چارلس سے ملاقات کے بعد بابراعظم کا دلچسپ جملہ سوشل میڈیا پر وائرل

لندن (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے برطانوی بادشاہ کنگ چارلس سے ملاقات کے بعد دلچسپ انداز میں ان کی تعریف کی جس پر مداحوں کی جانب سے بھی بھرپور ردعمل سامنے آنے لگا۔ کنگ چارلس نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے اعزاز میں کلیرنس ہاس میں خصوصی استقبالیہ دیا جہاں انہوں نے قومی ٹیم کے کھلاڑیوں اور آفیشلز سے ملاقات کی۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران کنگ چارلس نے پاکستانی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی جبکہ محسن نقوی سے گفتگو میں پاکستان میں امن اور خطے میں استحکام کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے بابر اعظم نے خوشگوار انداز میں کہا کہ آج اصلی کنگ سے مل کر بہت اچھا لگا۔ بابر اعظم کا یہ دلچسپ جملہ سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہوگیا۔ مداحوں کی جانب سے اسے خاص طور پر پسند کیا جا رہا ہے کیونکہ کرکٹ شائقین بابر اعظم کو اکثر کنگ بابر کے لقب سے پکارتے ہیں اور کنگ چارلس سے ملاقات کے بعد بابر اعظم نے دلچسپ انداز میں کہا کہ آج اصل کنگ سے مل کر بہت اچھا لگا ہے۔

قومی ٹیم کی جیت کا تناسب 24 سے 73 فیصد پر چلا گیا، چیئرمین پی سی بی

ٹیسٹ کرکٹ میں قومی ٹیم کی خراب کارکردگی کی کچھ وجوہات ایسی ہیں جو ابھی منظر عام پر نہیں لائی جاسکتیں، محسن نقوی

وہ کھلاڑی جنہوں نے کبھی کچھ نہیں کیا ان کا ٹیم پر تنقید کرنا مناسب نہیں، کھلاڑیوں کی تذلیل برداشت نہیں کریں گے، گفتگو



لندن (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے قومی ٹیم پر بے جا تنقید کرنے والوں کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی ٹیم کی جیت کا تناسب 24 فیصد سے 73 فیصد پر چلا گیا۔ایک انٹرویو کے دوران چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ جب سے نئے کوچز آئے ہیں قومی ٹیم ون ڈے میں آٹھویں سے پانچویں اور ٹی ٹوئنٹی میں نویں سے چھٹی پوزیشن پر آگئی ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان ٹیم گزشتہ چھ ون ڈے سیریز میں سے چار میں فاتح رہی لیکن تنقید کرنے والے کہتے ہیں کہ پاکستان کی کرکٹ ختم ہوگئی۔انہوں نے کہا کہ جب سے نئے کوچز آئے ہیں ہمارا جیت کا تناسب مجموعی طور پر 24 فیصد سے بڑھ کر 73 فیصد ہوگیا ہے۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ شکست پر تنقید کرنا سب کا حق ہے لیکن وہ کھلاڑی جنہوں نے کبھی کچھ نہیں کیا ان کا ٹیم پر تنقید کرنا مناسب نہیں، کھلاڑیوں کی تذلیل برداشت نہیں کریں گے۔محسن نقوی نے اعتراف کیا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں قومی ٹیم کی کارکردگی بہت بری ہے اور کارکردگی سے ہٹ کر بھی اس کی بہت سی وجوہات ہیں جو ابھی منظر عام پر نہیں لائی جاسکتیں۔انہوں نے کہا کہ ابھی بہت بہتری کی ضرورت ہے لیکن یہ نہیں ہوسکتا کہ تین مہینے میں ٹیم نویں یا چھٹے نمبر سے پہلی پوزیشن پر آجائے۔چیئرمین پی سی بی نے کہا جنوبی افریقا کا نیمبیا سے ہارنا اور بھارت کا آئرلینڈ کے ہاتھوں شکست کھانا اس بات کا ثبوت ہے کہ کرکٹ میں کسی بھی ٹیم کو ہر میچ میں کامیابی کی ضمانت حاصل نہیں ہوتی۔انہوں نے کہا کہ اگر کسی کو مجھ سے بغض ہے تو مجھ پر تنقید کرے لیکن کرکٹ کو نشانہ مت بنائے۔

ویمنز چیمپئنز ٹرافی: آئی سی سی نے سری لنکا سے میزبانی واپس لے لی

مردوں کی چیمپئنز ٹرافی کے برعکس خواتین کا ایونٹ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں ہوگا

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے آئندہ سال ہونے والی پہلی ویمنز چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی سری لنکا سے واپس لے کر بھارت کو دے دی ہے۔تفصیلات کے مطابق سری لنکا کو چھ ٹیموں پر مشتمل اس تاریخی ٹورنامنٹ کی میزبانی کرنی تھی تاہم سری لنکا کرکٹ کے معاملات میں حکومتی مداخلت اور بورڈ سے متعلق جاری مسائل کے باعث آئی سی سی نے میزبان تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا۔ آئی سی سی کے مطابق سری لنکا کرکٹ کو جولائی میں سالانہ کانفرنس کے دوران تجویز کردہ اصلاحات پر عمل درآمد جاری رکھنا ہوگا۔ بنگلادیش اور جنوبی افریقا نے بھی ایونٹ کی میزبانی میں دلچسپی ظاہر کی تھی تاہم آئی سی سی بورڈ نے بھارت کو متبادل میزبان کے طور پر منظور کرلیا۔ ٹورنامنٹ کے میچز ممبئی اور وڈودرا میں کھیلے جائیں گے۔ مردوں کی چیمپئنز ٹرافی کے برعکس خواتین کا ایونٹ ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں ہوگا۔ چھ ٹیمیں راؤنڈ رابن مرحلے میں ایک دوسرے کے خلاف کھیلیں گی جس کے بعد سرفہرست دو ٹیمیں فائنل میں جگہ بنائیں گی۔ایونٹ میں آسٹریلیا، انگلینڈ، بھارت، نیوزی لینڈ، جنوبی افریقا اور سری لنکا شرکت کریں گے۔

ارشد ندیم کے پاس ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں گولڈ میڈل جیتنے کا سنہری موقع

اسلام آباد (این این آئی) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے۔ بھارتی حریف نیرج چوپڑا کی عدم موجودگی میں ارشد ندیم کے لیے گولڈ میڈل جیتنے کا سنہری موقع ہے۔ نیرج چوپڑا ٹخنے کی انجری کی وجہ سے ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ اور ایشین گیمز سے باہر ہوگئے ہیں۔ ورلڈ ایتھلیٹکس چیمپئن شپ ہنگری کے شہر بداپسٹ میں 11 سے 13 ستمبر تک ہوگی۔ جیولین تھرو فائنل 13 ستمبر کو شیڈول ہے۔ارشد ندیم ان دنوں جنوبی افریقن کوچ ٹریس کی زیر نگرانی پوچیفسٹروم میں ٹریننگ میں مصروف ہیں۔

معروف دفاعی کھلاڑی انتونیو روڈیگر کا 33 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

برلن (این این آئی) جرمنی کے معروف دفاعی کھلاڑی انتونیو روڈیگر نے 33 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔غیرملکی میڈیا کے مطابق انتونیو روڈیگر نے 2026 کے عالمی کپ میں جرمنی کی جانب سے آخری میچ کھیلنے کے تقریباً 2 ماہ بعد قومی ٹیم سے علیحدگی کا فیصلہ کیا ہے۔ انتونیو روڈیگر نے جرمنی کی جانب سے 86 میچز کھیلے۔ انہوں نے کہا کہ کافی غور وفکر کے بعد اب قومی ٹیم کے کیریئر کو ختم کرنے اور نوجوان نسل کے لیے راستہ بنانے کا وقت آگیا ہے، انتونیو روڈیگر نے 2014 میں جرمنی کی قومی ٹیم کے لیے ڈیبیو کیا تھا، تاہم اسی سال عالمی کپ جیتنے والی جرمن ٹیم کے سکواڈ میں انہیں شامل نہیں کیا گیا تھا۔انہوں نے کہا کہ اب وہ اپنی توجہ کلب فٹبال پر مرکوز کرنا چاہتے ہیں۔ برلن میں پیدا ہونے والے انتونیو روڈیگر نے بوروسیا ڈورٹمنڈ اور شٹٹ گارٹ کی یوتھ اکیڈمی سے فٹبال کیریئر شروع کیا، بعد ازاں روما اور پھر 2017 میں چیلسی کا حصہ بنے، جہاں انہوں نے 2021 میں چیمپئنز لیگ جیتی۔ 2022 میں ریال میڈرڈ منتقل ہونے کے بعد انہوں نے 2024 میں چیمپئنز لیگ اور لالیگا کا اعزاز حاصل کیا۔ انتونیو روڈیگر کا قومی ٹیم میں دور جرمنی کے لیے مشکل دہائی کے ساتھ رہا۔ جرمنی 2018 اور 2022 کے عالمی کپ میں گروپ مرحلے سے آگے نہ بڑھ سکا، جبکہ 2026 کے عالمی کپ میں پیراگوئے کے ہاتھوں ٹاپ 32 راؤنڈ پر شکست کے ساتھ اس کا سفر ختم ہوا، جو انتونیو روڈیگر کا قومی ٹیم کے لیے آخری میچ بھی تھا۔ انتونیو روڈیگر نے کہا کہ اگرچہ حالیہ ٹورنامنٹس میں بڑی کامیابی ان کی ٹیم کے حصے میں نہیں آئی اور انہیں کئی تکلیف دہ شکستوں کا سامنا کرنا پڑا، تاہم قومی ٹیم کے ساتھ گزارا وقت ان کی زندگی کا انتہائی خاص باب تھا جو ہمیشہ ان کی شخصیت پر اثر انداز رہے گا۔

مائیکل وان کا ایشز ٹیسٹ کی ٹکٹوں کی قیمتوں میں نمایاں اضافے پر سخت مایوسی کا اظہار

تین ابتدائی دنوں کیلئے عام شائقین کی سب سے سستی ٹکٹ کی قیمت 115 پاؤنڈ مقرر کی گئی ہے

انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں کی ایشز سیریز کا تیسرا میچ 8 جولائی کو ایجبسٹن میں کھیلا جائے گا

لندن (این این آئی) سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے آئندہ سال ایجبسٹن میں ہونے والے ایشز ٹیسٹ کی ٹکٹوں کی قیمتوں میں نمایاں اضافے پر سخت مایوسی کا اظہار کیا ہے۔انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں کی ایشز سیریز کا تیسرا میچ 8 جولائی کو ایجبسٹن میں کھیلا جائے گا۔تقریباً 6 ہزار تماشائیوں کی گنجائش والے ہولیز اسٹینڈ کی ٹکٹ 2023 کے مقابلے میں 43 فیصد مہنگی کر کے 165 پاؤنڈ کردی گئی ہے۔تین ابتدائی دنوں کے لیے عام شائقین کی سب سے سستی ٹکٹ کی قیمت 115 پاؤنڈ مقرر کی گئی ہے جبکہ ہر ٹکٹ پر ڈھائی پاؤنڈ بکنگ فیس بھی وصول کی جائے گی۔مائیکل وان نے سوشل میڈیا پر قیمتوں کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک فیصلہ قرار دیا۔2023 کی ایشز سیریز میں تمام میچز کے ٹکٹس پہلے ہی فروخت ہوگئے تھے اور مجموعی طور پر 5 لاکھ 45 ہزار سے زائد شائقین نے میچز دیکھے تھے،2027 کی ایشز کے لیے ٹکٹ بیلٹ کھل چکا ہے جبکہ لارڈز اور اوول میں بہترین نشستوں کی قیمتیں بالترتیب 190 اور 185 پاؤنڈ تک پہنچ گئی ہیں۔

جب بولنگ اچھی جارہی تھی تو عمر گل کو کیوں فارغ کیا؟ سابق کرکٹرز کی پی سی بی پر برس پڑے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ مدثر نذر اور سابق کپتان محمد یوسف نے پی سی بی کے فیصلوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو فیصلے ہو رہے ہیں وہ جگ ہنسائی کا سبب بن رہے ہیں، جب بولنگ اچھی جا رہی تھی تو عمر گل کو کیوں فارغ کیا؟۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سابق کرکٹرز نے کہا کہ پہلے لوگ ہارنے پر ہنس رہے تھے اب تو حد ہی ہوگئی ہے، ہوم سیریز میں اتنی تبدیلیاں نہیں ہوتیں جتنی اوے سیریز میں کر دی گئی ہیں۔ سابق کرکٹرز نے کہا کہ جب بولنگ اچھی جا رہی تھی تو عمر گل کو کیوں فارغ کیا؟ بائی کمیشن کے فنکشن میں ٹیم جس طرح کے لباس میں گئی اس پر حیرانی ہے، ایسے ایونٹس میں پوری ٹیم پاکستان کی ٹور شرٹ پہن کر جاتی ہے۔ سابق کپتان محمد یوسف نے کہا کہ ٹور کے دوران کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کو واپس بلانا صرف کارکردگی تک محدود نہیں، یہ سب پاکستان کرکٹ میں ایک بار پھر اختلافات، اندرونی خلفشار اور تنازعات کی عکاسی کر رہا ہے۔

گراس روٹ لیول ہاکی ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت مانسہرہ میں پروقار تقریب کا انعقاد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین احمد وانی کی ہدایات پر گراس روٹ لیول ہاکی ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت مانسہرہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ضلع مانسہرہ تا کاغان تک کے 24 سے زائد سرکاری اسکولوں کی انڈر 15 ٹیموں میں ہاکی کا سامان اور مکمل کٹ بیگز تقسیم کیے گئے۔ یہ اقدام پاکستان ہاکی فیڈریشن، خیبر پختونخوا اسپورٹس بورڈ، محکمہ تعلیم اور کے پی کے ہاکی ایسوسی ایشن کے مشترکہ تعاون سے مانسہرہ کے مختلف اسکولوں میں انڈر 15 اسکول ہاکی ٹیموں کے قیام اور ان کی مضبوطی کیلئے اٹھایا گیا ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل سیکرٹری آئی پی سی ذکاء اللہ خٹک تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر مانسہرہ خالد اقبال خٹک نے بطور مہمان اعزاز شرکت کی اور نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی۔ تقریب میں پی ایچ ایف سلیکشن کمیٹی ممبر اولمپین نعیم اختر، چیف کوچ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپورٹس کے پی کے شفقت اللہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر، پرنسپل جی ایچ ایس نمبر 01 مانسہرہ، مختلف اسکولوں کے پرنسپلز، اولمپینز، پی ایچ ایف اور صوبائی ہاکی ایسوسی ایشن کے نمائندگان سمیت کھیل سے محبت کرنے والوں، کوچز اور کھلاڑیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر حکام نے بتایا کہ جنوری 2027 میں ''انڈر 15 نیشنل ہاکی چیمپئن شپ'' کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس منصوبے کے اگلے مراحل میں ایبٹ آباد سمیت کے پی کے کے دیگر اضلاع، فیصل آباد، جنوبی پنجاب، سندھ اور بلوچستان تک کٹس کی تقسیم اور پروگرام کو وسعت دی جائے گی۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد اسکول کی سطح سے ہی بچوں کو ہاکی کی جانب راغب کرنا، باقاعدہ تربیت فراہم کرنا اور گراس روٹ لیول سے نیا ٹیلنٹ تلاش کر کے قومی ٹیم کے لیے ایک مضبوط نرسری تیار کرنا ہے۔ کھلاڑیوں، اسکول انتظامیہ اور اسپورٹس حکام نے پاکستان ہاکی فیڈریشن اور حکومت کے اس کاوش کی بھرپور سراہنا کی اور اسے قومی کھیل کی بحالی کی طرف ایک اہم قدم قرار دیا۔

ڈیجیٹل گیمز بچوں کی صحت، شخصیت پر منفی اثرات مرتب کرتی ہیں: سید علی عمران

ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل بچوں میں ہمت، حوصلہ، برداشت، جسم کو چاق و چوبند اور ذہنی مضبوطی فراہم کرتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل یا الیکٹرانک گیمز نے بچوں کو روایتی اور جسمانی کھیلوں سے دور کر دیا ہے جس کے بچوں کی صحت اور شخصیت پر گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں، اسکرین کے سامنے زیادہ وقت گزارنے سے بچوں میں موٹاپا، جسمانی پٹھوں، نظر کی کمزوری اور سستی بڑھ رہی ہے، موبائل اور ویڈیو گیمز کے زیادہ استعمال سے بچوں کی تعلیم پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں ، بچے غصہ، ذہنی دباؤ، چڑچڑا پن اور تنہائی کا شکار ہو رہے ہیں لہٰذا والدین بچوں کو موبائل اور ویڈیو گیمز استعمال سے روک کر انہیں جسمانی سپورٹس کی جانب راغب کریں، تائیکوانڈو کھیل نہ صرف بچوں کی جسمانی صحت بہتر بناتا ہے بلکہ ان کی شخصیت کو بھی نکھارتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملک بھر میں ٹریڈیشنل تائیکوانڈو کھیل کو گراس روٹ لیول سے فروغ دینے کے مشن پر گامزن گلوبل ٹریڈیشنل تائیکوانڈو فیڈریشن پاکستان کے سیکرٹری جنرل سید علی عمران نے کہا کہ تائیکوانڈو کھیل نا صرف بچوں کو سیلف ڈیفنس سکھاتی ہے بلکہ یہ بچوں میں خود اعتمادی، مشکل حالات سے مقابلہ کرنا بہترین فیصلہ لینا، غصے پر قابو کرنا بھی سکھاتی ہے، تائیکوانڈو کی ٹریننگ سے انسان جسمانی و ذہنی طور پر مضبوطی حاصل کر سکتا ہے لہٰذا بچوں کو معاشرے کا بہترین شہری بنانے کیلئے انہیں تائیکوانڈو کی ٹریننگ دلوائی جائے جو سیلف ڈیفنس کے ساتھ خود اعتمادی اور دوسروں کی عزت کرنے کا ایک عملی نمونہ ہے۔ سید علی عمران نے کہا کہ مارشل آرٹس کا کورین اسٹائل تائیکوانڈو کھیل صرف دفاع کا نام نہیں بلکہ ہمت، حوصلہ، برداشت، جسم کو لچکدار، چاق و چوبند اور ذہنی مضبوطی فراہم کرتا ہے، تائیکوانڈو سیکھنے سے انسان بالخصوص خواتین اور بچوں میں مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ پیدا ہوتا ہے، ہنگامی یا خطرناک صورتحال میں فوری اور درست فیصلہ کرنے کی صلاحیت بہتر ہوتی ہے، سیلف ڈیفنس کی تربیت سے خود اعتمادی میں اضافہ اور مشکل حالات سے مقابلہ کرنے کی ہمت بھی پیدا ہوتی ہے۔

نیشنل رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کل اختتام پذیر ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر میزبانی نیشنل رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ کل ہفتہ کو پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس میں اختتام پذیر ہوگی۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے منیجر ڈیولپمنٹ خلیل چغتائی نے بتایا کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی مختلف گیارہ کیٹیگریز کے مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپئن شپ کے لیے 20 لاکھ روپے کی انعامی رقم رکھی گئی ہے اور چیمپئن شپ کے فائنل مقابلے 5 ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔ فائنل مقابلوں کے اختتام پر چیمپئن شپ میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے ینگ جان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ کا دورہ

اسپورٹس فیسٹیول کے انعقاد کے لیے مکمل تعاون کر کے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے ینگ جان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ کا دورہ کیا اور جی ڈی اے کی جانب سے حال ہی میں مکمل کیے گئے گراؤنڈ کی تعمیر و توسیع اور تزئین و آرائش کے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر پروجیکٹ ڈائریکٹر اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبہ میر دودا خان مری، سیاسی و سماجی شخصیت اور ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن کے صدر میر ارشد کلمتی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ینگ جان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ میں آئندہ دو روز کے دوران منعقد ہونے والے میر کلمتی انٹر ایجوکیشنل انسٹیٹیوٹ اسپورٹس فیسٹیول 2026 کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے گراؤنڈ کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامات اور کھلاڑیوں کی سرگرمیوں کے لیے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ جی ڈی اے کی جانب سے مکمل کیا جانے والا یہ اسپورٹس گراؤنڈ فٹبال اور والی بال کے کھلاڑیوں کو بہتر اور معیاری کھیلوں کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ گراؤنڈ میں کشادہ پلے ایریاز، کھلاڑیوں اور شائقین کے لیے مناسب نشستوں کے انتظامات، پویلین، لائٹنگ اور دیگر بنیادی و ضروری سہولیات شامل ہیں، جس سے مقامی نوجوانوں کو کھیلوں کے لیے ایک بہتر اور سازگار ماحول میسر آئے گا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمٰن خان نے اس موقع پر کہا کہ جی ڈی اے اس سے قبل بھی سینیٹر محمد اسحاق کرکٹ اسٹیڈیم، بابا بزنجو فٹبال اسٹیڈیم اور سورگ دل فٹبال گراؤنڈ کے تعمیر و توسیع، تزئین و آرائش کا ایک جامع منصوبہ مکمل کر چکی ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ کھیلوں کے میدان نہ صرف نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا ذریعہ ہیں بلکہ انہیں صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور معاشرے میں مثبت رویوں کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ شعبہ کو ہدایت کی کہ اسپورٹس فیسٹیول کے انعقاد کے لیے مکمل تعاون کے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور گراؤنڈ کو کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے بہترین حالت میں برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جی ڈی اے گوادر میں کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کے لیے مزید بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مستقبل میں بھی اقدامات جاری رکھے گا۔

آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ (کل) راولپنڈی میں کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ٹین پن باؤلنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آئی ٹی بی اے یوم دفاع ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ (کل) ہفتہ کو لیزر سٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک ،راولپنڈی میں کھیلا جائے گا۔

چار عالمی گولڈ میڈلز جیتنے والا بھارتی ایتھلیٹ سبزی بیچنے اور ٹیکسی چلانے پر مجبور

ٹورنامنٹس میں شرکت کیلئے کئی مرتبہ قرض لینا پڑا جسے ٹیکسی چلا کر اور سبزیاں فروخت کر کے واپس کرتا ہوں، امردیپ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے لیے چار مرتبہ عالمی سطح پر گولڈ میڈل جیتنے والے تھرو بال کھلاڑی امردیپ کمار اپنے خاندان کا گزر بسر کرنے کے لیے ٹیکسی چلانے اور سبزیاں فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق جھارکھنڈ سے تعلق رکھنے والے 29 سالہ امردیپ نے بتایا کہ وہ حکام سے مالی امداد اور سرکاری ملازمت کے لیے کئی بار رابطہ کر چکے ہیں تاہم تاحال انہیں کوئی مثبت جواب نہیں ملا۔ امردیپ نے 13 برس کی عمر میں کھیل کا آغاز کیا اور بعد ازاں تھرو بال میں نمایاں مقام بنایا۔ انہوں نے 2015 میں ملائیشیا میں ایشین جونیئر تھرو بال چیمپئن شپ میں پہلا عالمی گولڈ میڈل جیتا۔ اس کے بعد 2017 میں کھٹمنڈو، 2019 میں بنگلورو اور 2026 میں رانچی میں ساتھ ایشین چیمپئن شپ میں بھی طلائی تمغے اپنے نام کیے۔ کھلاڑی کے مطابق ٹورنامنٹس میں شرکت کے لیے انہیں کئی مرتبہ قرض لینا پڑا جسے وہ ٹیکسی چلا کر اور سبزیاں فروخت کرکے واپس کرتے رہے۔ امردیپ کے مطابق دیگر ریاستوں کے کئی ساتھی کھلاڑیوں کو کھیلوں کی کامیابی پر سرکاری ملازمتیں اور مراعات ملیں مگر ان کی درخواستیں تاحال زیر التوا ہیں۔ فی الحال وہ رانچی کے ارگوڑا چوک پر ٹیکسی چلانے کے ساتھ والد کے سبزی کے کاروبار میں ہاتھ بٹاتے ہیں۔

لارڈز کی سنچری نے روہت شرما کی ریٹائرمنٹ کا فیصلہ بدل دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا نے کہا ہے کہ بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان روہت شرما، ویرات کوہلی اور رویندر جدیجا کے مستقبل پر بھارتی کرکٹ بورڈ کے اجلاس میں غور کیا جائے گا جہاں

بھارت کے 2027 کے ایک روزہ ورلڈ کپ کی تیاریوں کے حوالے سے اہم فیصلے متوقع ہیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سلیکشن کمیٹی کے ایک رکن نے روہت شرما کو بتایا تھا کہ سلیکٹرز نے اب انہیں بھارتی ٹیم میں شامل نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ روہت شرما اس فیصلے پر ناراض تھے تاہم یہ بھی اطلاعات تھیں کہ روہت انگلینڈ کے خلاف ایک روزہ سیریز کے بعد ریٹائرمنٹ پر رضامند ہوگئے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق لارڈز میں کھیلے گئے آخری ایک روزہ میچ میں روہت شرما کی شاندار 138 رنز کی اننگز کے بعد فی الحال بیٹر کی ریٹائرمنٹ کا امکان ختم ہوگیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ویرات کوہلی اور رویندر جدیجا پر اس وقت روہت شرما کے مقابلے میں ریٹائرمنٹ یا ٹیم سے باہر ہونے کا دباؤ کم ہے۔

پی پی ایف پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ 11 ستمبر سے اسلام آباد میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل پیڈل فیڈریشن اور ایشیا پیڈل فیڈریشن کی زیر سرپرستی، اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن اور پاکستان پیڈل فیڈریشن کے زیر اہتمام اور اسلام آباد اولمپک ایسوسی ایشن کے تعاون سے پی پی ایف پیڈل رینکنگ کپ ٹورنامنٹ 11 ستمبر سے اسلام آباد میں شروع ہو گا۔ اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن کے صدر صہیب حسن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں ابھی سے شروع کردی گئی ہیں اور ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے کھلاڑی مختلف چار کیٹیگریز میں حصہ لیں گے، جن میں بوائز انڈر 12، بوائز انڈر 14، بوائز انڈر 16 اور بوائز انڈر 18 کے مقابلے شامل ہیں ٹورنامنٹ 13 ستمبر تک جاری رہے گا اور ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔

ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز کا تیسرا سیزن 3 اکتوبر سے شروع ہوگا

وارنر، یوراج، ڈیویلیئرز اور براوو پھر ایکشن میں ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) دنیا بھر کے کرکٹ شائقین کے لیے بڑی خبر، ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) 2026 کا تیسرا سیزن 3 اکتوبر سے 18 اکتوبر 2026 تک دوبئی میں کھیلا جائے گا جس میں بین الاقوامی کرکٹ کے سابق اور ریٹائرڈ سپر اسٹارز ایک بار پھر میدان میں اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائیں گے۔ٹورنامنٹ کے تیسرے سیزن میں آسٹریلیا کے جارح مزاج اوپنر ڈیوڈ وارنر، بھارت کے سابق اسٹار آل راؤنڈر یوراج سنگھ، جنوبی افریقہ کے معروف بلے باز اے بی ڈی ویلیئرز اور ویسٹ انڈیز کے سابق آل راؤنڈر ڈوین براوو سمیت متعدد عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ اس مرتبہ ڈبلیو سی ایل کے دائرہ کار کو مزید وسعت دیتے ہوئے بنگلہ دیش چیمپئنز کو بھی پہلی بار ٹورنامنٹ میں شامل کیا گیا ہے، جس کے بعد شریک ٹیموں کی تعداد بڑھ کر سات ہوگئی ہے۔ ٹرافی کے حصول کے لیے پاکستان چیمپئنز، انڈیا چیمپئنز، آسٹریلیا چیمپئنز، ساؤتھ افریقہ چیمپئنز، ویسٹ انڈیز چیمپئنز، انگلینڈ چیمپئنز اور بنگلہ دیش چیمپئنز میدان میں اتریں گی۔ 16 روز تک جاری رہنے والے ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں شائقین کو نہ صرف اپنے پسندیدہ سابق عالمی کرکٹ اسٹارز کو دوبارہ ایکشن میں دیکھنے کا موقع ملے گا بلکہ پاکستان اور بھارت سمیت روایتی حریفوں کے درمیان دلچسپ مقابلوں کی توقع بھی کی جارہی ہے۔ بنگلہ دیش چیمپئنز کی شمولیت سے تیسرے سیزن میں مقابلے مزید وسیع اور دلچسپ ہونے کی توقع ہے، جبکہ عالمی کرکٹ کے بڑے ناموں کی موجودگی ڈبلیو سی ایل 2026 کو شائقین کے لیے خصوصی توجہ کا مرکز بنائے گی۔

کھلاڑیوں پر اعتماد برقرار رکھیں، ان کی تذلیل برداشت نہیں کروں گا، محسن نقوی

لندن (آن لائن) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) سینیٹر محسن نقوی نے کہا ہے کہ تنقید سے نا گھبرایا ہوں نا گھبراتا ہوں، قومی ٹیم کی ناقص پرفارمنس کا مجھے بہت دکھ ہے۔ایک انٹرویو میں محسن نقوی نے کہا کہ انگلینڈ میں جو کچھ کیا، ضروری تھا، پرفارمنس کے سوا دیگر معاملات ہیں، فی الحال اسے دیکھ رہے ہیں، ابھی وقت نہیں کرکٹ کے سوا بات کروں۔انہوں نے مزید کہا کہ تنقید سے نا گھبرایا ہوں نا گھبراتا ہوں، ان کی تنقید سے کوئی فرق نہیں پڑتا، جنھوں نے خود کچھ نہیں کیا۔ چیئرمین پی سی بی نے یہ بھی کہا کہ وسیم اکرم جیسا بڑا کھلاڑی بات کرے۔

لیجنڈ کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو شاندار خراجِ تحسین پیش کرنے کا فیصلہ

تمام فٹبال میچز پہلے ہاف کے 10 ویں منٹ میں ایک منٹ کیلئے روک دیے جائیں گے، میسی کے اعزاز میں تالیاں بجائی جائیں گی

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن (اے ایف اے) نے کھیل سے حالیہ ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے والے قومی ٹیم کے لیجنڈ کھلاڑی اور کپتان لیونل میسی کو شاندار خراج تحسین پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق رواں ہفتے کے اختتام پر ارجنٹائن میں ہونے والے تمام ملکی مردوں اور خواتین کے فٹبال میچز پہلے ہاف کے 10 ویں منٹ میں ایک منٹ کیلئے روک دیے جائیں گے اور لیونل میسی کے اعزاز میں تالیاں بجائی جائیں گی۔ ارجنٹائن فٹبال ایسوسی ایشن کے مطابق ویڈیو سکرین سے لیس تمام سٹیڈیمز میں میچ شروع ہونے سے قبل لیونل میسی کے کیریئر پر مبنی خصوصی خراج تحسین ویڈیو بھی چلائی جائے گی۔ لیونل میسی نے 2005 میں ارجنٹائن کی سینئر قومی ٹیم سے ڈیبیو کیا تھا اور قومی ٹیم کی جانب سے 125 گول کے ساتھ آل ٹائم ٹاپ سکورر بنے۔ انہوں نے 6 عالمی کپ کھیلے اور 2022 میں ارجنٹائن کو عالمی کپ جتوانے میں اہم کردار ادا کیا۔ 39 سالہ لیونل میسی عالمی کپ میں 34 میچز کھیلنے اور 23 فتوحات

حاصل کرنے کے ریکارڈ بھی رکھتے ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنے ہاتھ سے لکھی تحریر میں اعلان کیا کہ 2026 عالمی کپ کا سپین کے خلاف فائنل ان کا ارجنٹائن کے لیے آخری میچ تھا اور وہ 39 سال کی عمر میں بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائر ہو رہے ہیں۔ لیونل میسی نے اپنے پیغام میں کہا کہ انہوں نے اپنی پوری توانائی صرف کردی اور اب ان کے پاس دینے کے لیے کچھ باقی نہیں، تاہم یہ فیصلہ ان کے لیے تکلیف دہ تھا اور اب بھی دل کی گہرائیوں میں تکلیف دیتا ہے، لیکن وہ سمجھتے ہیں کہ وقت آ گیا ہے۔

ایشین گیمز کی تیاری کے سلسلہ میں ایتھلیٹکس کے کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے زیر اہتمام اور پاکستان سپورٹس بورڈ کے تعاون سے ایشین گیمز کی تیاری کے سلسلہ میں ایتھلیٹکس کے کھلاڑیوں کا تربیتی کیمپ جاری جناح سٹیڈیم اسلام آباد میں جاری ہے۔ گزشتہ روز ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان کے صدر بریگیڈیئر ریٹائرڈ وجاہت حسین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تربیتی کیمپ میں چار کھلاڑی بھرپور محنت کر رہے ہیں جن میں تین مرد اور ایک خاتون کھلاڑی شامل ہیں، مرد کھلاڑیوں میں محمد یاسر، شجر عباس اور انصر عباس جبکہ خاتون ایتھلیٹ خولہ عمر خان شامل ہیں۔ ان کھلاڑیوں کو دو مرد کوچز رفیق احمد اور رانا سجاد احمد جبکہ ایک خاتون کوچ سیمی رضوی تربیت دے رہی ہیں۔ جاپان میں 19 ستمبر سے 4 اکتوبر تک کھیلی جانے والی ایشین گیمز کے مقابلوں میں محمد یاسر جیولین تھرو، شجر عباس 200 میٹر ریس اور انصر عباس لونگ جمپ جبکہ خاتون ایتھلیٹ خولہ عمر خان 200 میٹر اور 400 میٹر ریس کے مقابلوں میں حصہ لیں گی۔ ایک سوال کے جواب میں بریگیڈیئر وجاہت حسین نے کہا کہ کھلاڑیوں کی سلیکشن بلکل میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے اور امید ہے کہ کھلاڑی ایشین گیمز میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

پاکستان میں باکسنگ کے فروغ کیلئے حکومتی تعاون ضروری ہے، عامر خان

ایونٹ میں دو برطانوی نژاد پاکستانی باکسرز بھی شرکت کریں گے جبکہ خواتین باکسرز بھی فائٹس میں حصہ لیں گی، پاکستانی نژاد برطانوی باکسر

اسلام آباد (این این آئی) سابق پاکستانی نژاد برطانوی باکسر عامر خان نے کہا ہے کہ پاکستان میں باکسنگ کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، جسے عالمی سطح پر متعارف کرانے کیلئے حکومتی سرپرستی کی ضرورت ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عامر خان نے کہا کہ پاکستان میں باکسنگ کا ایونٹ ہفتے کو منعقد کیا جا رہا ہے جس میں داخلہ مفت ہوگا، ایونٹ میں دو برطانوی نژاد پاکستانی باکسرز بھی شرکت کریں گے جبکہ خواتین باکسرز بھی فائٹس میں حصہ لیں گی۔ عامر خان نے کہا کہ دنیا بھر سمیت بھارت میں بھی باکسنگ کے ایونٹس ہو رہے ہیں، تاہم پاکستان میں بھی بے شمار باصلاحیت باکسرز موجود ہیں، وہ لیاری گئے تھے جہاں انہوں نے باکسنگ کا بہت ٹیلنٹ دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں باکسنگ کے فروغ کیلئے حکومتی سپورٹ کی ضرورت ہے، نواز شریف سے ملاقات میں بھی پاکستان میں باکسنگ کے حوالے سے بات ہوئی تھی۔ عامر خان نے کہا کہ ان کی مکمل توجہ پاکستان پر ہے، ملک کی آبادی بہت زیادہ ہے اور یہاں سے بڑی تعداد میں عالمی معیار کا باکسنگ ٹیلنٹ سامنے آسکتا ہے۔

نیشنل ویمنز انڈر 19 کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل (آج) جمعہ کو کھیلا جائے گا

ٹورنامنٹ کے فائنل میں سٹارز اور چیلنجرز کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی، فائنل نیا ناظم آباد جمخانہ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ویمنز انڈر 19 کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل (آج) جمعہ کو کھیلا جائے گا ، ٹورنامنٹ کے فائنل میں سٹارز اور چیلنجرز کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی ، فائنل نیا ناظم آباد جمخانہ گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا ، وکٹ کیپر بیٹر کومل خان سٹارز جبکہ قومی ویمنز انڈر 19 کپتان فضہ فیاض چیلنجرز کی قیادت کریں گی ، فائنل میچ پی ٹی وی سپورٹس پر براہ راست نشر کیا جائے گا ، میچ پاکستان میں ٹیپ میڈ اور تماشا ایپ پر لائیو سٹریم ہوگا، بیرون ملک فینز ٹورنامنٹ کا فائنل پی سی بی آفیشل یوٹیوب چینل پر دیکھ سکتے ہیں ، ٹورنامنٹ جیتنے والی ٹیم کو 10 لاکھ جبکہ رنرز اپ کو سات لاکھ پچاس ہزار انعامی رقم ملے گی۔ فضہ فیاض نے بتایا کہ اس انڈر 19 ٹورنامنٹ کی کوالٹی بہترین رہی ہے، اچھا ٹیلنٹ سامنے آیا ہے، ہم نے سٹارز کو دو سنسنی خیز میچوں میں شکست دی، فائنل دلچسپ ہوگا۔ کومل خان نے کہا کہ ٹیم نے کم تجربہ ہونے کے باوجود اچھا پرفارم کیا، ہمارے کوچز نے مختلف چیلنجز کے سامنے ہماری حوصلہ افزائی کی۔ کومل خان نے کہا کہ چیلنجرز کو فائنل میں سخت مقابلہ دینے کی کوشش کریں گے۔

نشتر پارک اسپورٹس کمپلیکس میں 5 پیڈل اسپورٹس کورٹس کا افتتاح

کراچی (این این آئی) نشتر پارک اسپورٹس کمپلیکس میں 5 پیڈل اسپورٹس کورٹس کا افتتاح کر دیا گیا۔ صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر کھیل نے کہا کہ اگر ہم نے کروڑوں روپے لگائے ہیں تو تشہیر کرنا ہمارا حق ہے، لوگوں کو کیسے پتہ چلے گا کہ ہم نے کام کیا ہے۔ فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ 5 پیڈل اسپورٹس کورٹس میں ایک بین الاقوامی معیار کا کورٹ شامل ہے، 4 کورٹس قومی مقابلوں اور پریکٹس کے لیے دستیاب ہوں گے۔ صوبائی وزیر کھیل نے کہا کہ جدید کورٹس پر 10 سے 12 کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے، جدید پیڈل ٹینس کورٹس میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز ہوگیا ہے۔

کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ ABC Certified
روزنامہ
عوام
کوئٹہ
MEMBER OF APNS
ایڈیٹرانچیف
وسیم احمد

ایران معائنے سے انکار کرے تو پابندیاں لگائی جائیں، فرانس کا مطالبہ

سلامتی کونسل کو ایران سے متعلق ماہرین کی ٹیم کے مینڈیٹ میں توسیع کے معاملے پر ووٹ دینا ہوگا، آبنائے ہرمز میں مکمل بحری آمدورفت ابھی بحال نہیں ہوئی، فرانسیسی سفیر

نیویارک (این این آئی) فرانس کے اقوام متحدہ میں سفیر جیروم بونافون، جن کا ملک اس وقت سلامتی کونسل کی صدارت کر رہا ہے، نے ایران سے متعلق جوہری ماہرین کی ٹیم کے مینڈیٹ میں توسیع کے لیے ووٹنگ کا مطالبہ کیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہوں نے زور دیا کہ اگر ایران اپنی جوہری تنصیبات کی نگرانی سے انکار کرتا ہے تو اس کے خلاف پابندیاں عائد کی جانی چاہئیں۔ بونافون نے کہا کہ سلامتی کونسل کو ایران سے متعلق ماہرین کی ٹیم کے مینڈیٹ میں توسیع کے معاملے پر ووٹ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسئلہ ستمبر 2025 میں دوبارہ سامنے آیا تھا، جب ایران کی جانب سے اپنے جوہری پروگرام سے متعلق ذمہ داریاں پوری نہ کرنے پر اس کے خلاف پابندیاں دوبارہ عائد کی گئی تھیں۔ اقوام متحدہ میں فرانسیسی سفیر نے مزید کہا کہ سلامتی کونسل رواں ماہ ایران کی جانب سے اپنے جوہری وعدوں کی پاسداری نہ کرنے (بقیہ نمبر1 صفحہ 6پر)


مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ بلیدی سے آئی جی پولیس (جینڈر) اسرار احمد عمرانی ملاقات کر رہے ہیں

جنگ میں امریکا کو تہران کی نئی حکمت عملی کا سامنا کرنا پڑے گا، محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی نے دعوی کیا ہے کہ جنگ میں امریکا کو (بقیہ نمبر7 صفحہ 6پر)

حالیہ امریکی حملوں میں 18 افراد شہید، 142 زخمی ہوئے، ایرانی وزارت صحت

امریکی حملوں میں جاں بحق ہونے والوں میں 2 خواتین اور ایک بچہ بھی شامل ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت صحت کے ترجمان حسین کرمانپور نے بتایا ہے کہ ایران پر حالیہ امریکی حملوں کے نتیجے میں 18 افراد شہید اور 142 زخمی ہوئے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حسین کرمانپور نے بتایا کہ امریکی حملوں میں جاں بحق ہونے (بقیہ نمبر4 صفحہ 6پر)

غزہ سے مظلوم فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کیلئے اسرائیل نے امریکا سے منظوری مانگ لی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا ہے کہ اسرائیل غزہ سے فلسطینی آبادی کو نکالنے کے منصوبے کے لیے تیار ہے تاہم اس معاملے میں امریکا کی منظوری کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کی جانب سے منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کاٹز نے کہا کہ غزہ کے مسئلے کا مستقل حل فلسطینیوں کی نقل مکانی کے بغیر ممکن نہیں۔ ان کے مطابق اسرائیلی حکومت فلسطینیوں کو غزہ (بقیہ نمبر3 صفحہ 6پر)

سعودی عرب کی پہلی فائیو اسٹار لگژری ٹرین کا آغاز دسمبر میں ہوگا

14 بوگیاں موجود ہوں گی جن میں 33 پرتعیش کمرے مسافروں کو دستیاب ہوں گے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی جانب سے ایک لگژری ٹرین سروس پر کام کیا جا رہا ہے۔ اس سروس کا اعلان 2025 کے شروع میں کیا گیا تھا اور اس کا آغاز دسمبر 2026 میں کیا جا سکتا ہے۔ ڈریم آف دی ڈیزرٹ نامی ٹرین کے پراجیکٹ پر سعودی عرب ریلویز کی جانب سے اٹلی کے Arsenale گروپ کے ساتھ مل کر کام کیا جا رہا ہے۔ یہ اطالوی گروپ لگژری ٹرینوں کے حوالے سے جانا جاتا ہے۔ اس کمپنی نے ریاض میں اپنا ہیڈ کوارٹرز بھی مئی 2026 میں کھولا تھا۔ یہ مشرق وسطی کی پہلی 5 اسٹار لگژری ٹرین ہوگی۔ 800 میل طویل روٹ کے دوران یہ ٹرین سعودی عرب کے حیران کن صحرائی مقامات سے گزرے گی اور سعودی (بقیہ نمبر2 صفحہ 6پر)

پارلیمانی سیکرٹری سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

چین میں سیلابی ریلا 3 منزلہ عمارت بہالے گیا

بیجنگ (این این آئی) چین کے صوبے فوجیان کی کاؤنٹی شیانیو میں 3 ستمبر کو شدید بارش کے باعث آنے والے سیلابی ریلے میں ایک تین منزلہ عمارت بہہ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹائفون سوول سے وابستہ شدید بارشوں نے فوجیان سمیت جنوب مشرقی چین کے کئی (بقیہ نمبر5 صفحہ 6پر)

اقوام متحدہ میں معاون ٹیکنالوجی سے متعلق پاکستان کی پیش کردہ قرارداد منظور

معاون ٹیکنالوجی میں ایسی مصنوعات اور خدمات شامل ہیں جو روزمرہ زندگی میں نمایاں تبدیلی لانے کی صلاحیت رکھتی ہیں، پاکستانی مندوب عاصم افتخار کا خطاب

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے معاون ٹیکنالوجی تک رسائی سے متعلق پاکستان کی پیش کردہ تاریخی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔ یہ قرارداد، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں پاکستان کی پیش کردہ معاون ٹیکنالوجی تک رسائی کے موضوع پر پہلی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، بالخصوص ترقی پذیر ممالک میں، زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے والی معاون مصنوعات، آلات اور متعلقہ خدمات کو زیادہ قابل رسائی اور کم لاگت بنانے کی عالمی کوششوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ قرارداد کو منظوری کے لیے پیش کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب، سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ دنیا بھر میں تقریباً 2.5 ارب افراد کو ایک یا ایک سے زیادہ معاون مصنوعات، آلات (بقیہ نمبر6 صفحہ 6پر)

صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی لورالائی کے سینئر رہنما شمس حمزہ زئی ملاقات کر رہے ہیں

مقبوضہ مغربی کنارے میں صحافی سمیت 21 فلسطینی گرفتار

ایک فلسطینی قیدی کی ماں اور بہن کو حراست میں لے لیا اور انہیں فیلڈ میں پوچھ گچھ کے بعد رہا کر دیا گیا

غزہ (این این آئی) اسرائیلی فورسز نے جمعرات کی صبح مقبوضہ مغربی کنارے میں چھاپوں کے دوران ایک صحافی سمیت 21 فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گرفتاریوں میں بیت لحم صوبے میں سات فلسطینی، نابلس میں نو، سلفیت میں چار اور ہیبرون میں ایک صحافی شامل ہیں۔ بیت لحم میں، اسرائیلی فورسز نے الدوحہ قصبے، دھیشہ پناہ گزین کیمپ اور الفوغرہ کے نواحی علاقوں میں گھروں پر چھاپوں کے دوران چار فلسطینیوں کو گرفتار کیا۔ فورسز نے صوبے کے جنوب میں بیت فجار قصبے پر بھی چھاپہ مارا اور گھر کی تلاشی اور توڑ پھوڑ کے بعد ایک باپ اور اس کے دو بیٹوں کو گرفتار کیا۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نابلس میں، اسرائیلی فورسز نے شہر کے (بقیہ نمبر36 صفحہ 6پر)

آبنائے ہرمز میں امریکا کا بڑا آپریشن، 18 ملین بیرل تیل لے جانے والے 40 جہازوں کو باحفاظت گزار دیا

جنگ کے دوران آبنائے ہرمز میں امریکی فوج کی جانب سے کیا جانے والا اب تک کا سب سے بڑا حفاظتی آپریشن تھا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی فوج نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے 40 تجارتی جہازوں کو سکیورٹی فراہم کی، جن پر مجموعی طور پر تقریباً 18 ملین بیرل تیل لدا ہوا تھا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ جنگ کے دوران آبنائے ہرمز میں امریکی فوج کی جانب سے کیا جانے والا اب تک کا سب سے بڑا حفاظتی آپریشن تھا۔ رپورٹ کے مطابق امریکی فوج نے بحری جہازوں کو حفاظتی حصار فراہم کرنے کے دوران آبنائے ہرمز کے اطراف میں ایرانی فوجی تنصیبات کو بھی نشانہ بنایا۔ امریکی حکام کے مطابق کارروائی میں ایرانی فضائی دفاعی مراکز، ریڈار نظام، بحری اثاثوں، بارودی سرنگیں بچھانے کی صلاحیت اور مواصلاتی تنصیبات سمیت تقریباً 60 فوجی اہداف کو (بقیہ نمبر35 صفحہ 6پر)

ناروے نے روسی بحری جہاز قبضے میں لے لیا

ناروے میں بحری جہاز کو تحویل میں لینے کے فیصلے کو چیلنج کریں گے، روسی وزیر

اوسلو (این این آئی) ناروے نے روس کے بحری جہاز کو قبضے میں لے لیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق یوکرینی توانائی کمپنی کے 4.22 ارب ڈالرز معاوضے کے (بقیہ نمبر34 صفحہ 6پر)

کوئی ملک ایران کی مدد نہ کرے، امریکی وزیر خارجہ کی پابندیوں کی دھمکی

ہرمز کھلی رہے گی اور اس بحری راستے کو ایران کے کنٹرول میں نہیں جانے دیا جائے گا، مارکو روبیو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے خبردار کیا ہے کہ کوئی ملک ایران کی امریکی پابندیوں سے بچنے یا آمدنی حاصل کرنے میں مدد نہ کرے، بصورت دیگر امریکا ایسے ممالک پر بھی پابندیاں عائد کر سکتا ہے۔ مارکو روبیو نے امریکی ٹی وی کے ساتھ حالیہ انٹرویو کے دوران کہا کہ اگر کسی ملک نے بھی ایران کو امریکی پابندیوں سے بچانے اور آمدنی حاصل کرنے کے لیے سہولت فراہم کی تو امریکا ان ممالک پر بھی پابندیاں عائد کرے گا۔ روس کی جانب سے ایران کی حمایت کے حوالے سے روبیو نے کہا کہ ماسکو کا موقف واشنگٹن سے مختلف ہے تاہم کسی (بقیہ نمبر8 صفحہ 6پر)

بھارت میں قید یاسین ملک کا اپنا مقدمہ مزید لڑنے سے انکار، اہلیہ کو رفاقت سے آزاد کرنے کا پیغام

بھارتی حکومت 36 سال بعد مجھے ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کر کے پھانسی دینے کی سازش کر چکی ہے

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں قید کشمیری رہنما یاسین ملک نے اپنا مقدمہ مزید لڑنے سے انکار کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بھارتی عدالتوں پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے یاسین ملک نے کہا ہے کہ کشمیر کے لیے سزائے موت بھی مل جائے تو قبول ہے۔ سری نگر کی عدالت میں جمع کرائے گئے 25 صفحات پر مشتمل حلف نامے میں یاسین ملک نے 1990 کے سرلا بھٹ قتل کیس میں ملوث ہونے کے الزام کی دوٹوک تردید کر دی۔ انہوں نے کہا (بقیہ نمبر9 صفحہ 6پر)

ٹرمپ ایران جنگ کو باضابطہ طور پر ختم کرنے پر غور کرنے لگے، امریکی میڈیا کا دعوی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ جاری جنگ کو باضابطہ طور پر ختم کرنے کے اعلان پر نجی طور پر غور کر رہے ہیں جبکہ امریکی محکمہ دفاع نے مشرق وسطی میں فوجی تعیناتیوں کو مزید بڑھانے کا (بقیہ نمبر10 صفحہ 6پر)

برطانیہ اسرائیل پر پابندیاں لگا کر بڑی غلطی کرے گا، اسرائیلی وزیر خارجہ کی دھمکی

برطانیہ کی جانب سے ممکنہ پابندیاں بڑی غلطی ہوں گی اور اسرائیل ان پابندیوں کا جواب ضرور دے گا، گفتگو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر خارجہ گیدون سار نے برطانیہ کو خبردار کیا ہے کہ اگر لندن نے مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاری میں توسیع کے خلاف اسرائیل پر پابندیاں عائد کیں تو اسرائیل بھی برطانیہ کے خلاف کارروائی کرے گا۔ اسرائیلی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گیدون سار نے کہا کہ اگر برطانیہ نے اسرائیل کے خلاف اقدامات کیے تو اسرائیل بھی برطانیہ کے خلاف کارروائی کرے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ وقت گزر چکا جب اسرائیل مخالفانہ اقدامات پر خاموش رہتا تھا۔ اسرائیلی وزیر خارجہ نے کہا کہ برطانیہ کی جانب سے ممکنہ پابندیاں (بقیہ نمبر12 صفحہ 6پر)

امریکا، مسافر طیارہ اڑانے کے 4 منٹ بعد پائلٹ کی طبیعت بگڑ گئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں مسافر طیارہ اڑانے کے 4 منٹ بعد ہی اس کے پائلٹ کی طبیعت بگڑ گئی جس کے بعد طیارے کو واپس اتارنا پڑ گیا۔ امریکی میڈیا کے مطابق ڈیلٹا ایئر لائنز کی پرواز ٹیک آف کے چند ہی منٹوں بعد پائلٹ کی طبیعت اچانک (بقیہ نمبر11 صفحہ 6پر)

طبیعت خراب ہونے پر پائلٹ نے دوحہ سے بنگلورو کی پرواز مسقط موڑ دی

مسقط میں انتظار کرنے والے مسافروں کو کھانے پینے کی اشیا فراہم کی جا رہی ہیں، ایئر لائن

مسقط (این این آئی) پائلٹ نے دوران پرواز طبیعت خراب ہونے پر دوحہ سے بنگلورو جانے والے بھارتی نجی ایئر لائن کے طیارے کا رخ مسقط موڑ دیا۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق پرواز دوحہ سے بنگلورو جا رہی تھی کہ پائلٹ کو فوری طبی امداد کی ضرورت پیش آئی۔ طیارے کو باحفاظت مسقط اتارا گیا جہاں طبی عملے نے پائلٹ کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور بعد ازاں اسے اسپتال منتقل کیا۔ ایئر لائن کے مطابق پائلٹ کی حالت اب بہتر ہے، مسافروں کو ان کی منزل تک پہنچانے کے لیے انڈیگو نے متبادل طیارے اور نئے عملے کا انتظام کیا ہے، بنگلورو سے (بقیہ نمبر32 صفحہ 6پر)

عالمی حدت چند برسوں میں 1.5 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر سکتی ہے، اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام (یو این ای پی) نے خبردار کیا گیا ہے کہ عالمی حدت آئندہ چند برسوں میں پیرس معاہدے کے تحت مقرر کردہ 1.5 ڈگری سیلسیس کی حد سے تجاوز کر سکتی ہے۔ چینی میڈیا نے یو این ای پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر (بقیہ نمبر33 صفحہ 6پر)

اسرائیل ایران کی موجودہ حکومت کو گرانے کیلئے کام کر رہا ہے، نیتن یاہو

اسرائیلی پائلٹس کسی بھی وقت ایران میں کارروائی کے لیے پہنچ سکتے ہیں، انٹرویو

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیل ایران کی موجودہ حکومت کو گرانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ نیتن یاہو نے اسرائیلی ٹی وی کو انٹرویو میں کہا کہ میری ہدایت پر اسرائیل کے تمام متعلقہ ادارے ایرانی حکومت کو شکست دینے کے لیے کام کر رہے ہیں جبکہ اسرائیلی پائلٹس کسی بھی وقت ایران میں کارروائی کے لیے پہنچ سکتے ہیں۔ غزہ سے متعلق نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل غزہ کے 60 فیصد علاقے پر کنٹرول رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کا مقصد حماس کو غیر مسلح کرنا اور غیر عسکری بنانا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیر اعظم (بقیہ نمبر13 صفحہ 6پر)

پینٹاگون نے مشرق وسطی میں امریکی فوجیوں کی تعیناتی 2027 تک بڑھا دی

خطے میں امریکی فوجی تعیناتی بڑھانے سے فوجیوں اور ان کے خاندانوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) پینٹاگون نے مشرق وسطی میں امریکی فوجیوں کی تعیناتی 2027 تک بڑھا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی فوج کی تعیناتی میں توسیع ایران تنازع اگلے سال تک کھنچنے کی علامت ہے۔ خطے میں امریکی فوجی تعیناتی بڑھانے سے فوجیوں اور ان کے خاندانوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ امریکی وزیر جنگ پیٹ ہیگسیتھ خاموشی سے امریکی فوجیوں کی تعیناتی کا فیصلہ کر رہے ہیں، جنگی جہازوں کے عملے سمیت فوجی دستوں کو غیر متوقع عرصے تک قیام کا حکم دیا جا رہا ہے۔ حکام نے کہا کہ فوجیوں کی تعیناتی میں توسیع غیر (بقیہ نمبر31 صفحہ 6پر)

20 ملین بچوں کو آن لائن جنسی استحصال یا زیادتی کا سامنا کرنا پڑا، یونیسف

تقریبا 15 ملین بچوں کو ناپسندیدہ جنسی مواد دکھایا گیا، 9 ملین بچوں پر جنسی گفتگو کی گئی

جنیوا (این این آئی) اقوام متحدہ کے ادارہ برائے اطفال (یونیسف) نے کہا ہے کہ 21 ممالک میں انٹرنیٹ استعمال کرنے والے تقریبا 20 ملین بچوں کو ایک سال کے دوران ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر جنسی استحصال یا زیادتی کا سامنا کرنا پڑا جن میں زیادہ تر واقعات سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر پیش آئے۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق یونیسف نے جمعرات کو جاری ایک رپورٹ میں بتایا کہ افریقا، ایشیا، لاطینی امریکا اور مشرقی یورپ میں 12 سے 17 سال کی عمر کے ہر پانچ میں سے ایک سے زیادہ بچوں نے سروے سے قبل ایک سال کے دوران آن لائن (بقیہ نمبر30 صفحہ 6پر)

دکی، ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی زیرِ تعمیر ضلعی کمپلیکس و چمالنگ ٹو دکی روڈ کا معائنہ کر رہے ہیں

امریکا مختلف ممالک میں شادی کی تقریبات پر حملوں کا دنیا کو جواب دے، پاسداران

ماضی کے حملوں کی طرح اس بار بھی اپنا جرم قبول کرنے کے بجائے جھوٹ کا سہارا لے رہا ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب فورس نے مطالبہ کیا ہے کہ امریکا مختلف ممالک میں شادی کی تقریبات پر حملوں کے اپنے سیاہ ریکارڈ کے بارے میں دنیا کو جواب دے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب فورس کا کہنا تھا کہ امریکا ایران، عراق، افغانستان میں عوامی تقریبات پر کیے گئے ماضی کے حملوں کی طرح اس بار بھی اپنا جرم قبول کرنے کے بجائے جھوٹ کا سہارا لے رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران نے تو فوجی طاقت سے سیرک میں شادی کی تقریب پر امریکی حملے کا بدلہ لے لیا لیکن اگر اب بھی امریکی عوام نے بچوں کی (بقیہ نمبر28 صفحہ 6پر)

برطانیہ میں شعبہ مہمان نوازی کے لیے ایک کروڑ پاؤنڈ کی امدادی اسکیم شروع

لندن (این این آئی) برطانیہ کی حکومت نے شعبہ مہمان نوازی سے وابستہ اہل کاروباری اداروں کی معاونت کے لیے ایک کروڑ پاؤنڈ کی تین سالہ گرانٹ اسکیم شروع کر دی۔ حکومت کی سرکاری ویب سائٹ پر جاری بیان کے مطابق شعبہ مہمان نوازی ملک بھر کی مقامی معیشتوں اور کمیونٹیز کی معاونت میں اہم (بقیہ نمبر29 صفحہ 6پر)

حب، ڈائریکٹر جنرل ایکسائز محمد زمان خان منشیات کے خلاف کی جانیوالی کارروائی کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حوثیوں کا بڑا میزائل حملہ، مغربی یمن میں 14 میزائل اور ڈرون داغنے کا دعوی

داغے گئے بیلسٹک میزائل مغربی ساحل پر تعینات فوجی دستوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے میں کامیاب نہیں ہوئے، ذرائع

صنعا (این این آئی) حوثی جنگجوؤں نے یمن کے مغربی ساحل کے آبادی والے علاقوں کو 14 بیلسٹک میزائلوں اور ڈرون حملوں کے ذریعے نشانہ بنانے کا دعوی کیا ہے۔ ترک نشریاتی ادارے کے مطابق یمنی مسلح افواج کے میڈیا سینٹر نے ایک فوجی ذریعے کے حوالے سے بتایا کہ طائز کے محاذ پر فضائی دفاعی نظام نے کئی ڈرونز کو روک لیا، جبکہ مغربی ساحل کے مختلف علاقوں کے اوپر بھی بعض ڈرونز کو روکا گیا۔ فوجی ذریعے کے مطابق حوثیوں کی جانب سے داغے گئے بیلسٹک میزائل مغربی ساحل پر تعینات فوجی دستوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنانے میں کامیاب نہیں ہوئے۔ رپورٹ میں حملوں کے نتیجے میں ممکنہ جانی یا مالی نقصان کے بارے میں مزید تفصیلات فراہم (بقیہ نمبر14 صفحہ 6پر)

ایرانی ریال بدترین سطح پر گر گیا، 1 ڈالر کے بدلے میں 22 لاکھ ایرانی ریال ملنے لگے

تہران (این این آئی) ایرانی ریال کی قدر غیر معمولی طور پر مزید گر گئی ہے۔ 1 ڈالر کے بدلے میں 22 لاکھ ایرانی ریال ملنے لگے۔ یہ بات دو مختلف ویب سائٹس نے بتائی۔ جو فری مارکیٹ ریٹس کو ظاہر کرتی ہیں اور مختلف کرنسیز کے ریٹس کے گراف اوپر یا نیچے جانے کو بیان کرتی (بقیہ نمبر15 صفحہ 6پر)

مصر اور ترکیہ کا دفاعی صنعت میں تعاون پر اتفاق

ترکیہ کی جانب سے مکینیکل اینڈ کیمیکل انڈسٹری کارپوریشن نے یادداشت پر دستخط کردیئے

قاہرہ (این این آئی) مصر اور ترکیہ نے دفاعی صنعت کے مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کر دیئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ معاہدہ 2 ستمبر 2026 کو بوسنیا و ہرزیگوینا کے دارالحکومت سرائیوو میں جاری ڈیفنس انڈسٹری ایکسپو اینڈ سمٹ 2026 کے موقع پر ہوا۔ مصر کی جانب سے وزارت جنگی پیداوار سے وابستہ دو اداروں نے معاہدے پر دستخط کیے، ترکیہ کی جانب سے مکینیکل اینڈ کیمیکل انڈسٹری کارپوریشن نے یادداشت پر دستخط کیے۔ مفاہمتی یادداشت کا بنیادی مقصد دونوں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 6پر)

اقوام متحدہ کا امریکا ایران جھڑپوں پر تشویش کا اظہار، فریقین سے تحمل کی اپیل

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ نے امریکا اور ایران کے درمیان رات گئے ہونے والی تازہ جھڑپوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری طور پر فوجی کارروائیاں روکنے اور تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا ہے۔ یو این سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے ترجمان (بقیہ نمبر26 صفحہ 6پر)

ٹرمپ کی تصویر والے سکے جاری، 100 سال بعد پھر زندہ صدر کا نام کرنسی میں شامل

امریکی قانون کے تحت کسی زندہ شخص کی تصویر امریکی کرنسی پر چھاپنے کی اجازت نہیں، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت خزانہ کے ذیلی ادارے یو ایس منٹ نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی تصویر والے ایک ڈالر کے یادگاری سکے جاری کر دیئے ہیں، جس کے بعد ٹرمپ گزشتہ ایک صدی کے دوران امریکی کرنسی پر نظر آنے والے پہلے زندہ صدر بن گئے ہیں۔ امریکا کی 250 ویں سالگرہ کی تقریبات کے سلسلے میں جاری کیے گئے سکے پر ٹرمپ کی تصویر کے ساتھ ہم خدا پر یقین رکھتے ہیں کی عبارت بھی درج ہے۔ یو ایس منٹ نے 25 سکوں کے ایک رول کی قیمت 61 ڈالر جبکہ 100 سکوں کے تھیلے کی قیمت 154.50 ڈالر مقرر کی تھی، تاہم فروخت شروع ہونے کے چند گھنٹوں بعد ہی ویب سائٹ پر سکے فی الحال دستیاب نہیں دکھائی دینے لگے۔ امریکی (بقیہ نمبر25 صفحہ 6پر)

قطر کی کویت پر ایرانی حملوں کی شدید مذمت، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کیخلاف قرار دے دیا

ان حملوں اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال کی قانونی ذمہ داری ایران پر عائد ہوتی ہے، وزارت خارجہ

دوحہ (این این آئی) قطر نے کویت پر حالیہ ایرانی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں کویت کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق قطری وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ ایرانی حملوں کا سلسلہ جاری رہنے سے خطے میں کشیدگی کم کرنے کی سفارتی کوششیں مزید پیچیدہ ہو سکتی ہیں اور علاقائی امن و سلامتی کے لیے جاری مذاکرات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ قطر نے کہا کہ ان حملوں اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال کی قانونی ذمہ داری ایران پر عائد ہوتی ہے۔ قطری وزارت خارجہ نے کویت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دوحہ کویت کی خودمختاری اور سکیورٹی کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے (بقیہ نمبر17 صفحہ 6پر)

ایران کے جوہری پروگرام پر ابہام، اصفہان تنصیب کی صورتحال سے جوہری توانائی ایجنسی لاعلم

تہران (این این آئی) ایران کی جوہری تنصیبات کی صورتحال سے متعلق بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی ایک نئی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ایران کے جوہری پروگرام کی نگرانی اور معائنے کے عمل میں بڑے خلا پیدا ہو گئے ہیں۔ اصفہان کی جوہری تنصیب کی موجودہ صورتحال بھی غیر واضح ہے، جبکہ ایجنسی گزشتہ چھ ماہ سے وہاں زمینی طور پر تصدیق نہیں کر سکی۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایجنسی نے تصدیق کی ہے (بقیہ نمبر16 صفحہ 6پر)

جعفرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی و دیگر افسران علاقہ مکین شہید جوان غلام رسول کٹبار کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

پینٹاگان کا فوجیوں میں ٹیسٹوسٹیرون کی سطح کی جانچ کا فیصلہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزارت دفاع پینٹاگان نے مسلح افواج کے افراد کے لیے ٹیسٹوسٹیرون ہارمون کی سطح کی جانچ لازمی قرار دینے کی نئی ہدایات جاری کی ہیں۔ وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ اس قدم کا مقصد صحت، برداشت اور جنگی تیاری کو فروغ دینا ہے تاہم ماہرین کی جانب سے اس کی سائنسی بنیاد پر سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ ہدایات وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ کی جانب (بقیہ نمبر24 صفحہ 6پر)

ویتنام میں منشیات اسمگلنگ کے جرم میں 11 افراد کو سزائے موت

سرغنہ تقریبا 18 کلوگرام منشیات کی خرید و فروخت سے متعلق تھا، عدالت

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کی ہو چی منہ سٹی کی عوامی عدالت نے ایک بڑے منشیات اسمگلنگ مقدمے میں 11 افراد کو سزائے موت سنا دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ مقدمہ وی این 10 کے نام سے جانا جاتا ہے اور اس میں مجموعی طور پر 227 ملزمان کے خلاف کارروائی ہوئی۔ یہ کیس مارچ 2023 میں اس وقت سامنے آیا جب فرانس سے ویتنام پہنچنے والی چار خواتین ایئر لائن اٹینڈنٹس کے سامان سے ٹوتھ پیسٹ کی ٹیوبوں میں چھپی ہوئی منشیات برآمد ہوئیں۔ تفتیش میں تقریبا 10 کلوگرام سے زیادہ منشیات کی موجودگی سامنے آئی، جن میں ایم ڈی ایم اے اور کیٹامین شامل تھے۔ بعد کی تحقیقات میں ایک وسیع بین الاقوامی نیٹ ورک کا سراغ ملا (بقیہ نمبر23 صفحہ 6پر)

استنبول کے قریب دو بحری جہازوں میں تصادم، کارگو جہاز 10 ڈوب گیا

جہاز پر کپتان سمیت 10 افراد سوار، تلاش کے لیے امدادی کارروائیاں جاری ہیں، ترک حکام

استنبول (این این آئی) ترکیہ کے شہر استنبول کے قریب بحیرہ مرمرہ میں دو بحری جہازوں کے تصادم کے بعد ایک کارگو جہاز ڈوب گیا جس کے عملے کے 10 افراد لاپتا ہیں۔ ترکیہ کی وزارت ٹرانسپورٹ کے مطابق خالی آئل ٹینکر ALSU کی علی الصبح کارگو جہاز سے ٹکر ہو گئی۔ حادثے کے بعد اسٹیل کی رولز لے جانے والا کارگو جہاز تیزی سے ڈوب گیا۔ حکام کے مطابق حادثہ استنبول کے مغربی ضلع سیلیوری سے تقریباً 18 بحری میل دور پیش آیا۔ ترکیہ کے وزیر ٹرانسپورٹ عبدالقادر اورال اوغلو نے بتایا کہ جہاز کو صبح 3 بج کر 26 منٹ پر ہنگامی کال موصول ہوئی، جبکہ حادثے کا وقت تقریباً 3 بج کر 15 منٹ بتایا گیا، یعنی جہاز صرف 11 منٹ میں ڈوب گیا۔ وزیر (بقیہ نمبر18 صفحہ 6پر)

گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدت کاری کیلئے 12 ارب روپے کا منصوبہ شروع

کراچی (این این آئی) گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدت کاری کے لیے 12 ارب روپے کا منصوبہ شروع کر دیا گیا۔ وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری کی زیر صدارت گڈانی شپ ری سائیکلنگ سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری پر باقاعدہ کام شروع کرنے کا اعلان (بقیہ نمبر19 صفحہ 6پر)

اقوام متحدہ کا فروری 2027 تک ایل نینو کی مضبوط شدت برقرار رہنے کا انتباہ

رواں سال زمین کو عالمی درجہ حرارت میں اضافے کی دو دھاری تلوار کا سامنا ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) رواں سال زمین کو عالمی درجہ حرارت میں اضافے کی دو دھاری تلوار کا سامنا ہے۔ زہریلی یا گرین ہاس گیسز کے اخراج کے باعث موسمیاتی تبدیلیاں زمین کے درجہ حرارت میں اضافہ کر رہی ہیں مگر اس کے ساتھ ساتھ موسمیاتی رجحان ایل نینو کا بھی آغاز ہو چکا ہے۔ ایل نینو وہ موسمیاتی رجحان ہے جس کے باعث پہلے سے شدید گرمی کا سامنا کرنے والی دنیا کا درجہ حرارت مزید بڑھ جائے گا۔ گرمی کی شدت میں بہت زیادہ اضافہ ہلاکتوں کا باعث بنے گا۔ اقوام متحدہ کے زیر تحت عالمی موسمیاتی ادارے ڈبلیو ایم او کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایل نینو آنے والے مہینوں میں زیادہ مضبوط ہو جائے گا اور اس کی شدت فروری 2027 تک برقرار رہنے کا امکان ہے۔ ڈبلیو ایم او نے بتایا کہ ایل نینو رواں سال کے آخر تک عروج پر ہوگا جبکہ اس کے اثرات 2027 میں بھی محسوس ہوں گے۔ بیان میں بتایا گیا کہ ایل نینو کا آغاز ہو چکا ہے اور آنے والے مہینوں میں اس کی شدت بہت زیادہ بڑھ جائے گی جس سے درجہ حرارت اور (بقیہ نمبر 20 صفحہ 6پر)

ضیوف خادم الحرمین الشریفین پروگرام، عمرہ زائرین کا تیسرا گروپ مدینہ منورہ پہنچ گیا

ریاض (این این آئی) ضیوف خادم الحرمین الشریفین پروگرام کے تحت آنے والے عمرہ زائرین کا تیسرے گروپ مدینہ منورہ پہنچ گیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی عرب کی وزارت اسلامی امور نے گزشتہ روز اپنے ایکس اکاؤنٹ پر پوسٹ میں بتایا کہ تیسرے گروپ میں شامل 23 افریقی ممالک سے تعلق رکھنے والے 250 افراد مدینہ منورہ پہنچے ہیں۔ اس گروپ (بقیہ نمبر21 صفحہ 6پر)

ہتھیاروں کی تحقیقات کیلئے اسرائیل کی امریکی یونیورسٹیوں کو بھاری فنڈنگ

فنڈنگ میں تحقیقی معاہدے، گرانٹس، ٹیوشن ادائیگیاں اور دیگر مالی معاونت شامل ہے، تحقیق

تل ابیب (این این آئی) انکشاف ہوا ہے کہ اسرائیل کی وزارت دفاع اور اسرائیلی دفاعی کمپنیوں سے منسلک کم از کم 15 ملین ڈالر کی فنڈنگ امریکی یونیورسٹیوں میں فوجی اور ہتھیاروں سے متعلق تحقیق کے لیے گئی ہے۔ حالیہ ایک تحقیق کے مطابق یہ رقوم 2004 سے 2025 تک کے ریکارڈز میں سامنے آئی ہیں۔ تحقیق میں کولمبیا، کارنیل، پرنسٹن، ہارورڈ، نارتھ ویسٹرن، جارجیا ٹیک، یونیورسٹی آف کنیکٹیکٹ، میری لینڈ اور UC برکلے سمیت متعدد جامعات کے روابط سامنے آئے۔ فنڈنگ میں تحقیقی معاہدے، گرانٹس، ٹیوشن ادائیگیاں اور دیگر مالی معاونت شامل ہے۔ تحقیق کے موضوعات میں نگرانی، خودکار پرواز، انسانی سرگرمیوں کی شناخت، ہدف شناسی (بقیہ نمبر 22 صفحہ 6پر)

ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر زرکون ایشین ڈویلپمنٹ بینک کے نمائندوں سے بلوچستان میں فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے نئے منصوبوں کے حوالے سے آن لائن میٹنگ کر رہے ہیں

کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ ڈیجیٹل خواندگی پروگرام کے موقع پر کاروباری خواتین میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، کوئٹہ اور حب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے
آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس 32266 فیکس 32755

جمعہ 04 ستمبر 2026ء

صحت کے شعبہ میں اصلاحات

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبہ میں اصلاحات اور معیاری طبی سہولتوں کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھے ہوئے ہے، صوبے کے غریب اور مستحق عوام کو بہتر اور معیاری علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، جس کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، صحت کے شعبہ میں بہتری کے لئے صرف طبی مراکز اور جدید آلات کافی نہیں، بلکہ تربیت یافتہ اور باصلاحیت افرادی قوت بھی بنیادی اہمیت رکھتی ہے، صوبائی حکومت میرٹو کریسی کے فروغ اور اداروں میں اہل افراد کی تعیناتی کے اصول پر کاربند ہے، تاکہ سرکاری نظام میں پیشہ ورانہ صلاحیت اور کارکردگی کو یقینی بنایا جاسکے، بلوچستان میں صحت اور تعلیم کے شعبوں کے لئے بجٹ میں سب سے زیادہ فنڈز مختص کئے جاتے ہیں، لیکن دونوں شعبے زبوں حالی کا شکار ہیں، ہم وزیر اعلیٰ کے اس موقف سے متفق ہیں کہ تربیت یافتہ اور باصلاحیت افرادی قوت سے ہی صحت کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جاسکتا ہے، سرکاری ہسپتالوں پر کثیر رقوم خرچ ہوتی ہیں، لیکن ان ہسپتالوں کی کارکردگی سے عوام مطمئن نہیں، لوگ پرائیویٹ ہسپتالوں سے علاج معالجہ کرانے کے لئے رجوع کرتے ہیں، اگر سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں پر ڈاکٹرز اور طبی عملہ خصوصی توجہ دے تو وہ بھاری فیس ادا کرکے نجی ہسپتالوں اور کلینکس میں جانے پر مجبور نہ ہوں، صحت کے شعبہ میں اصلاحات لانے کے لئے خصوصی کمیٹی تشکیل دی جانی چاہیے جس میں ماہرین طب شامل ہوں صحت کے نظام کو مضبوط بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانا ہوگا۔

نکاسی آب کا مسئلہ

کوئٹہ شہر میں سڑکوں اور گلیوں میں نالیوں کا گندا پانی بہتا دکھائی دیتا ہے، ہم میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

"نعرہ بازوں" کا ہجوم

تحریر۔ مجیب الرحمٰن شامی

اسلام آباد میں وفاقی حکومت کے زیر انتظام چلنے والے سب سے بڑے ہسپتال "پمز" (پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز) میں بچوں کی نرسری عین اُس دن آتشیں دھماکے سے اُڑ گئی جب پوری پاکستانی قوم بلکہ پورا عالم اسلام اپنے رسول اکرم و معظم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی ولادت کا جشن منا رہا تھا۔ پاکستان کے مختلف شہروں میں فوجی دستے توپوں کی سلامی اپنے آقا و مولاؐ کے حضور پیش کر رہے تھے کہ اِس الم ناک خبر نے منظر تبدیل کر دیا، مسرت کے لمحات غم کی گھڑیوں میں تبدیل ہو گئے۔ 14 نومولود لقمہ اجل بن گئے تھے، ایک، ایک دو، دن کے بچے بن کھلے مرجھا گئے تھے۔ پورا ملک سوگ میں ڈوب گیا، ہر شخص کو یوں محسوس ہو رہا تھا کہ اُس کا بچہ اُس سے چھین لیا گیا ہے۔ تحقیقات کے مطالبے ہونے لگے، ذمہ داروں کو سزا دینے پر زور دیا جانے لگا۔ ...

کے (بزعم خود) عوامی غم و غصے کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی لیکن "پمز" کے اندر اور باہر کسی کو چین نہیں تھا۔ اِس کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے اپنی کمیٹی بنا دی، سی ڈی اے حرکت میں آئی اور تحقیق و تفتیش کے لئے اپنے کارندے میدان میں اتار دیے۔ شہری انتظامیہ بھی لنگر لنگوٹ کس کر میدان میں اُتر آئی اور ذمہ داروں سے تفتیش کے لئے اپنی حرکات کا مظاہرہ کرنے لگی۔ اِسی پر بس نہیں ہوا، قومی اسمبلی اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹیاں بھی ہڑبڑا کر اُٹھیں۔ اُن کے ارکان دندناتے ہوئے جائے وقوعہ پر پہنچے، وزیراعظم اور وزیر صحت کے لتے لینے لگے۔ استعفوں کا مطالبہ زور پکڑ گیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال جو سانحہ گل پلازہ کے بعد سندھ حکومت کے ذمہ داروں سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے پائے گئے تھے، اب پیپلز پارٹی اور اُس کے ہم نواؤں کی زد پر تھے۔ ...

ثناء کھوڑو کی تحریک التوا یا تحریک "پیش بندی"؟

تحریر۔ نصرت جاوید

امریکی فوجی صدر اور ہمارے آئین شکن

تحریر۔ ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

لوڈشیڈنگ میں نیند کی تلاش

تحریر۔ نسیم شاہد

پاک ازبک تعلقات

تحریر۔ پی ایم اعوان

شاہ جنات

تحریر۔ عبداللہ طارق سہیل

وزیراعظم شہباز شریف کی دلچسپی، برادر ممالک اور معاشی امکانات

تحریر۔ محمود خان

☆☆☆☆☆☆☆☆☆ کوئٹہ، لہڑی ہاؤس میں ممتاز ٹرانسپورٹر قبائلی رہنما الحاج میر فیروز خان لہڑی کی برسی کے موقع پر میر دولت لہڑی، میر حشمت لہڑی، میر ذوالفقار لہڑی، میر فیصل بلوچ اور دیگر کی موجودگی میں قرآن خوانی کے بعد ایصال ثواب کیلئے لنگر تقسیم کیا جارہا ہے۔☆☆☆☆☆☆☆☆☆

آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کا حکومتی اقدام کا بھرپور خیر مقدم

کیمیکل شدہ دودھ مختلف بیماریوں اور صحت کے مسائل کا باعث بن سکتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن کے صدر الطاف حسین گجر، حاجی شوکت جدون، ملک اسلم، حاجی یونس، حاجی باسط، حاجی ماجد، بلال جدون، حاجی عبدالباری جدون، عرفان گجر، عرفان خلجی، حاجی خادم حسین مینگل اور محمد احسن سمیت ایسوسی ایشن کے تمام ممبران نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی جانب سے ناقص، ایکسپائر، کیمیکل شدہ خشک دودھ کے خلاف پابندی عائد کرنے کے اقدام کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسوسی ایشن اس اقدام کو عوام کے بہترین مفاد اور بلوچستان کی ڈیری صنعت کے لیے انتہائی خوش آئند اور مثبت پیش رفت قرار دیتی ہے اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کو اس اہم اقدام پر خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ آل بلوچستان ڈیری فارمرز ایسوسی ایشن نے ہمیشہ ناقص، ایکسپائر، کیمیکل شدہ اور خشک دودھ کے مسئلے کو متعلقہ حکام کے سامنے اجاگر کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کا موقف رہا ہے کہ غیر معیاری دودھ نہ صرف مقامی ڈیری فارمرز اور بلوچستان کی ڈیری صنعت کو شدید نقصان پہنچا رہا ہے بلکہ عوامی صحت کے لیے بھی ایک سنگین خطرہ ہے۔ خصوصاً بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کے لیے غیر معیاری اور کیمیکل شدہ دودھ مختلف بیماریوں اور صحت کے مسائل کا باعث بن سکتا ہے۔ اس لیے عوام کو خالص، صاف اور معیاری دودھ کی فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسوسی ایشن کو امید ہے کہ ناقص، ایکسپائر، کیمیکل شدہ اور خشک دودھ کے خلاف عائد کی گئی پابندیوں پر سختی سے اور بلاامتیاز عملدرآمد کیا جائے گا، جس سے ایک طرف عوام کو معیاری دودھ دستیاب ہوگا۔

گورنمنٹ ڈگری کالج نال میں فرسٹ ایئر کے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں ویلکم پارٹی

طلبہ وطالبات کو اپنی تمام تر توجہ تعلیم کے حصول اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے پر مرکوز کرنی چاہیے، مقررین

کوئٹہ (آن لائن) نال گورنمنٹ ڈگری کالج نال میں فرسٹ ایئر کے طلبہ وطالبات کے اعزاز میں شاندار ویلکم پارٹی کا انعقاد نال گورنمنٹ ڈگری کالج نال میں فرسٹ ایئر کے نئے آنے والے طلبہ و طالبات کے اعزاز میں ایک پروقار اور شاندار ویلکم پارٹی کا انعقاد کیا گیا، جس میں کالج کے طلبہ و [illegible] ہائی اسکول نال کے ہیڈ ماسٹر حنیف صاحب، مولانا مولا بخش عبدالوہاب صاحب، محمد اسلم بلوچ وحید رزاق اور دیگر نے خطاب کیا۔ مقررین نے فرسٹ ایئر کے طلبہ وطالبات کو کالج میں خوش آمدید کہتے ہوئے تعلیم کی اہمیت، محنت، نظم و ضبط اور مثبت سرگرمیوں میں حصہ لینے پر زور دیا۔ مقررین کا کہنا تھا [illegible]

سنجاوی، محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے ویکسینیشن مہم جاری

[illegible]

لورالائی سیہاب ندی میں ویٹرنری موبائل امدادی کیمپ

مالداروں کو مویشیوں کے لیے ادویات اور ویکسین فراہم کیں گئی

[illegible]

شہید غلام رسول کٹبار کی نماز جنازہ جعفرآباد میں پورے اعزاز کے ساتھ ادا

جعفرآباد (خ ن) ڈیرہ اللہ یار کے سپوت اور فرنٹیئر کور (ایف سی) کے جوان غلام رسول کٹبار نے وطن عزیز کی حفاظت کے دوران اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرلیا۔ شہید غلام رسول کٹبار کی نماز جنازہ جعفرآباد میں پورے اعزاز کے ساتھ ادا کی گئی، جہاں ایف سی کے چاق وچوبند دستے نے شہید کو سلامی پیش کی۔ نماز جنازہ میں کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی، کمانڈنٹ عثمان اسلم ایف سی کے کرنل رضوان طیب، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران، سیکیورٹی اداروں کے اہلکاروں، سیاسی و سماجی رہنماؤں، قبائلی عمائدین، معتبرین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر شہید غلام رسول کٹبار کی بہادری، فرض شناسی اور وطن سے والہانہ محبت کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

لورالائی میڈیکل کالج کی نشستیں 50 سے بڑھا کر 100 کردی گئیں

سیکریٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی مسلسل نگرانی اور عملی کاوشوں کا نتیجہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان محکمہ صحت حکومت بلوچستان نے کہا ہے کہ پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (PM&DC) نے لورالائی میڈیکل کالج کی سالانہ نشستوں کی تعداد 50 سے بڑھا کر 100 کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ بلوچستان میں طبی تعلیم کے فروغ، ڈاکٹروں کی کمی دور کرنے اور مقامی طلبہ کے لیے میڈیکل کی تعلیم کے مواقع بڑھانے کی جانب ایک تاریخی کامیابی ہے۔ ترجمان کے مطابق پی ایم اینڈ ڈی سی کے معائنہ کاروں نے 17 اور 18 اگست کو لورالائی میڈیکل کالج کا تفصیلی معائنہ کیا تھا، جس کے دوران تدریسی سہولیات، فیکلٹی، منسلک تدریسی ہسپتال، انفراسٹرکچر اور دیگر ضروری انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ مطلوبہ تقاضوں کی تکمیل کے بعد کالج کو 100 نشستوں کے لیے منظور کیا گیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ یہ اہم کامیابی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی قیادت اور سیکریٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی مسلسل نگرانی اور عملی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ موجودہ صوبائی حکومت طبی تعلیم کی توسیع، میڈیکل کالجوں کے معیار اور استعداد میں اضافے اور صوبے کے نوجوانوں کو اپنے علاقوں میں معیاری طبی تعلیم کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ اس سے قبل کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کے اعلیٰ سطحی وفد نے لورالائی اور تربت کا دورہ کیا تھا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کے دورے کو مؤثر اور نتیجہ خیز بنانے کے لیے اپنا خصوصی طیارہ فراہم کیا، جس کے بعد لورالائی اور تربت کے متعلقہ تدریسی ہسپتالوں کو سی پی ایس پی کی پوسٹ گریجویٹ ٹریننگ سائٹس قرار دیا گیا۔ اس پیش رفت سے بلوچستان کے ڈاکٹروں کے لیے تخصصی طبی تربیت اور پوسٹ گریجویٹ تعلیم کے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ ترجمان کے مطابق صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور سیکریٹری صحت مجیب الرحمن پانیزئی کی نگرانی میں طبی تعلیمی اداروں کو پی ایم اینڈ ڈی سی اور سی پی ایس پی کے مطلوبہ معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مربوط اقدامات جاری ہیں۔

کوئٹہ، ہارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام این ای ڈی کے تعاون سے خواتین کی غیر رسمی ضلعی اسمبلی ڈبلیو آئی ڈی اے کے اجلاس میں خواتین اظہار خیال کر رہی ہیں

6 ستمبر یوم دفاع کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی کی زیر صدارت 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کی تقریبات کے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر میٹنگ ہال خضدار میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ لوکل گورنمنٹ کے چیف افسر عبیداللہ بلوچ ایجوکیشن افیسر خضدار نیاز اللہ سالانی ڈسٹرکٹ لائیو سٹاک افیسر ڈاکٹر محمد انور [illegible]

درختوں کی آبیاری نئی نسل کی آبیاری کے مترادف ہے، طاہر ہمایوں

آنے والی نسلوں کو صاف اور صحت مند فضا فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں

سبی (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سبی طاہر ہمایوں نے کہا ہے کہ درخت ہمارا قومی اثاثہ [illegible] افسران بھی موجود تھے۔ مون سون شجرکاری مہم کے دوران ڈسٹرکٹ سیشن جج سبی طاہر ہمایوں نے میڈیا [illegible]

الیکٹرک بسوں کا پبلک ٹرانسپورٹ نیٹ ورک قائم کیا جائے، سینیٹر محمد عبدالقادر

[illegible]

یونیورسٹی آف گوادر میں داخلوں کی آخری تاریخ 15 ستمبر تک بڑھادی گئی

[illegible] زولوجی، انگلش، پوسٹ ایسوسی ایٹ پروگرامز، ایم ایس مینجمنٹ سائنسز، ایم ایس کیمسٹری اور پی ایچ ڈی مینجمنٹ سائنسز شامل ہیں۔ امیدوار آن لائن درخواست ug.edu.pk کے ذریعے جمع کرا سکتے ہیں، جبکہ داخلہ فارم downloadsug.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ داخلہ معلومات و رہنمائی: 8692+ 808793132192+|4210422- admissions@ug.edu.pk یونیورسٹی آف گوادر نے اہل امیدواروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ 15 ستمبر 2026 کی آخری تاریخ سے قبل اپنی درخواستیں جمع کرائیں۔

خضدار، ضلعی ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال میں بنیادی سہولیات کا فقدان

[illegible]

خضدار (آن لائن) ضلعی ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں دوائیوں سمیت علاج معالجہ اور صحت کی بنیادی سہولیات کا مکمل فقدان ہے پورے ہسپتال تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے لوگوں کے علاج ومعالجہ کی کوئی بھی سہولتیں موجود نہیں ہے لاکھوں نفوس کی آبادی والے شہر کے ہسپتال گندگی غلاظت اور بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگی ہے مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے سرکاری ہسپتال میں ادویات کی قلت ضروری ٹیسٹیں سے باہر سے کرنا پڑتا ہے غریب لاچار بے کس مریض رل گئی ہے تفصیلات کے مطابق خضدار کا ہاسپٹل بلوچستان کا واحد ہسپتال ہے آجکل عدم توجہی کا شکار ہوکر کھنڈرات میں تبدیل ہوچکی ہے مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے ہاسپٹل بھوت بنگلہ کا منظر پیش کررہی ہے مریضوں ہسپتال سے ایک سے پیناڈول اور ایک سرنج تک میسر نہیں ہے اس دور مہنگائی میں غریب مریض بازار سے دوائیاں خریدی جاتی ہے محکمہ صحت کی جانب سے دوائیوں کا کوٹہ کو بڑھائی جائے خضدار میں ایک میڈیا سروے کے مطابق ضلع کا واحد ہسپتال لاوارث ہے یہاں کے عوامی نمائندگان صرف بینک بیلنس بڑھانے کی چکر میں لگی ہوئی ہے ہسپتال تباہی کے دہانے پر لاکھڑا ہے ایک طرف علاج ومعالجہ کی سہولیتیں ناپید ہے دوسری طرف صفائی کی صورتحال ناقص پینے کی صاف پانی اور صحت مند انسان ہسپتال کے اندر جاکر بدبو گندگی غلاظت کی وجہ سے مریض بن جاتی ہے ہسپتال بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگی ہے ان پر کوئی توجہ دینے والا نہیں ہے ہسپتال کے متعلق عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ محکمہ صحت خضدار کے واحد ہسپتال میں سہولتیں فراہم کئے جائے ہسپتال میں ایکسرے مشین، الٹراساؤنڈ اور ضروری ٹیسٹیں بھی غریب لوگ باہر سے پرائیویٹ لیبارٹریوں سے کروائی جاتی ہے۔

☆☆☆ گوادر/پسنی؛ محکمہ فشریز اینڈ کوسٹل ڈویلپمنٹ بلوچستان کی ریسرچ آفیسر نگہت دین پسنی میں زیر تعمیر مائیکرو لیب اور ماڈل مارکیٹ کا معائنہ کررہی ہیں ☆☆☆

گوادر یونیورسٹی میں 120 طلبہ میں بلوچستان ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ اسکالرشپ کے چیکس تقسیم

گوادر (آن لائن) یونیورسٹی آف گوادر میں بلوچستان ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ (بی ای ای ایف) کی جانب سے اسکالرشپ چیکس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں میرٹ کی بنیاد پر منتخب 120 باصلاحیت اور مستحق طلبہ میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں ڈاکٹر دولت خان، رجسٹرار یونیورسٹی آف گوادر، ڈاکٹر رحیم بخش مہر، کنٹرولر امتحانات، عبید علی ڈائریکٹر فنانشل ایڈ اور ماجد قادر، ڈپٹی رجسٹرار نے شرکت کی۔ یونیورسٹی افسران نے مشترکہ طور پر 120 مستحق طلبہ میں بی ای ای ایف اسکالرشپ کے چیکس تقسیم کیے۔ یہ مالی معاونت طلبہ کو اپنی اعلیٰ تعلیم جاری رکھنے اور اسے مکمل کرنے میں مدد فراہم کرے گی۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر دولت خان نے وائس چانسلر، یونیورسٹی آف گوادر کی جانب سے بی ای ای ایف کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیمی اخراجات پورے کرنے اور اپنی تعلیم مکمل کرنے کے لیے مالی معاونت فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اقدامات مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں کو مالی [illegible] صوبے میں [illegible] ترقی اور نوجوانوں کی معاونت کے لیے بی ای ای ایف کی مسلسل کاوشوں کو سراہا اور اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کے نوجوانوں پر سرمایہ کاری صوبے کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔

کوئٹہ، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سے ایپکا ضلع کوئٹہ کے نائب صدر غلام نبی کی قیادت میں کمیٹی کے وفد کی ایپکا کے ملازمین کیلئے پشین تا لورالائی روٹ کیلئے نئی بسوں کی درخواست کے سلسلے میں ملاقات کے بعد ملازمین کے ہمراہ گروپ فوٹو

عوام کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، رحمت اللہ درانی

مؤثر رابطہ معاشرے میں امن اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے ضروری ہے

گنداواہ (این این آئی) ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ درانی سے مقامی صحافیوں اور میڈیا نمائندگان نے ایس پی آفس جھل مگسی میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع کی امن وامان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام، منشیات کے خلاف کارروائیوں اور مطلوب و مفرور ملزمان کی گرفتاری سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او گنداواہ سرکل ذوالفقار علی پندرانی، انچارج پراسیکیوشن برانچ وحید احمد شہپوست، او ایس آئی برانچ طالب حسین ساسولی اور مقامی صحافی بھی موجود تھے۔ ایس پی جھل مگسی نے میڈیا نمائندگان کو ضلع میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے پولیس کی جانب سے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ اشتہاری ومفرور ملزمان کی گرفتاری، منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی اور جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔ بعدازاں ایس پی جھل مگسی اور ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او گنداواہ سرکل نے صحافیوں کے ساتھ پریس کانفرنس بھی کی، جس میں میڈیا نمائندگان نے امن وامان، منشیات، جرائم اور مطلوب ملزمان سے متعلق مختلف سوالات کیے، جن کے جوابات پولیس افسران نے دیے۔ ایس پی جھل مگسی رحمت اللہ درانی نے کہا کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے امن وامان کے قیام اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں مقامی میڈیا کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پولیس اور میڈیا کے درمیان مؤثر رابطہ معاشرے میں امن اور عوامی اعتماد کے فروغ کے لیے ضروری ہے۔ ملاقات کے اختتام پر پولیس اور میڈیا کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا گیا۔

ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں ٹرکوں کی گنجائش مکمل طور پر ختم ہوچکی ہے، نور محمد شاہوانی

فوری طور پر اضافی زمین فراہم نہ کی گئی تو ٹرانسپورٹرز کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صوبائی صدر حاجی نور محمد شاہوانی، حاجی روزی خان مندوخیل، حاجی محمد گل کاکڑ، عطا اللہ خان کاکڑ، حاجی داود کرد، حاجی اسماعیل لہڑی، حاجی مراد خان کاکڑ، منی مزدا گڈز ٹرک اونرز کے چیئرمین بابو جان رئیسانی، ظہیر شاہ اور شعیب خان کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں ٹرکوں کی گنجائش مکمل طور پر ختم ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں پارکنگ کی سہولیات نہ ہونے کے باعث ہمارے باوزر، ٹریلر، ہیوی کنٹینرز اور دیگر مال بردار گاڑیاں سڑکوں پر کھڑی رہنے پر مجبور ہیں، جس سے نہ صرف ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ ٹریفک کے مسائل بھی پیدا ہورہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں موجودہ پارکنگ کی گنجائش ناکافی ہوچکی ہے اور ٹرانسپورٹ کا شعبہ مسلسل بڑھنے کے باوجود اڈے کی توسیع پر کوئی خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ اگر فوری طور پر اضافی زمین فراہم نہ کی گئی تو ٹرانسپورٹرز کے مسائل میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے صوبائی حکومت بلوچستان سے پرزور مطالبہ کیا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی کی توسیع کے لیے فوری طور پر مزید سرکاری زمین الاٹ کی جائے اور ٹرانسپورٹرز کو مناسب پارکنگ کی سہولت فراہم کی جائے، تاکہ بھاری گاڑیوں کو سڑکوں پر کھڑا کرنے کی مجبوری ختم ہو اور ٹرانسپورٹرز بلا رکاوٹ اپنا کاروبار جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت ٹرانسپورٹ کے شعبے کو ملکی وصوبائی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھتے ہوئے ٹرک اڈہ ہزار گنجی کی توسیع کا مسئلہ ہنگامی بنیادوں پر حل کرے۔ ٹرانسپورٹرز کو درپیش اس بنیادی مسئلے کو مزید نظرانداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں ہوگا۔

SNIDs مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی کا اجلاس

متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور مؤثر کوآرڈینیشن کی ضرورت پر زور

شیرانی (خ ن) میں منعقد ہونے والی SNIDs مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس شیرانی میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے کی، جبکہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سیف الدین بگٹی نے شریک صدارت کیا جلاس میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (DEOC) کی کور ٹیم، پارٹنر اداروں کے نمائندگان اور مختلف متعلقہ سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران آئندہ SNIDs مہم کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء کو مہم کے انتظامی وعملی امور کے حوالے سے بریفنگ دی گئی، جبکہ یونین کونسل سطح پر تعیناتی عملے کی مؤثر تربیت، ٹیموں کی استعداد کار میں بہتری اور مہم کے دوران بہتر رابطہ کاری کو یقینی بنانے پر خصوصی زور دیا گیا اجلاس میں مہم کے دوران درپیش ممکنہ آپریشنل مسائل پر بھی غور کیا گیا اور ان کے بروقت حل کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی تعاون اور مؤثر کوآرڈینیشن کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ مزید برآں، ضلع کے تمام علاقوں میں بچوں تک رسائی اور زیادہ سے زیادہ کوریج یقینی بنانے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیو جیسے موذی مرض کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مشترکہ ذمہ داری اور بھرپور عزم کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔

نہال بگٹی کی کارکردگی قابل ستائش ہے، شہیک مری

کوہستان مری (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ڈویلپمنٹ آفیسر نہال بگٹی کی کارکردگی کو نوجوان رہنما شہیک مری نے قابل ستائش قرار دیتے ہوئے سوشل میڈیا پر ان کے خلاف مبینہ منفی مہم کی مذمت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہستان مری سے تعلق رکھنے والے نوجوان رہنما شہیک مری نے اپنے ایک پریس ریلیز میں کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے ڈویلپمنٹ آفیسر نہال بگٹی کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہال بگٹی ضلع میں ترقیاتی امور کی انجام دہی کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہے ہیں۔ شہیک مری کا مزید کہنا تھا کہ نہال بگٹی کے خلاف سوشل میڈیا پر ایک منظم انداز میں مبینہ منفی مہم چلائی جارہی ہے، جو قابل مذمت ہے۔

تیسرا آل بلوچستان شہید میر زیب لانگو اسنوکر ٹورنامنٹ کا فائنل اختتام پذیر

زیب خان نے جہانزیب جہانگیر کو 0-4 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) تاج محل اسنوکر کلب کوئٹہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے تیسرے آل بلوچستان شہید میر زیب لانگو اسنوکر ٹورنامنٹ 2026 کا شاندار فائنل منعقد ہوا، جس میں بلوچستان بھر سے 86 نامور اسنوکر کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ ناک آؤٹ سسٹم کے تحت کھیلا گیا، جس کے فائنل میں زیب خان اور جہانزیب جہانگیر کے درمیان دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلہ ہوا۔ فائنل میچ بیسٹ آف سیون پر مشتمل تھا، تاہم زیب خان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے جہانزیب جہانگیر کو 4-0 سے شکست دے کر ٹورنامنٹ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے فائنل میں بہترین کھیل پیش کیا، جبکہ میچ دیکھنے کے لیے اسنوکر سے محبت کرنے والے سینکڑوں شائقین موجود تھے، جنہوں نے دونوں کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ ٹورنامنٹ کے فاتح کھلاڑی کے لیے 30 ہزار روپے نقد انعام اور اعزازی ٹرافی جبکہ رنراپ کھلاڑی کے لیے 15 ہزار روپے نقد اور ٹرافی رکھی گئی تھی۔ سیمی فائنلسٹ کھلاڑیوں کے لیے بھی 2500 روپے نقد انعام مقرر کیا گیا تھا۔ ان انعامات کا مقصد کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور بلوچستان میں اسنوکر کے کھیل کو مزید فروغ دینا ہے۔ تقریب کے چیف گیسٹ حاجی دریا خان بگٹی تھے، جبکہ ٹورنامنٹ کے صدر حاجی شبیر لانگو، ٹورنامنٹ آرگنائزر ماجد یوسفزئی، قربان بگٹی، قمر دین بگٹی، حاجی غفار بگٹی، بادل خان بگٹی اور جہانگیر اسنوکر کلب کے مالک حاجی نور حسین رئیسانی، لارڈز کلب کے مالک محمد حنیف محمد حسنی اور بلوچستان کے ایک معروف کھلاڑی مصطفیٰ ہزارہ سمیت دیگر معززین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیف گیسٹ حاجی دریا خان بگٹی نے نوجوان کھلاڑیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور معاشرے میں صحت مند ماحول پیدا کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ ٹیلنٹ رکھتے ہیں، انہیں صرف مناسب مواقع، سہولیات اور حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسنوکر سمیت تمام کھیلوں کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں اور ایسے ٹورنامنٹس کا انعقاد نوجوان کھلاڑیوں کے لیے اپنی صلاحیتیں منوانے کا بہترین پلیٹ فارم ہے۔ حاجی دریا خان بگٹی نے تاج محل اسنوکر کلب کی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کلب انتظامیہ کے لیے 2 لاکھ روپے نقد دینے کا اعلان کیا، جبکہ ٹورنامنٹ کے محنتی ریفری زکریا کے لیے بھی 10 ہزار روپے نقد انعام کا اعلان کیا گیا۔ ٹورنامنٹ کی کامیابی میں انتظامیہ کی دن رات کی محنت کو بھی سراہا گیا۔ انتظامیہ میں نائب صدر تابش پرویز مسیح، جنرل سیکرٹری رابش پرویز، سیکرٹری ٹورنامنٹ ماجد یوسفزئی، خزانچی ضمیر اور تاج محل اسنوکر کلب کے دیگر ممبران شامل تھے۔

کوئٹہ، ہارڈ بلوچستان کے زیر اہتمام این ای ڈی کے تعاون سے خواتین کی غیر رسمی ضلعی اسمبلی ڈبلیو آئی ڈی اے کے اجلاس کے موقع پر خواتین کا گروپ فوٹو

دکانوں کی الاٹمنٹ کا عمل بلاتاخیر شروع کیا جائے، میر حیدر خان جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) سابق رکن بلوچستان اسمبلی میر حیدر خان جمالی نے کہا ہے کہ ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد کی دکانوں کی الاٹمنٹ کا عمل بلاتاخیر شروع کیا جائے کیونکہ دکانوں کی الاٹمنٹ سے نہ صرف مقامی افراد کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے بلکہ علاقے میں کاروباری سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آن لائن سے بات چیت کرتے ہوئے کیا میر حیدر خان جمالی نے کہا کہ ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی کی دکانوں کو فعال بنانے سے زمینداروں اور کاشتکاروں کو بھی براہ راست فائدہ پہنچے گا جہاں انہیں کھاد زرعی ادویات اور دیگر زرعی ضروریات باآسانی دستیاب ہوسکیں گی۔ اس سے زمینداروں کو زرعی مداخل کی خریداری کے لیے دور دراز علاقوں کا رخ نہیں کرنا پڑے گا اور ان کا قیمتی وقت اور اخراجات بھی بچیں گے۔ میر حیدر خان جمالی نے کہا کہ اوستہ محمد ایک زرعی علاقہ ہے اور یہاں ایگریکلچر مارکیٹ کمیٹی کو فعال اور مؤثر بنانے کی اشد ضرورت ہے۔ دکانوں کی الاٹمنٹ سے نہ صرف مارکیٹ کمیٹی کی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا بلکہ مقامی سطح پر تجارت کو فروغ، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور زراعت سے وابستہ افراد کو سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے ڈائریکٹر ایگریکلچر، ڈپٹی کمشنر ضلع اوستہ محمد اور چیئرمین مارکیٹ کمیٹی سے مطالبہ کیا کہ دکانوں کی الاٹمنٹ کے معاملے پر باہمی مشاورت سے فوری فیصلہ کیا جائے۔

لورالائی کو ایک پرامن اور جرائم سے پاک ضلع بنایا جائیگا، ڈاکٹر فہد احمد

شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

لورالائی (خ ن) ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے ایس ایس پی کمپلیکس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ لورالائی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب اور مؤثر کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے موٹر سائیکل چوری اور چھیننے کی وارداتوں میں ملوث مختلف گروہوں کا سراغ لگا کر متعدد ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے، جبکہ ان کے قبضے سے 27 مسروقہ موٹر سائیکلیں بھی برآمد کرلی گئی ہیں، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 37 لاکھ 79 ہزار روپے بنتی ہے ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد نے بتایا کہ لورالائی پولیس نے جدید اور مؤثر تفتیشی طریقہ کار، خفیہ اطلاعات، تکنیکی ذرائع، شہریوں کے تعاون اور مسلسل پولیس کارروائیوں کے ذریعے موٹر سائیکل چوری میں ملوث 4 سے 5 مختلف گروہوں کا سراغ لگایا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے بڑی تعداد میں مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں انہوں نے بتایا کہ برآمد ہونے والی 27 موٹر سائیکلوں میں سے 23 موٹر سائیکلیں مختلف علاقوں سے چوری کی گئی تھیں، جبکہ 4 موٹر سائیکلیں اسلحہ کے زور پر شہریوں سے چھینی گئی تھیں۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کرلیا گیا ہے ایس ایس پی نے کہا کہ شہر میں بالخصوص سول ہسپتال، بینکوں، مارکیٹوں، اہم شاہراہوں، ہوٹلوں اور دیگر عوامی مقامات سے موٹر سائیکل چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کا پولیس نے سختی سے نوٹس لیا۔ جرائم پیشہ عناصر بالخصوص ایسے شہریوں کو نشانہ بناتے تھے جو ہسپتالوں میں ایمرجنسی کی صورت میں، بینکوں یا خریداری کے لیے بازاروں میں اپنی موٹر سائیکلیں کھڑی کرتے تھے انہوں نے کہا کہ پولیس نے ان وارداتوں کی روک تھام کے لیے خصوصی حکمت عملی مرتب کی اور مربوط انٹیلی جنس وتفتیشی اقدامات کے ذریعے موٹر سائیکل چوری اور چھیننے میں ملوث گروہوں تک رسائی حاصل کی۔ کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں نہ صرف ملزمان کو گرفتار کیا گیا بلکہ شہریوں کی قیمتی املاک بھی برآمد کرکے ان کی واپسی کے لیے قانونی کارروائی عمل میں لائی جارہی ہیڈاکٹر فہد احمد نے کہا کہ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات کے مطابق مزید تحقیقات جاری ہیں اور ٹھوس شواہد کی بنیاد پر انہیں قانون کے کٹہرے میں لاکر قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لورالائی پولیس عوام کے جان ومال کے تحفظ، امن وامان کے قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کے لیے پوری طرح متحرک ہے۔ کسی بھی شخص یا گروہ کو قانون ہاتھ میں لینے یا شہریوں کے جان ومال کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

کوئی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے، خالد خان

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس این آئی ڈی ستمبر 2026 کے تحت 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں، انتظامات اور حکمت عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران اور متعلقہ حکام نے شرکت کی، جبکہ این اسٹاف ڈاکٹر عبدالغفار سولنگی نے پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے ٹیموں، ٹارگٹ بچوں اور دیگر انتظامات سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ قومی ذمہ داری ہے، اس لیے مہم کے دوران تمام متعلقہ محکمے اور پولیو ٹیمیں بھرپور محنت، ذمہ داری اور باہمی رابطے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں، کوئی بچہ پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے اور مہم کی کامیابی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے احکامات دیے کہ گزشتہ پولیو مہم میں جو کمی بیشی رہ گئی تھی اس کو اس پولیو مہم کے دوران ہرگز نہیں دہرایا جائے گا۔

محکموں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مؤثر بنایا جائے، قادر بخش

نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا

خضدار (خ ن) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی کی زیر صدارت (BSDI) اور (PSDP) کمیٹی 2026 اور 2025 کے فیز 1 فیز 2 کے ترقیاتی منصوبوں صحت ایجوکیشن اور دیگر محکموں کی ماہانہ کارکردگی کے حوالے سے کمشنر کانفرنس روم میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ ڈائریکٹر ڈیولپمنٹ خضدار ڈویژن ڈاکٹر لطف الرحمن اے ڈی ایل جی سوراب سعید احمد ساسولی میونسپل کمیٹی سوراب کے چیف افیسر عبدالخالق شاہوانی ڈسٹرکٹ کونسل سوراب کے چیف افیسر سعید احمد ریکی ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک افیسر ڈاکٹر محمد یاسین ایس ڈی او سی اینڈ ڈبلیو بلڈنگ مقصود احمد اور سوراب ڈسٹرکٹ کے متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص (BSDI) فیز 1 اور فیز 2 کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ نے تفصیلی بریفنگ دی۔ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، صحت ایجوکیشن سی این ڈبلیو لوکل گورنمنٹ لائیو اسٹاک ایگریکلچر اور دیگر محکموں کی منصوبوں کی پیش رفت اور درپیش مسائل سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہ کی جائے۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، محکموں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے اور منصوبوں کو شفافیت، معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے۔ کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی نے مزید ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں ایسے منصوبوں کی بھی نشاندہی کی جائے جن کی تکمیل سے عوام کو فوری اور زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر مختلف ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے، نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی مفاد کو اولین ترجیح دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

انڈیپینڈنٹ پینل کی جانب سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی انتخابی مہم کے سلسلے میں دیئے گئے عشائیہ کے شرکاء کے موقع پر سپریم کورٹ بار کے سابق نائب صدر سلیم اختر ایڈووکیٹ امیدواروں کو پگڑیاں پہنا رہے ہیں

کوئٹہ، انڈیپینڈنٹ پینل کے رہنما خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ کی جانب سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے حوالے سے وکلاء کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے کے موقع پر خلیل احمد پانیزئی ایڈووکیٹ کا صدارتی امیدوار سید امجد شاہ ایڈووکیٹ، عارف اعوان، سلیم اختر، عبداللہ خان، فہد مینگل، قاسم خان اور وکلاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بقیہ 1

کے معاملے پر بھی غور کرے گی۔ان کے بقول ایران کے حوالے سے اس ماہ ہماری بحث کا بنیادی موضوع جوہری مسئلہ ہوگا۔ہم ایران کی جانب سے اپنے جوہری وعدوں کی عدم پاسداری اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے ممکنہ نتائج کا جائزہ لیں گے۔فرانسیسی عہدیدار نے خطے میں ایران کی بڑھتی ہوئی کشیدگی اور آبنائے ہرمز کی بندش کے عالمی معیشت پر پڑنے والے اثرات کی بھی مذمت کی۔انہوں نے کہا کہ یہ بحث موجودہ زمینی حقائق سے الگ نہیں ہے بلکہ کئی پہلوؤں پر مشتمل صورتحال کے تناظر میں ہورہی ہے۔ان میں سے ایک خلیج کی موجودہ صورتحال، بالخصوص آبنائے ہرمز اور وہاں آزادانہ بحری آمدورفت کا مسئلہ ہے۔بونافون نے مزید کہا کہ آبنائے ہرمز میں مکمل بحری آمدورفت ابھی بحال نہیں ہوئی، جس کے بین الاقوامی صورتحال، عالمی معیشت اور عالمی غذائی تحفظ پر انتہائی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

بقیہ 2

دارالحکومت ریاض کو قریات شہر سے ملائے گی۔اس ٹرین میں 14 بوگیاں موجود ہوں گی جن میں 33 پرتعیش کمرے مسافروں کو دستیاب ہوں گے۔ہر بوگی میں سعودی ثقافت کے مختلف پہلوؤں کو خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔

بقیہ 3

سے نکالنے کے لیے سمندری، فضائی اور دیگر راستوں سے کارروائی کرنے کی تیاری رکھتی ہے۔اسرائیلی وزیر دفاع نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے غزہ کے فلسطینیوں کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی تجویز ختم نہیں ہوئی بلکہ اس پر اب بھی غور جاری ہے۔ان کے مطابق اس منصوبے پر عمل درآمد کے لیے امریکا کی منظوری ضروری ہوگی۔کاٹز نے دعویٰ کیا کہ غزہ کی بڑی تعداد میں آبادی وہاں سے نکلنا چاہتی ہے،تاہم حماس انہیں ایسا کرنے سے روک رہی ہے۔تاہم انہوں نے اس دعوے کے حق میں کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔

بقیہ 4

والوں میں 2 خواتین اور ایک بچہ بھی شامل ہے۔ترجمان کے مطابق زخمی ہونے والوں میں 61 خواتین اور 44 کم عمر افراد شامل ہیں، جن کی عمریں 18 سال سے کم ہیں۔دوسری جانب گزشتہ رات ایران کے مختلف علاقوں پر امریکی فضائی حملوں میں 12 شہری اور 7 فوجی اہلکار شہید ہوگئے، جب کہ 70 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔

بقیہ 5

علاقوں میں سیلابی صورتحال پیدا کی، حکام نے فوجیان میں اچانک آنے والے سیلابی ریلوں کے خطرے سے بھی خبردار کیا۔سیلابی ریلا اتنا شدید تھا کہ تین منزلہ مکان کو بہا لے گیا۔تاہم اس مخصوص مکان کے واقعے میں جانی نقصان یا مکینوں کی تعداد کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوسکی ہے۔

بقیہ 6

یا متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے، تاہم لاکھوں افراد اب بھی ان تک مناسب رسائی سے محروم ہیں۔اس کی بڑی وجوہات میں استطاعت سے باہر لاگت، دستیابی کے مسائل، ٹیکنالوجی تک محدود رسائی، ناکافی بنیادی ڈھانچہ اور خدمات، اور تربیت یافتہ افرادی قوت کی کمی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ معاون ٹیکنالوجی میں ایسی مصنوعات اور خدمات شامل ہیں جو روزمرہ زندگی میں نمایاں تبدیلی لانے کی صلاحیت رکھتی ہیں جن میں وہیل چیئرز، مصنوعی اعضا اور سماعت کے آلات سے لے کر مواصلاتی آلات، اسکرین ریڈرز اور دیگر ڈیجیٹل حل شامل ہیں۔یہ ٹیکنالوجیز ایک بچے کو اسکول جانے، ایک بالغ فرد کو روزگار اختیار کرنے، ایک بزرگ شخص کو خودمختاری برقرار رکھنے، اور معذوری یا بعض طبی حالات کے حامل افراد کو معاشرے میں زیادہ بھرپور شرکت کے قابل بنا سکتی ہیں۔سفیر عاصم افتخار احمد نے زور دیا کہ یہ محض مصنوعات یا آلات نہیں بلکہ انحصار اور خودمختاری، محرومی اور شمولیت، صلاحیت اور مواقع کے درمیان پل کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد معاون ٹیکنالوجی تک رسائی کو ترقی اور شمولیت کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ بناتی ہے اور تعلیم، روزگار، صحت، سماجی تحفظ اور معاشرے میں بامعنی شرکت کے ساتھ اس کے گہرے تعلق کو تسلیم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ قرارداد معیاری اور قابل استطاعت معاون ٹیکنالوجی تک پائیدار رسائی کا مطالبہ کرتی ہے، قومی حکمت عملیوں اور ترجیحی معاون مصنوعات کی فہرستوں کی تیاری کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، تحقیق وجدت، بہتر اعداد و شمار اور موزوں خریداری کے نظام کو فروغ دیتی ہے، اور معاون ٹیکنالوجی کے استعمال اور اس سے استفادہ کرنے والے افراد کی بامعنی شرکت کی اہمیت اجاگر کرتی ہے۔قرارداد کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے مستقل مندوب نے کہا کہ قرارداد بین الاقوامی تعاون، مالی معاونت اور تکنیکی مدد کو مضبوط بنانے پر زور دیتی ہے، بالخصوص ایسے ممالک کے لیے جو وسائل اور استعداد کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قرارداد اس حقیقت کو بھی تسلیم کرتی ہے کہ بحرانوں کے دوران معاون ٹیکنالوجی کی ضرورت ختم نہیں ہو جاتی، اور مسلح تنازعات اور قدرتی آفات سمیت ہنگامی حالات میں اس کی انسانی بنیادوں پر تیاری اور ردعمل کے نظام میں منظم شمولیت پر زور دیتی ہے۔

بقیہ 7

تہران کی جانب سے ایک نئی حکمت عملی کا سامنا کرنا پڑے گا۔غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں محسن رضائی نے کہا کہ ان بے سود کوششوں کے ذریعے امریکا نا صرف اس جہنم کی گہرائیوں سے نکلنے میں ناکام رہے گا جو اس نے اپنے لیے خود بنائی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ میدانِ جنگ، سفارت کاری اور معاشی محاصرے کا مقابلہ کرنے کے حوالے سے ایران کی نئی حکمتِ عملی امریکا کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دے گی۔

بقیہ 8

بھی ملک کی جانب سے ایران کو فراہم کی جانے والی مدد امریکا کو اپنے دفاع کے لیے ضروری کارروائی سے نہیں روک سکتی۔انہوں نے کہا کہ ایران کو جوہری ہتھیار کے حصول سے روکنا امریکا کا بنیادی اور مرکزی مقصد ہے اور جب تک صدر ڈونلڈ ٹرمپ اقتدار میں ہیں، ایران کو جوہری ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔آبنائے ہرمز کی صورتِ حال پر بات کرتے ہوئے امریکی وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران تجارتی بحری جہازوں کو مسلسل نشانہ بنا رہا ہے، امریکا ان تمام خطرات کو نشانہ بناتا رہے گا جو امریکی افواج یا عالمی بحری آمدورفت کے لیے فوری خطرہ بنیں گے۔روبیو نے کہا کہ آبنائے ہرمز کھلی رہے گی اور اس بحری راستے کو ایران کے کنٹرول میں نہیں جانے دیا جائے گا۔انہوں نے ایران کے ساتھ سابقہ انتظامات کی جانب واپسی کے امکان کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ جب تک ایران جوہری ہتھیار کے حصول کی کوشش جاری رکھے گا، اس پر معاشی دباؤ برقرار رہے گا۔روبیو نے ایران کی معیشت کو تباہ حال قرار دیتے ہوئے الزام عائد کیا کہ پابندیوں میں نرمی یا دیگر ذرائع سے حاصل ہونے والی رقم ایرانی عوام اور ملک کی ترقی پر خرچ کرنے کے بجائے حزب اللہ، حماس اور عراق میں موجود مسلح گروہوں کی مالی معاونت پر خرچ کی جاتی ہے۔بقول مارکو روبیو کے امریکی معاشی حکمتِ عملی کا مقصد صرف ایرانی حکومت کو سزا دینا نہیں بلکہ اسے ایسے مالی وسائل تک رسائی سے روکنا بھی ہے جنہیں دہشت گرد تنظیموں کی معاونت اور جوہری ہتھیار کے حصول کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 9

کہ بھارتی حکومت 36 سال بعد مجھے ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کر کے پھانسی دینے کی سازش کر چکی ہے، میں اپنا معاملہ خدا پر چھوڑتا ہوں، عدالتی سزا قبول کرنے کا مطلب عائد جرم قبول کرنا نہیں۔بھارتی حکومت کو چارج شیٹ کرتے ہوئے جے کے ایل ایف کے رہنما یاسین ملک نے کہا ہے کہ واجپائی دورِ حکومت میں اجیت دوول، برجیش مشرا اور آر کے مشرا نے پاک بھارت تعلقات میں مثبت کردار ادا کرنے کو کہا اور پھر بعد میں پاکستان سے تعلقات کو میرے خلاف بطور ثبوت پیش کیا گیا۔کشمیری رہنما نے اپنی اہلیہ مشعال ملک کو پیغام دیا کہ آپ نے بہادری کے ساتھ میرا ساتھ دیا، آپ کو اپنی رفاقت سے آزاد کرتا ہوں۔یاسین ملک نے اپنی اہلیہ مشعال ملک کو نکاح سے آزاد کرتے ہوئے بڑی عزت اور پیار کے ساتھ ان سے درخواست کی کہ ابھی آپ کی بہت عمر پڑی ہے آپ ایک نئی زندگی کا آغاز کریں۔انہوں نے بیٹی رضیہ سلطانہ کو تاکید کی کہ اپنی دادی کو روزانہ سرینگر فون کریں تاکہ انہیں اس مشکل وقت میں تنہائی کا احساس نہ ہو۔

بقیہ 10

فیصلہ کیا ہے۔امریکی اخبار کے مطابق ٹرمپ نے اپنے سینئر معاونین کے ساتھ اس امکان پر بات کی ہے کہ آیا ایران کے ساتھ جنگ کو ختم کرنے کا اعلان کیا جائے۔رپورٹ کے مطابق امریکی صدر اس اقدام کے حق میں ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ایران پر مسلسل شدید معاشی دباؤ ڈالنے سے تہران کو اپنے جوہری پروگرام کو ختم کرنے یا معاشی طور پر شدید بحران کا سامنا کرنے پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکا نے گزشتہ ہفتے آپریشن اکنامک آٹ کاسٹ شروع کیا جس کے تحت ایران کے اہم معاشی شعبوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ان میں تیل، بحری تجارت، ہوابازی، سونا، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل اثاثوں کے شعبے شامل ہیں۔

بقیہ 11

خراب ہونے پر واپس ایئر پورٹ پر اتار لی گئی۔ایئر لائن کے مطابق پرواز 1208 اورلینڈو، فلوریڈا کے لیے روانہ ہونے کے کچھ ہی دیر بعد پائلٹ کو پیش آنے والے طبی مسئلے کی وجہ سے منیاپولس، سینٹ پال انٹرنیشنل ایئر پورٹ واپس آ گئی۔ایئر لائن کا بیان میں کہنا تھا کہ پائلٹ، عملے اور مسافروں کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 12

بڑی غلطی ہوں گی اور اسرائیل ان پابندیوں کا جواب ضرور دے گا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ برطانوی حکومت کے اقدامات ملکی سیاست اور انتخابی مہم سے متاثر ہیں۔دوسری جانب برطانوی حکومت نے مقبوضہ مغربی کنارے میں اسرائیلی آبادکاری، خصوصاً مشرقی بیت المقدس کے قریب متنازع آبادکاری منصوبے کے خلاف اقدامات پر غور شروع کر دیا۔برطانوی وزیر خارجہ ایڈملی بینڈ نے اسرائیلی آبادکاری کے معاملے پر آئندہ ہفتوں میں جامع اقدامات کا عندیہ دیا ہے۔

بقیہ 13

نیتن یاہو نے تباہ شدہ غزہ کو تقسیم کرنے والی یلو لائن کے دورے کے موقع پر اپنے مذموم مقاصد کا اظہار بھی کیا۔نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ 60 فیصد غزہ پر ہمارا قبضہ ہے اور ہم مزید آگے بڑھنے والے ہیں۔

بقیہ 14

نہیں کی گئیں۔یہ حملے ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب یمن کے مغربی ساحل اور بحیرہ احمر کے اطراف میں سکیورٹی صورتحال بدستور کشیدہ ہے اور خطے میں میزائل و ڈرون حملوں کے باعث بحری و تجارتی سرگرمیاں بھی متاثر ہونے کے خدشات موجود ہیں۔

بقیہ 15

ہیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ان ویب سائٹس نے امریکہ اور ایران کے درمیان حملوں کے حالیہ تبادلوں کے بعد ایرانی کرنسی کا جائزہ لیا اور بتایا کہ اس وقت ایرانی کرنسی اپنی بدترین نچلی سطح پر چلی گئی ہے۔پچھلے ہفتے کے مقابلے میں یہ گراوٹ 10 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 16

کہ اس نے گزشتہ فروری کے بعد سے ایران کی کسی بھی جوہری تنصیب میں زمینی سطح پر معائنہ یا تصدیقی کارروائی نہیں کی۔اس صورتحال نے ایرانی جوہری پروگرام میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے کی اس کی صلاحیت کو محدود کر دیا ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ایجنسی ایران میں سینٹری فیوجز کی سرگرمیوں کی نگرانی بھی نہیں کرسکی۔اس کے مطابق اسے اصفہان کی افزودگی تنصیب کی موجودہ اور درست صورتحال کا علم نہیں ہے۔

بقیہ 17

اقدامات کی حمایت کرتا ہے۔قطر نے خطے میں جاری فوجی کارروائیاں فوری طور پر روکنے، مزید کشیدگی سے گریز اور تحمل کا مظاہرہ کرنے پر زور دیا۔قطر نے فریقین سے پہلے طے پانے والی سفارتی مفاہمت کی بنیاد پر دوبارہ مذاکرات اور بات چیت کی طرف واپس آنے کی اپیل بھی کی۔

بقیہ 18

ٹرانسپورٹ کے مطابق ریسکیو ٹیموں کو لائف بوائز اور ایک لائف بوٹ نظر آئی، تاہم وہ خالی تھی اور اب تک کسی شخص کو زندہ تلاش نہیں کیا جاسکا۔حکام کے مطابق جہاز پر کپتان سمیت 10 افراد سوار تھے اور تمام ترک شہری تھے۔لاپتا افراد کی تلاش کے لیے امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ 19

کیا گیا۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی شپ ری سائیکلنگ کو ہانگ کانگ کنونشن سے ہم آہنگ کیا جارہا ہے۔گڈانی شپ ری سائیکلنگ کی جدید کاری 12 ارب روپے کا منصوبہ ہے، جس کے تحت اسے جدید اور ماحول دوست شپ ری سائیکلنگ مرکز بنایا جائے گا۔وزیر بحری امور نے کہا کہ مزدوروں کی صحت اور فلاح کے لیے ہر ممکن اقدام کیے جائیں گے۔گڈانی میں 30 بستروں کا اسپتال، اسکول اور مزدور کالونی بھی بنائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ گڈانی میں صنعتی اور خطرناک فضلے کے انتظام کی سہولیات قائم کی جائیں گی۔گڈانی کی اپ گریڈیشن سے سرکلر اکانومی اور روزگار کو فروغ ملے گا۔جنید انوار چوہدری نے کہا کہ گڈانی میں معاشی سرگرمی اور ماحولیاتی پائیداری ساتھ ساتھ آگے بڑھیں گی۔

بقیہ 20

بارشوں پر نمایاں اثرات مرتب ہوں گے جس کے باعث سیلاب، خشک سالی اور بہت زیادہ گرمی کا سامنا ہوسکتا ہے۔ایل نینو ایک ایسا موسمیاتی رجحان ہے جس کے نتیجے میں بحرالکاہل کے پانی کا بڑا حصہ معمول سے کہیں زیادہ گرم ہوجاتا ہے اور زمین کے مجموعی درجہ حرارت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔اس کے مقابلے میں لانینا کے دوران بحرالکاہل کا درجہ حرارت کم ہوتا ہے۔ہر 3 سے 7 سال کے درمیان دنیا کو دونوں کا سامنا ہوتا ہے، عموماً لانینا کا دورانیہ زیادہ ہوتا ہے۔مشرقی ہوائیں استوائی بحرالکاہل کی سطح کے گرم پانی کو آسٹریلیا اور انڈونیشیا کی جانب لے جاتی ہیں اور جنوبی امریکا سے دور رکھتی ہیں۔اس کے نتیجے میں پانی کی گرم سطح مغربی بحرالکاہل میں جمع ہوتی ہے جبکہ مشرقی بحرالکاہل کا ٹھنڈا پانی گہرائی سے سطح پر آتا ہے۔مگر ایل نینو کے دوران مشرقی ہوائیں کمزور ہو جاتی ہیں اور گرم پانی پورے بحرالکاہل میں پھیل جاتا ہے۔اس کے برعکس لانینا کے دوران مشرقی ہوائیں معمول سے زیادہ مضبوط ہوتی ہیں اور مشرقی بحرالکاہل کی سطح زیادہ ٹھنڈی ہو جاتی ہے۔سائنسدانوں نے خیال ظاہر کیا ہے کہ زمین میں گرمی کی شدت پہلے ہی خام ایندھن کے استعمال کے باعث اضافہ ہو چکا ہے مگر ایل نینو سے وہ بہت زیادہ بڑھ جائے گی۔اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گوتریس نے کہا کہ ایل نینو ہماری آنکھوں کے سامنے ہمیں حیران کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سمندری سطح کا درجہ حرارت بڑھ رہا ہے، مجموعی درجہ حرارت بڑھ رہا ہے اور دنیا غیرمتوقع موسم سے لاحق خطرے کے سامنا کر رہی ہے۔ایل نینو کی آخری لہر 2023 میں دیکھنے میں آئی تھی جس کے نتیجے میں 2024 دنیا کی تاریخ کا گرم ترین سال قرار پایا تھا۔اس بار ایل نینو کی شدت رواں سال کے آخر تک عروج پر ہوگی مگر سمندروں سے خارج ہونے والی حرارت سست روی سے فضا میں پہنچے گی اور آنے والے سال کا عالمی درجہ حرارت بڑھا دے گی۔ڈبلیو ایم او کے مطابق ایل نینو کے اثرات کو ہم دنیا کے مختلف خطوں میں سیلاب اور خشک سالی کی شکل میں دیکھ رہے ہیں اور موسمیاتی رجحان کی شدت بڑھنے پر ان اثرات کی شدت بھی بڑھے گی۔خیال رہے کہ خام ایندھن اور دیگر سرگرمیوں سے خارج ہونے والی گرین ہاؤس گیسز میں پھنسنے والی حرارت کا 90 فیصد سے زیادہ حصہ سمندر جذب کرتا ہے۔لانینا کے دوران سمندر کی حرارت جذب کرنے والی صلاحیت زیادہ بہتر ہوتی ہے۔مگر ایل نینو کے دوران سمندر میں جذب ہونے والی حرارت فضا میں خارج ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ ایل نینو کے دوران عالمی اوسط درجہ حرارت میں 0.2 ڈگری سینٹی گریڈ تک اضافہ ہو جاتا ہے۔ایل نینو کے اثرات پورے عالمی موسمیاتی نظام پر مرتب ہوتے ہیں۔برصغیر میں مون سون کے دوران بارشیں کم ہونے لگتی ہیں، البتہ خشک سالی سے متاثرہ افریقی خطوں میں زیادہ بارشیں ہوسکتی ہیں۔ایل نینو سے سمندری طوفانوں کا خطرہ بھی بڑھ سکتا ہے جس سے امریکا، بھارت، بنگلا دیش، جاپان اور کوریا جیسے ممالک متاثر ہو سکتے ہیں۔ڈبلیو ایم او نے ستمبر سے نومبر کے دوران معمول سے زیادہ درجہ حرارت کی پیشگوئی کی ہے اور ایسا لگ بھگ دنیا کے ہر خطے میں ہوگا۔

بقیہ 21

میں مصر، مراکش، تیونس، الجزائر، سینیگال، گنی، کیمرون، نائیجیریا، گھانا، نائیجر، ایتھوپیا، روانڈا، موریطانیہ، آئیوری کوسٹ، برکینا فاسو، چاڈ، تنزانیہ، جنوبی افریقا، زیمبیا، نمیبیا، انگولا اور مالی کے زائرین شامل ہیں۔وزارت اسلامی امور نے عمرہ زائرین کے لیے ایک جامع پروگرام تیار کیا ہے، جس میں مکہ مکرمہ آمد سے قبل مسجد نبوی کی زیارت، کنگ فہد قرآن پرنٹنگ کمپلیکس، مسجد قبا، مدینہ منورہ کے تاریخی اور اسلامی مقامات کے دورے شامل ہیں جبکہ مکہ مکرمہ میں عمرے کی ادائیگی کے ساتھ کنگ عبدالعزیز فیکٹری، غار حرا کلچرل ڈسٹرکٹ اور دیگر مقامات کا دورہ کریں گے۔

بقیہ 22

، مفناطیسی سینسنگ اور میزائل/پروجیکٹائل کے اثرات کی پیش گوئی جیسے فوجی استعمال کے امکانات رکھنے والے شعبے شامل تھے۔مثال کے طور پر یونیورسٹی آف کنیکٹیکٹ کے ریکارڈ میں اسرائیلی وزارت دفاع سے منسلک ایک منصوبے کے لیے تقریباً 668,000 ڈالر درج ہیں، جبکہ پرنسٹن میں تقریباً 600,000 ڈالر کا ایک معاہدہ رپورٹ ہوا۔دوسری جانب 15 ملین ڈالر مکمل اور حتمی رقم نہیں سمجھی جا رہی؛ تحقیقات کے مطابق کچھ فنڈنگ سرکاری ڈیٹا بیس میں ظاہر نہیں ہوئی یا مختلف ریکارڈز میں مختلف انداز سے درج ہوئی، اس لیے اصل رقم زیادہ ہوسکتی ہے۔

بقیہ 23

تفتیش کاروں کے مطابق اس نیٹ ورک میں منشیات کو ٹوتھ پیسٹ، کافی، چاکلیٹ اور شیمپو جیسی عام اشیا میں چھپا کر فرانس سے ویتنام پہنچایا جاتا تھا۔اس کے بعد انہیں جنوبی ویتنام کے مختلف علاقوں میں تقسیم کیا جاتا تھا۔نیٹ ورک کے بعض ارکان نے ٹیلی گرام اور سگنل جیسی خفیہ پیغام رسانی کی ایپس بھی استعمال کیں۔عدالت نے جن 11 افراد کو سزائے موت سنائی جن میں نیٹ ورک کے اہم سرغنہ بھی ہے۔عدالت کے مطابق سرغنہ تقریباً 18 کلوگرام منشیات کی خرید و فروخت سے متعلق تھا۔ان میں سے بعض پر بڑی مقدار میں ایم ڈی ایم اے، کیٹامین اور دیگر منشیات کی خرید و فروخت اور تقسیم میں کردار ادا کرنے کا الزام ثابت ہوا۔عدالت نے 20 دیگر ملزمان کو عمر قید کی سزا سنائی۔باقی ملزمان کو ان کے کردار اور جرم کی نوعیت کے مطابق مختلف سزائیں دی گئیں، جو تقریباً ڈیڑھ سال سے 29 سال تک قید پر مشتمل ہیں۔

بقیہ 24

سے گزشتہ جولائی میں اعلان کردہ پالیسی کے نفاذ کے طور پر فوری طور پر نافذ العمل ہو چکی ہیں اور اس میں فعال سروس کے اہلکار اور ریزروفورسز شامل ہیں۔نئی پالیسی کے تحت تیس سال یا اس سے زیادہ عمر کے فوجی مردوں کے خون کے لازمی ٹیسٹ کیے جائیں گے تاکہ ٹیسٹوسٹیرون کی سطح کی پیمائش کی جاسکے جبکہ تیس سال سے کم عمر کے افراد کا ٹیسٹ صرف ان کی درخواست پر یا طبی علامات ظاہر ہونے پر ہی کیا جائے گا۔اگرچہ پینٹاگان نے ایسے جانچ اور علاج کے راستوں کا ذکر کیا ہے جن میں مرد اور خواتین دونوں شامل ہیں تاہم یہ ہدایات خواتین کے خون میں ٹیسٹوسٹیرون کی سطح کی باقاعدہ جانچ کو لازم قرار نہیں دیتیں۔اس کے بجائے ان ہدایات میں تھکن اور ماہواری کی خرابیوں جیسی حالتوں کے جائزے پر زور دیا گیا ہے جو ہارمونل عدم توازن سے جڑی ہوسکتی ہیں۔اس کے علاوہ توانائی کی کم دستیابی اور ایتھلیٹس میں رشتہ دار توانائی کی کمی جیسی حالتیں بھی شامل ہیں جو اس وقت پیدا ہوسکتی ہیں جب جسم کو جسمانی سرگرمی اور بنیادی افعال کی ضروریات پوری کرنے کے لیے ناکافی توانائی ملتی ہے۔وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ اس کا مقصد ہارمون اور برداشت کے مسائل کو جلدی دریافت کرنا اور ان کا علاج کرنا ہے، جس کے بارے میں ان کا نظریہ ہے کہ اس سے فوجیوں کی تیاری پر مثبت اثر پڑے گا۔تاہم یہ فیصلہ طبی تحفظات کے بغیر نہیں گزرا۔ڈاکٹروں نے خدشات کا اظہار کیا ہے کہ ٹیسٹوسٹیرون کے بڑے پیمانے پر ٹیسٹ کرانے سے ایسی حالتوں کی تشخیص ہو سکتی ہے جن میں مداخلت کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس کے نتیجے میں غیر ضروری علاج کا سہارا لیا جاسکتا ہے جس کے مضر اثرات ہو سکتے ہیں۔اس پالیسی کے ناقدین کا کہنا تھا کہ اس بات کے محدود شواہد موجود ہیں کہ فوجیوں میں ٹیسٹوسٹیرون کی کمی کی جامع جانچ سے واقعی جنگی تیاری میں بہتری آئے گی۔ہیگسیتھ اس سے قبل ٹیسٹوسٹیرون کے استعمال کے بارے میں مثبت انداز میں بات کر چکے ہیں جس کی وجہ سے اس فیصلے پر بحث میں مزید اضافہ ہو گیا ہے خاص طور پر اس لیے کہ ہارمون کی کمی کی طبی تشخیص عام طور پر صرف ایک عدد پر منحصر نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے علامات، لیبارٹری پیمائش اور شخص کی صحت کے پس منظر کو دیکھنا ضروری ہوتا ہے۔جبکہ پینٹاگون اس پالیسی کو فوجیوں کی صحت اور تیاری کو بہتر بنانے والے ایک آلے کے طور پر پیش کر رہا ہے، لیکن عسکری کارکردگی پر اس لازمی جانچ کا اثر سائنسی لحاظ سے غیر یقینی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس پروگرام کے نفاذ کے نتائج آنے والے وقت میں ڈاکٹروں اور ماہرین کی توجہ کا مرکز بنے رہیں گے۔

بقیہ 25

قانون کے تحت کسی زندہ شخص کی تصویر امریکی کرنسی پر چھاپنے کی اجازت نہیں۔تاہم ٹرمپ کے اتحادیوں نے کانگریس میں اس حوالے سے قانون سازی کی تجویز پیش کی ہے۔اس سے قبل امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے صدر ٹرمپ کی تصویر والا 250 ڈالر کا نوٹ جاری کرنے کی منصوبہ بندی کا بھی ذکر کیا تھا۔تاہم ماضی میں ایک زندہ صدر کی تصویر امریکی سکے پر شامل کی جا چکی ہے۔1926 میں امریکا کی 150 ویں سالگرہ کے موقع پر جاری کیے گئے نصف ڈالر کے سکے پر اس وقت کے صدر کیلون کولج کی تصویر موجود تھی۔

بقیہ 26

اسٹیفن دوجارک نے جاری بیان میں کہا کہ شہریوں کی ہلاکتوں کی اطلاعات پر گہری تشویش ہے جن میں ایران میں ایک شادی کی تقریب کو مبینہ طور پر نشانہ بنائے جانے کا واقعہ بھی شامل ہے۔انہوں نے شہریوں کے خلاف تمام حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ تمام فریق بین الاقوامی انسانی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کریں۔ترجمان نے کہا کہ انتونیو گوتریش نے تمام متعلقہ فریقوں پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے اقدامات اور بیان بازی سے گریز کریں جن سے پہلے ہی انتہائی کشیدہ صورتحال مزید بگڑ سکتی ہے۔انہوں نے خبردار کیا کہ مزید کشیدگی کے شہریوں، خطے اور اس سے باہر کے علاقوں کے لیے تباہ کن نتائج ہوسکتے ہیں جبکہ خطے کی فضائی حدود اور اہم بحری تجارتی راستے بھی شدید متاثر ہو رہے ہیں۔دوجارک نے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی نے شہریوں کو شدید متاثر کیا اور خطے میں انسانی ضروریات اور امدادی کارروائیوں پر مزید دباؤ بڑھا ہے۔ان کے کہنا تھا کہ خلیج میں کشیدگی ایسے وقت میں مزید خرابی کا باعث بن سکتی ہے جب انسانی امدادی کارروائیاں پہلے ہی وسائل کی کمی اور شدید دباؤ کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ یو این سیکرٹری جنرل نے امریکا اور ایران پر زور دیا ہے کہ وہ فوری طور پر سفارت کاری کی طرف واپس آئیں کیونکہ جامع اور پائیدار حل صرف بات چیت اور مذاکرات کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 27

ممالک کی دفاعی کمپنیوں کے درمیان صنعتی شراکت داری، تکنیکی تجربات اور ٹیکنالوجی کے تبادلے کے امکانات بڑھانا ہے۔مصری وزارت کے مطابق دونوں ممالک اپنی دستیاب پیداواری صلاحیتوں اور تکنیکی مہارتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مشترکہ تعاون کے نئے راستے تلاش کریں گے۔یہ پیش رفت مصر اور ترکیہ کے درمیان تیزی سے بڑھتے دفاعی اور عسکری تعلقات کی علامت ہے۔دونوں ممالک دفاعی پیداوار میں اپنے تجربات اور صنعتی صلاحیتوں کو ایک دوسرے کے قریب لا رہے ہیں۔

بقیہ 28

قاتل فوج کو روکنے کے اقدامات نہیں کیے تو انہیں اس دن سے ڈرنا چاہیے جب مظلوم اپنا انتقام خود لیں گے۔

بقیہ 29

کردار ادا کرتا ہے، اس لیے نئی سکیم کا مقصد دیہی علاقوں کے پب، خاندانی ریستورانوں اور مقامی کیفے سمیت دیگر کاروباروں کو فروغ دینا ہے۔بیان کے مطابق فنڈز ایسے منصوبوں پر خرچ کیے جائیں گے جو نئے کاروبار شروع کرنے، خالی تجارتی مقامات کو دوبارہ قابل استعمال بنانے اور تربیتی پروگراموں کی معاونت میں مدد دیں تاکہ افراد مستقبل میں روزگار اور پیشہ ورانہ مواقع کے لیے ضروری مہارت، اعتماد اور کام کا جذبہ حاصل کرسکیں۔یہ سکیم حکومت کے ملک بھر میں اقتصادی ترقی کے فروغ اور زیادہ سے زیادہ کمیونٹیز کو اس کے ثمرات سے مستفید کرنے کے عزم کا حصہ ہے۔یہ اعلان حکومت کی جانب سے جولائی کے اواخر میں کیے گئے اس اعلان کے بعد سامنے آیا ہے جس کے تحت اپریل 2027 سے پب، کلب اور لائیو میوزک مقامات کے کاروباری ریٹس کے بلوں میں 20 فیصد کمی کی جائے گی۔اس اقدام سے ایک عام پب کو آئندہ سال تقریباً ایک ہزار پاؤنڈ کی بچت ہوگی۔

بقیہ 30

جنسی استحصال یا زیادتی کی لہر اذیت ناک صورت کا سامنا کیا۔رپورٹ کے مطابق تقریباً 15 ملین بچوں کو ناپسندیدہ جنسی مواد دکھایا گیا، 9 ملین بچوں پر جنسی گفتگو یا جنسی تصاویر شیئر کرنے کے لیے دباؤ ڈالا گیا اور 4 ملین بچوں کی جنسی تصاویر ان کی رضامندی کے بغیر شیئر کی گئیں۔یونیسیف نے کہا کہ دنیا بھر میں ایسے جنسی استحصال یا زیادتی کا شکار بچوں کی تعداد یقینی طور پر کئی کروڑ تک پہنچتی ہے۔یہ تحقیق 2020 سے 2025 کے درمیان 21 ممالک میں تقریباً 21 ہزار انٹرنیٹ استعمال کرنے والے بچوں کے قومی سطح پر نمائندہ سروے کی بنیاد پر کی گئی۔ان ممالک میں کینیا، برازیل اور سربیا بھی شامل تھے۔رپورٹ کے مطابق تقریباً 60 فیصد رپورٹ شدہ واقعات سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ہوئے جن میں فیس بک، واٹس ایپ، انسٹاگرام، سنیپ چیٹ اور ٹک ٹاک نمایاں تھے، مزید 14 فیصد واقعات آن لائن گیمنگ کے دوران پیش آئے۔میٹا، جو فیس بک، واٹس ایپ اور انسٹاگرام کی مالک کمپنی ہے نے کہا کہ یونیسیف کے سروے 2020 تک کے عرصے پر مشتمل ہیں جبکہ اس کے بعد کمپنی نے نوعمر صارفین کے تحفظ کے لیے متعدد اقدامات متعارف کرائے ہیں۔

بقیہ 31

معینہ مدت کی فوجی حکمت عملی کا حصہ ہے، حکمت عملی کا مقصد صدر ٹرمپ کو جنگ کے حوالے سے مختلف آپشنز فراہم کرنا ہے۔امریکی حکام کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کو یقین ہے کہ ایران پر اقتصادی دباؤ کی پالیسی سے مطلوبہ نتائج حاصل ہو جائیں گے، امریکی صدر ایران جنگ خاتمے کے اعلان پر بھی اپنے معاونین سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں، ٹرمپ ایران جنگ کے فیصلے کرتے وقت انتخابی نتائج کو مدنظر نہیں رکھ رہے۔پینٹاگون کے عہدیدار اور امریکی سینٹ کام نے رپورٹ پر تبصرے سے انکار کر دیا، مشرق وسطیٰ میں تقریباً 50 ہزار امریکی فوجی اہلکار اور 19 جنگی بحری جہاز تعینات ہیں۔

بقیہ 32

ایک امدادی پرواز مسقط بھیجی جا رہی ہے جو مسافروں کو بنگلورو پہنچائے گی۔ایئرلائن کا کہنا تھا کہ مسقط میں انتظار کرنے والے مسافروں کو کھانے پینے کی اشیا فراہم کی جا رہی ہیں اور انہیں پرواز سے متعلق باقاعدگی سے آگاہ کیا جا رہا ہے۔ایئرلائن نے مسافروں کو پیش آنے والی زحمت پر معذرت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسافروں، عملے اور طیارے کی حفاظت ہماری کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 33

انگر اینڈرسن کی تازہ ترین رپورٹ کے حوالے سے بتایا کہ انتہائی پرامید منظرنامے میں بھی صنعتی دور سے قبل کی سطح کے مقابلے میں عالمی درجہ حرارت میں اضافے کی شرح 1.8 ڈگری سیلسیس تک پہنچ سکتی ہے۔رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ شدید موسمی حالات اور ماحولیاتی نظام کو پہنچنے والے نقصانات میں اضافے سے انسانی صحت، غذائی تحفظ، بنیادی ڈھانچے اور معیشتوں کو سنگین خطرات لاحق ہوں گے۔انگر اینڈرسن نے کہا کہ اگر عالمی درجہ حرارت 1.5 ڈگری سیلسیس سے زیادہ رہتا ہے تو اس کے اچھے نتائج برآمد نہیں ہوں گے، دنیا بھر میں شدید گرمی کی لہریں پہلے ہی ظاہر کر رہی ہیں کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات تیزی سے رونما ہوں گے، زیادہ شدید ہوں گے اور طویل عرصے تک برقرار رہیں گے جس کے نتیجے میں مزید جانی نقصان اور گہری معاشرتی ومعاشی مشکلات پیدا ہوں گی۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں فوری اور مسلسل کمی کے ذریعے عالمی درجہ حرارت میں اضافے کو کم کیا جاسکتا ہے، اس مقصد کے لیے حد سے تجاوز، عروج اور کمی کے راستے پر عمل کرتے ہوئے درجہ حرارت میں اضافے کی بلند ترین سطح کو محدود کرنا اور بالآخر پیرس معاہدے کے عالمی اہداف حاصل کرنا اب بھی ممکن ہے۔

بقیہ 34

دعوے پر روسی بحری جہاز قبضے میں لیا گیا ہے۔گزشتہ ماہ ناروے کی عدالت نے روسی جہاز ضبط کرنے کی اجازت دی تھی۔روس نے 2014 میں کریمیا کے الحاق کے دوران یوکرینی توانائی کمپنی کے اثاثے ضبط کیے تھے۔ہیگ کی ثالثی عدالت نے روس کو یوکرینی کمپنی کو معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا تاہم عدالتی حکم کے باوجود روس نے رقم ادا نہیں کی تھی۔غیر ملکی خبرایجنسی کے مطابق اب روس نے ناروے کے اقدام کو بحری قزاقی قرار دیا ہے۔روسی وزیر الیکسی چیکوکوف کا کہنا تھا کہ ناروے میں بحری جہاز کو تحویل میں لینے کے فیصلے کو چیلنج کریں گے۔

بقیہ 35

نشانہ بنایا گیا۔امریکی فورسز نے آپریشن کے دوران متعدد ایرانی اینٹی شپ کروز میزائل بھی تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔جنگ شروع ہونے سے قبل آبنائے ہرمز سے روزانہ تقریباً 20 ملین بیرل تیل گزرتا تھا۔امریکی وزیر توانائی کرس رائٹ کے مطابق پیر کو بھی 17 ملین سے زائد بیرل تیل آبنائے ہرمز سے منتقل ہوا۔آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی تجارت کے لیے انتہائی اہم سمندری راستہ ہے۔اس لیے جنگ کے دوران یہاں بحری آمدورفت کو محفوظ رکھنا عالمی تیل کی سپلائی کے لیے بھی اہم سمجھا جارہا ہے۔

بقیہ 36

جنوب میں اسیرہ القبلیہ گاں پر چھاپے کے دوران دو فلسطینیوں کو گرفتار کیا اور دوسرے کو عسکر پناہ گزین کیمپ سے گرفتار کیا۔تین فلسطینیوں کو عوارتا قصبے سے، دو کو بازاریہ سے اور ایک کو نابلس شہر کی عمان اسٹریٹ سے گرفتار کیا گیا۔نابلس کے شمال مغرب میں سیبسطیا قصبے میں، اسرائیلی فورسز نے علاقے پر چھاپہ مارا اور ایک فلسطینی قیدی کی ماں اور بہن کو حراست میں لے لیا اور انہیں فیلڈ میں پوچھ گچھ کے بعد رہا کر دیا گیا۔سلفیت صوبے میں اسرائیلی فوج نے قراوات بنی حسن قصبے کے چار فلسطینیوں کو گھروں پر چھاپہ مار کر ان کے سامان کی لوٹ مار کے بعد گرفتار کرلیا۔گرفتار افراد میں سے ایک کی گاڑی بھی قبضے میں لے لی گئی۔ہیبرون صوبے میں اسرائیلی فورسز نے ہیبرون کے مغرب میں ادنہ قصبے سے ایک صحافی کو گرفتار کرلیا۔

بقیہ 37

مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے وزیراعظم کو آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان سے متعلق امور، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے آزاد کشمیر میں حالیہ انتخابات کے انعقاد اور انتخابی عمل کے حوالے سے بھی وزیراعظم کو آگاہ کیا۔وزیراعظم نے آزاد کشمیر کے انتخابات کے انعقاد اور انتخابی عمل کے حوالے سے انجینئر امیر مقام کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ قائد محمد نواز شریف کے وژن اور رہنمائی کے تحت آزاد کشمیر کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے ایجنڈے کو آگے بڑھایا جائے گا۔شہباز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور خوشحالی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔دوسری جانب چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے وزیراعظم سے ملاقات میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری اقدامات، منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ملاقات میں نوجوانوں کو جدید تعلیم و تربیت، مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر کی فراہمی، ڈیجیٹل معیشت میں نئے مواقع پیدا کرنے، روزگار اور کاروبار کے مواقع بڑھانے سمیت مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری تعلیمی، ہنرمندی، ڈیجیٹل اور فلاحی پروگراموں کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے اور ان کے مؤثر و شفاف نفاذ پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ ملک کا نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے۔حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کو مزید مؤثر، نتیجہ خیز اور نوجوانوں کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے جبکہ ترجیحی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار بھی مزید تیز کی جائے۔

بقیہ 38

کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔رانا مشہود احمد خان نے وزیراعظم کو وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری اقدامات، منصوبوں اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔وزیراعظم نے نوجوانوں کو جدید تعلیم و تربیت اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہنر فراہم کرنے، ڈیجیٹل معیشت میں ان کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے، روزگار اور کاروبار کے مواقع بڑھانے سمیت وزیراعظم یوتھ پروگرام کے مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ملاقات میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری تعلیمی، ہنرمندی، ڈیجیٹل اور فلاحی پروگراموں کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے اور ان کے مؤثر و شفاف نفاذ پر بھی گفتگو ہوئی۔وزیر اعظم نے کہا کہ نوجوان ہمارا سب سے قیمتی اثاثہ اور پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے، حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم، ہنر، روزگار اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔وزیراعظم نے ہدایت کی کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کو مزید مؤثر، نتیجہ خیز اور نوجوانوں کی حقیقی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جائے جبکہ ترجیحی منصوبوں پر عملدرآمد کی رفتار بھی مزید تیز کی جائے۔

بقیہ 39

ٹریڈ فیسلیٹیشن بورڈ کے قیام کی منظوری دے دی۔وزیراعظم محمد شہباز شریف خود ٹریڈ فیسلیٹیشن بورڈ کی صدارت کریں گے۔مجوزہ بورڈ تجارت کے مکمل سپلائی چین میں بہتری لانے اور سرحد پار تجارت سے متعلق تمام نان ٹیرف امور پر فیصلے کرے گا۔یہ بورڈ تجارت کے فروغ کے حوالہ سے روڈ میپ، ٹریڈ فیسلیٹیشن انڈیکس اور مانیٹرنگ کے حوالہ سے حکمت عملی ترتیب دے گا۔وزیراعظم نے ملک کی بندرگاہوں کی استعداد کار میں بہتری کے لئے ہنگامی بنیادوں پر کام کرنے اور مختلف ورکنگ گروپس بنانے کی ہدایت کی۔ورکنگ گروپس بندرگاہوں کی استعداد بہتر بنانے، متعلقہ محکموں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ، ریگولیٹری فریم ورک کی تعمیل، پری ارائیول کلیئرنس اور بین الاقوامی تجارت میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی شمولیت سے متعلق ہوں گے۔وزیراعظم نے درآمد کنندگان اور برآمد کنندگان کے لیے بندرگاہوں پر مال کی ترسیل، کلیئرنس اور دیگر امور کو آسان بنانے اور زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ جاری اصلاحات کے تحت پورٹ چارجز میں کمی کی گئی ہے، جبکہ بعد بندرگاہوں کے استعمال میں نمایاں بہتری آئی ہے، جہازوں کی آمد سے قبل گڈز ڈیکلریشن جمع کرانے کی سہولت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔اجلاس میں وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری، مشیر وزیراعظم برائے صنعت ہارون اختر، وزیرمملکت برائے خزانہ وریلوے بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 40

کرتے ہوئے پارلیمان میں عدم تعاون کی اپنی پالیسی برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومتی حلقوں نے پیپلز پارٹی سے قانون سازی کے معاملات، بالخصوص قومی اسمبلی اور سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں کی سطح پر حکومتی بلوں کی حمایت کی درخواست کی ہے۔حکومت کی جانب سے قائمہ کمیٹیوں میں قانون سازی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے پیپلز پارٹی کے تعاون کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔پیپلز پارٹی ذرائع کے مطابق پارٹی نے حکومت کو واضح جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ صورتحال میں پیپلز پارٹی پارلیمان میں حکومت کو سپورٹ نہیں کرے گی اور قائمہ کمیٹیوں سمیت قومی اسمبلی اور سینیٹ میں حکومتی بلوں کی حمایت کی پالیسی اختیار نہیں کی جائے گی۔ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی نے اپنے پارلیمنٹیرینز کو پارٹی پالیسی پر واضح ہدایات جاری کردی ہیں۔ارکان کو حکومتی بلوں کی حمایت میں ووٹ نہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پارٹی پالیسی کی خلاف ورزی کرنے والے پارلیمنٹیرین کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ پیپلز پارٹی اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات سے متعلق حکومتی بل کی بھی حمایت نہیں کرے گی۔پیپلز پارٹی کے عدم تعاون کے باعث قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل میں واپڈا سے متعلق بل بھی موخر کرنا پڑا۔ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کی عدم تعاون کی پالیسی کے باعث حکومت کو پارلیمان میں قانون سازی آگے بڑھانے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ حکومتی حلقوں کی جانب سے پیپلز پارٹی کو قانون سازی کے معاملات میں ساتھ ملانے کے لیے رابطوں کا سلسلہ جاری

بقیہ 1
کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ دور دراز علاقوں کو بھی ترقی کے عمل میں شامل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل نے وزیر اعلیٰ کو اپنے علاقے کے مختلف عوامی مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا، جن کے حل کے لیے وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایت کی ملاقات میں صوبے میں امن و استحکام، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی عمل کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 2
فری بلوچستان اور ڈرگ فری پاکستان کے تحت منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ ایکسائز نے گزشتہ دو سالوں کے دوران مختلف کارروائیوں میں منشیات کی بڑی کھیپ کی تاریخی برآمدگی کی ہے اور ان کارروائیوں میں ساحلی پٹی پر کی جانے والی کامیاب کارروائیوں کا تسلسل ہے میگا میرین آپریشن کے دوران آئس 425 کلوگرام، چرس 20 کلوگرام، اور بیئر غیر ملکی شراب برآمد کی جس کی عالمی مارکیٹ میں قیمت تقریباً 31.35 ارب روپے بنتی ہے اسی طرح اینٹی نارکوٹکس نے دوران کاروائی آئس 200 کلوگرام چرس 600 کلوگرام، اور غیر ملکی شراب و بیئر 8,000 یونٹ برآمد کئے ہیں جس کی عالمی مارکیٹ میں قیمت تقریباً 28 ارب روپے ہوتی ہے جسے عالمی یوم انسداد منشیات کے موقع پر تلف کیا گیا علاوہ ازیں 10,000 یونٹ غیر ملکی شراب برآمد کی گئی جس کی مالیت ایک کروڑ 85 لاکھ روپے بنتی ہے جبکہ ساحلی سمگلنگ آپریشن کے دوران 3.71 یونٹ غیر ملکی شراب و بیئر برآمد کی جس کی مالیت 78.5 لاکھ روپے ہوتی ہے ایکسائز کے نارکوٹکس آپریشن کے دوران 750 یونٹ غیر ملکی شراب و بیئرز پکڑی جس کی مالیت 9 لاکھ 82 ہزار 800 روپے بتائی جاتی ہے انہوں نے بتایا کہ 1,638 کلوگرام آئس کرسٹل 620 کلوگرام چرس (حشیش)، اور 27.543 بوتلیں/کین غیر ملکی شراب و بیئر برآمد کی گئی جس کی بین الاقوامی مالیت 133,56 ارب روپے بنتی ہے ڈائریکٹر جنرل محمد زمان خان نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ منشیات کی سمگلنگ کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رکھے گا، ملک کی نوجوان نسل کا تحفظ کرے گا اور پاکستان کی ساحلی سرحدوں کو محفوظ بنائے گا

بقیہ 3
کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا جس کے مطابق ان تمام کیمپس کی زمین اور غیر منقولہ اثاثے صوبائی حکومت اور متعلقہ حکام کے ڈپٹی کمشنر کے اضلاع کے حوالے کئے جانے ہیں جس کا مقصد ان اثاثوں کا تحفظ اور ان کا پیداواری استعمال مقامی کمیونٹیز کی فلاح و بہبود کے لئے یقینی بنانا تھا نوٹیفکیشن کے بعد بلوچستان کے تمام اضلاع کے کیمپ مکمل طور پر خالی کرائے گئے ضلع لورالائی کا کیمپ سری جنگل کیمپ نگا نگا کیمپ زڑ کاریز تا حال خالی نہیں کرائے گئے جن کی ذمہ داری متعلقہ ڈپٹی کمشنر لورالائی پر عائد ہوتی ہے کمشنر کی جانب سے سرکاری احکامات کے باوجود صرف کاغذی کارروائی تک محدود رکھا گیا ہے جس کی وجہ سے دوسرے اضلاع اور کیمپوں، گنڈی، غزئی کے کیمپوں کی خالی ہونے کے بعد وہاں جرائم پیشہ اور مشکوک افراد آکر زڑ کاریز کیمپ میں چھپتے ہیں اور سنگین وارداتیں کرنے سے لورالائی کا پرامن ماحول خراب کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے علاقہ مکینوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے ہم حکومت اور انتظامیہ کو 15 ستمبر تک کیمپ کو خالی کرانے کا الٹی میٹم دیتے ہیں اگر کارروائی نہ کی گئی تو ہم کوئٹہ ڈیرہ غازی خان پنجاب شاہراہ کو بند کر کے احتجاج کرنے کے علاوہ عدالت سے رجوع کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ڈپٹی کمشنر اور انتظامیہ پر عائد ہوگی۔

بقیہ 4
جس کی ترقی اور خوبصورتی کو برقرار رکھتے ہوئے یہاں سیاحوں اور مقامی آبادی کو بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ذریعے علاقے کی منصوبہ بندی اور پائیدار ترقی کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ زیارت کی ترقی سے متعلق منصوبوں میں معیار، شفافیت اور عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے اور ترقیاتی اقدامات کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے موثر حکمت عملی اپنائی جائے اجلاس میں زیارت کے ترقیاتی امور اور اتھارٹی کے مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے بھی اہم امور زیر غور آئے، جبکہ متعلقہ حکام نے مختلف معاملات پر صوبائی وزیر کو بریفنگ دی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ زیارت کی ترقی نہ صرف مقامی آبادی بلکہ بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے بھی انتہائی اہم ہے، حکومت دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے زیارت کو مزید ترقی یافتہ اور سیاح دوست بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 5
اور دیگر علما کرام کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی کوآرڈینیٹر انعام الحق، وفاق المدارس کے نمائندوں، پولیو پروگرام کے افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری پولیو مہم کے دوران مدارس میں 100 فیصد پولیو کوریج یقینی بنانے، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، جبکہ مہم کے دوران پیش آنے والی رکاوٹوں اور انکاری کیسز (Refusals) کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبداللہ بادینی نے علما کرام اور وفاق المدارس کے نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور مدارس میں موجود تمام بچوں کی 100 فیصد کوریج یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 6
نے کہا کہ صحافیوں کے ایک مخصوص گروپ کو پریس کلب تربت کے دورے کے دوران مقامی صحافیوں کے ساتھ ہونے والی بدسلوکی کی بھی مذمت کی۔ انھوں نے کہا کہ سکیورٹی کے اداروں کو ذمہ دار اداروں کو اور عام شہریوں کا احترام کرنا سیکھنا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ سکیورٹی اہلکاروں کا ڈاکٹروں پیرا اسٹاف اور صحافیوں کے ساتھ ہونے والے واقعات کی جس قدر مذمت کی جائے کم ہے۔ انھوں نے ڈاکٹروں پیرامیڈیکل اسٹاف اور صحافی برادری کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی ہر مرحلے میں اپنے پروفیشنل لوگوں اور عوام کے ساتھ ہے۔

بقیہ 7
سکیورٹی فورسز کے جوان موقع پر پہنچ گئے اور دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہونے والے سکیورٹی اہلکاروں نصر اللہ شاہ اور دوست محمد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ زخمی اہلکاروں نے دہشت گردوں کا دلیری اور جواں مردی سے مقابلہ کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ سکیورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں نے فوری اور بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی اور سرکاری عملے کی جانوں کو محفوظ بنایا، جو قابلِ تحسین ہے۔ صوبائی وزیر اور فوکل پرسن نے کہا کہ بلوچستان کا امن خراب کرنے اور سرکاری مشینری کو نشانہ بنانے والے عناصر اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ صوبائی حکومت اور سکیورٹی ادارے عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: "ہم اپنی بہادر پولیس اور سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور بلوچستان کے امن کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے"۔

بقیہ 8
روڈ پر قلی کل محمد کے قریب رکھ کر احتجاج کیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی انتظامیہ کی یقین دہانی پر مظاہرین نے احتجاج ختم کر دیا اور جمعرات کو مقتول کی مقامی قبرستان میں نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد تدفین کر دی گئی بتایا جاتا ہے مقتول کے بیٹے کو بھی چند ماہ قبل نامعلوم اغواء کاروں کی جانب سے اغواء کیا گیا تھا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 9
سال سے کم عمر تمام بچوں تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سعید الرحمن کاکڑ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کی موثر نگرانی، باہمی رابطے اور مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ ادارے اور محکمے مربوط اور موثر انداز میں اپنا کردار ادا کریں۔ اجلاس میں والدین سے اپیل کی گئی کہ وہ انسداد پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنایا جاسکے۔

بقیہ 10
لیسکو منصور عمر، ڈپٹی میجر کرنل محسن بخاری کے علاوہ مختلف وفاقی محکموں کے نمائندوں نے شرکت کیں۔ اجلاس کا بنیادی مقصد وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں اور لیسکو کے درمیان بجلی بلوں سے متعلق شکایات کا ازالہ تھا۔ بعدازاں مختلف محکموں کے نمائندوں نے رجسٹرار ہیڈ وفاقی محتسب اور لیسکو کے سربراہ کو اپنے متعلقہ محکموں کی بجلی بلوں سے متعلق بھی آگاہ کیا۔

بقیہ 11
امور اور عوامی مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر جنت گل ترین، ملک اجمل خان ترین، پیپلز یوتھ ونگ کے ضلعی صدر قدیر ملازئی، ضلعی جنرل سیکرٹری ملک خدائیداد خان ترین، پاکستان ریلوے لیبر یونین کے ضلعی صدر حاجی محمد رمضان ترین، میڈیا کوآرڈینیٹر حفیظ ترین، محمد عباس مرغزانی اور سرفراز علیانی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ضلعی صدر یاسین خان ترین نے ایس پی پولیس انجینئر عبدالحفیظ کاکڑ کی عوام دوست انداز فکر، شہریوں کے ساتھ حسن سلوک اور دفتر آنے والے سائلوں کی بات تحمل سے سننے کی روایت کو انتہائی قابل قدر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ان کے اقدامات میں سیکورٹی گشت کی خود نگرانی کرنا ایس پی ہرنائی کی فرض شناسی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پولیس افسران کا عوام کے ساتھ مثبت رویہ اور ان کی دادرسی شہریوں اور پولیس کے درمیان اعتماد کی فضا کو مزید مضبوط بناتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے ایس پی پولیس کو پارٹی دفتر آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور سلامتی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 12
میں اضافہ ہو رہا ہے، لیکن حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام نظر آ رہے ہیں۔ جب ایک تاجر اپنے کاروبار اور گھر کے قریب بھی محفوظ نہ ہو تو اس سے بڑھ کر حکومتی ناکامی اور کیا ہوسکتی ہے۔ غفار خان کاکڑ نے کہا کہ حاجی صلاح الدین نورزئی کے بیٹے کو پہلے اغوا اور تاحال لاپتہ رہنا، جبکہ اب والد کو بھی قتل کر دیا جانا انتہائی دردناک اور تشویشناک صورتحال ہے۔ ایک ہی خاندان کو مسلسل ایسے سانحات سے دوچار ہونا حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سنگین سوالات اٹھاتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حاجی صلاح الدین نورزئی کے قتل میں ملوث سفاک قاتلوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے سخت قانونی کارروائی کی جائے اور ان کے مغوی بیٹے کی فوری اور بحفاظت بازیابی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو محض بیانات اور دعوؤں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جائے۔ حکومت شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی آئینی اور بنیادی ذمہ داری پوری کرے، بصورت دیگر بڑھتی ہوئی بدامنی کی تمام تر ذمہ داری حکمرانوں اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔ غفار خان کاکڑ نے شہید حاجی صلاح الدین نورزئی کے اہل خانہ اور عزیز و اقارب سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 13
جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اس اہم شاہراہ کی تکمیل سے بلوچستان کے عوام کو ملک کے دیگر صوبوں کی بڑی تجارتی منڈیوں تک تیز، محفوظ اور آسان رسائی حاصل ہوگی جبکہ مسافروں کو جدید سفری سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ تمام شاہراہوں کا جدید نیٹ ورک صرف فاصلے کم نہیں کرتا بلکہ تجارت، روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے راستے بھی کھولتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی جانب سے ژوب بائی پاس کی جلد تکمیل کیلئے فوری طور پر فنڈز کا بندوبست کرنے پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو بلوچستان بھر کے عوام کیلئے خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان ڈوئل کیرج وے کی ہنگامی بنیادوں پر تکمیل کا عوام دیرینہ مطالبہ اور ژوب بائی پاس کیلئے فوری فنڈز کا بندوبست اس امر کا مظہر ہے کہ وفاقی سطح پر بلوچستان کی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ گورنر مندوخیل نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور ان کی پوری ٹیم کی ذاتی دلچسپی اور عملی اقدامات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مضبوط مواصلاتی رابطے ہی بلوچستان کو قومی معیشت، خطے کی تجارت اور سینٹرل و جنوبی ایشیا کی بڑی منڈیوں سے موثر طور پر جوڑنے کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے امید ظاہر کی کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کی رفتار بڑھے گی، تجارت کے حجم میں اضافہ ہوگا اور صوبے کے عوام کیلئے ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات پیدا ہوں گے۔

بقیہ 14
کیا۔ انہوں نے کہا کہ محکمانہ قواعد وضوابط کے مطابق شوکاز نوٹسز کی کارروائی کرتے ہوئے ایک اہلکار کو ایک سال کی انکریمنٹ ضبط کرنے کی سزا سنائی جبکہ ایک اہلکار کا شوکاز نوٹس خارج کر دیا گیا۔ جبکہ 4 اہلکاروں کی جانب سے تبادلے کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے ان کے تبادلوں کے احکامات جاری کرنے کی ہدایت کی اور 4 ملازمین کے خلاف جاری انکوائریوں پر مزید تحقیقات کے لئے متعلقہ افسران کو ازسر نو صاف وشفاف اور میرٹ پر تحقیقات مکمل کرتے ہوئے فوری طور پر رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی پولیس کامران نواز پنجھوتہ نے کہا کہ پولیس ملازمین کے جائز مسائل کا بروقت ازالہ اور محکمانہ امور میں شفافیت کو قانون کے مطابق میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے تاکہ عوام کے جان و مال کے تحفظ اور محکمانہ خوداحتسابی پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 15
کردی جس کے نتیجے میں 2 محافظ زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر ہرنائی اسکواڈ کی گاڑی کوئٹہ سے جارہی تھی کہ زیارت کراس کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دوست محمد اور نصر اللہ محافظ زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

بقیہ 16
ہے نوشکی میں ایک صحافی کے گھر میں چوری کی واردات نے صحافی برادری میں شدید تشویش اور بے چینی پیدا کر دی ہے آل پاکستان صحافت کونسل رجسٹرڈ کے مرکزی صدر نے نوشکی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے چوری میں ملوث ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور متاثرہ صحافی کو انصاف فراہم کیا جائے کیا نوشکی انتظامیہ مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوروں کو گرفتار کرے چوروں عدم گرفتاری کی صورت میں آل پاکستان صحافت کونسل ملک بھر میں مختلف پریس کلبز کے نمائندگان کے ساتھ مل کر شدید احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ انتظامیہ پر عائد ہوگی آل پاکستان صحافت کونسل رجسٹرڈ پاکستانی صحافی برادری کے حقوق عزت اور تحفظ کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

بقیہ 17
جا میں بعدازاں ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ دکی تا چمالنگ روڈ کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے سڑک کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے تعمیراتی سرگرمیوں اور منصوبے کی پیش رفت سے متعلق معلومات حاصل کیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ تمام ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تعمیراتی کاموں کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوامی سہولت اور علاقے کی مجموعی ترقی کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں، لہٰذا ان کی بروقت تکمیل حکومت اور ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہیں انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، استعمال ہونے والے تعمیراتی میٹریل کے معیار کو یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کو مقررہ معیار اور ٹائم لائن کے مطابق جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو ان اہم منصوبوں کے ثمرات بروقت حاصل ہوسکیں ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کی مسلسل نگرانی جاری رکھے گی اور کسی بھی قسم کی غیر ضروری تاخیر یا معیار میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بہتر انفراسٹرکچر نہ صرف عوام کو سفری اور انتظامی سہولیات فراہم کرتا ہے بلکہ علاقے کی معاشی و سماجی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔

بقیہ 18
موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کیا جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کا بلاک شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 19
بنانے پر بات چیت ہوئی۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کو محفوظ، باوقار اور سازگار ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔ خواتین کے خلاف تشدد، ہراسانی اور دیگر صنفی جرائم کی روک تھام کے لیے قانون کے موثر نفاذ کے ساتھ ساتھ پولیس اور متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے مسائل سے متعلق اداروں کو محض ردعمل تک محدود رکھنے کے بجائے ایک فعال، حساس اور متاثرہ خواتین کی ضروریات کو سمجھنے والے نظام کی طرف بڑھنا ہوگا۔ پولیس سمیت تمام متعلقہ اداروں میں جینڈر حساسیت کے حوالے سے استعداد کار بڑھانے سے خواتین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور انہیں بروقت انصاف تک رسائی حاصل ہوگی۔ مشیر برائے ترقی نسواں نے کہا کہ محکمہ ترقی نسواں خواتین کے تحفظ، قانونی آگاہی، معاشی خودمختاری اور بنیادی حقوق کے فروغ کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے گا۔ خواتین کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی ایک مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے حکومتی اداروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سول سوسائٹی کے درمیان موثر رابطہ ضروری ہے۔ اے آئی جی پولیس) جینڈر (اسرار احمد عمرانی نے خواتین کے تحفظ اور صنفی بنیادوں پر تشدد کے تدارک کے لیے پولیس کے اقدامات سے آگاہ کیا اور اس ضمن میں محکمہ ترقی نسواں کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق کیا۔ ملاقات میں خواتین کے تحفظ سے متعلق مختلف اقدامات، آگاہی پروگرامز، ادارہ جاتی روابط اور مستقبل کے مشترکہ لائحہ عمل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 20
الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور تشویشناک قرار دیا ہے۔ صوبائی امیر نے کہا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں بدامنی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا اور دیگر جرائم کے واقعات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث عوام اپنے جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے شدید خوف و تشویش میں مبتلا ہیں۔ مسلم آباد میں حاجی صلاح الدین نورزئی کا بہیمانہ قتل امن و امان کی ابتر صورتحال کی ایک اور افسوسناک مثال ہے۔ انہوں نے کہا گیا کہ اس واقعے کی سنگینی اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ کچھ عرصہ قبل حاجی صلاح الدین نورزئی کے 14 سالہ بیٹے جعفر خان کو 8 مہینے پہلے اغوا کیا گیا تھا، جو تاحال لاپتہ ہے۔ ایک ہی خاندان کو مسلسل دو المناک سانحات کا نشانہ بننا انتہائی تشویشناک ہے اور اس سے صوبے میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور قانون کی بالادستی سے متعلق کئی سنجیدہ سوالات جنم لیتے ہیں۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث نے حکومت اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا کہ حاجی صلاح الدین نورزئی کے قتل میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، جبکہ ان کے مغوی بیٹے کی بحفاظت بازیابی کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کی جان مال عزت و آبرو کا تحفظ، امن و امان کا قیام اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا ہے۔ اگر شہری اپنے گھروں، کاروباری مراکز اور سڑکوں پر بھی محفوظ نہ ہوں تو اس صورتحال کی ذمہ داری حکومت اور متعلقہ اداروں پر عائد ہوتی ہے۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ سمیت صوبے بھر میں بڑھتی ہوئی بدامنی، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور دہشتگردی کے واقعات کا موثر تدارک کیا جائے اور عوام کو عملی طور پر تحفظ فراہم کیا جائے۔ مرکزی جمعیت اہلحدیث صلاح الدین خان نورزئی کے خاندان، عزیز و اقارب اور کاروباری برادری سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 21
فنڈز جاری کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے محکمے کے متعلقہ کو ہدایت کی کہ منصوبے کے تعمیراتی کام کی مکمل نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جاری شدہ فنڈز کے موثر اور بروقت استعمال کو یقینی بنایا جائے تاکہ کام کی رفتار میں مزید تیزی لائی جاسکے، انہوں نے کہا کہ فنڈز کے استعمال کے بعد اگلی ریلیز بھی بروقت جاری کی جائے۔ ملاقات میں شیر جان کڈنی ڈیم کی مرمت کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت ہوئی، جس کے لیے PC-I محکمہ میں جمع کروا دیا گیا ہے۔ چیئرمین شمس حمزہ زئی نے اس پیش رفت پر صوبائی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ دونوں منصوبوں پر عملی کام تیزی سے آگے بڑھایا جائے گا۔ چیئرمین شمس حمزہ زئی نے کہا کہ مزہ نگی ڈیم اور شیر جان کڈنی ڈیم علاقے کی ترقی، زرعی ضروریات اور عوامی مفاد کے اہم منصوبے ہیں اور ان کی بروقت تکمیل و مرمت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 22
اپنے خطاب میں ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کی اہمیت اور خواتین کاروباری افراد کے لیے جدید ڈیجیٹل ذرائع سے استفادہ کرنے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ مزید انہوں نے بتایا کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) پورے ملک میں کاروباری خواتین کی استعداد کار بڑھانے اور ان کے کاروبار کو برآمدات کے معیار لانے کیلئے پوری طرح سے کام کر رہا پروگرام کی تربیتی نشست میڈم حریم نے منعقد کی، جس کے دوران شرکاء کو موبائل فون اور دیگر ڈیجیٹل ذرائع کے موثر استعمال، آن لائن مارکیٹنگ، سوشل میڈیا کے ذریعے کاروباری تشہیر، مصنوعات کی موثر ڈیجیٹل نمائش، صارفین تک رسائی اور آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے کاروباری سرگرمیوں کو وسعت دینے کے مختلف طریقوں سے آگاہ کیا گیا ٹریننگ کے دوران شرکا کو عملی طور پر یہ بھی بتایا گیا کہ کس طرح کم وسائل کے ساتھ ڈیجیٹل ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی مصنوعات اور خدمات کو وسیع تر صارفین تک پہنچایا جا سکتا ہے اور ملکی و بین الاقوامی منڈیوں میں کاروباری مواقع سے استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ پروگرام میں خواتین کاروباری افراد نے بھرپور شرکت کی اور ڈیجیٹل ذرائع کے ذریعے اپنے کاروبار کو فروغ دینے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا پروگرام کے اختتامی کلمات کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی نے پیش کیے۔ انہوں نے خواتین کاروباری افراد کی استعداد کار بڑھانے اور انہیں جدید کاروباری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایسے تربیتی پروگراموں کی اہمیت کو اجاگر کیا اور TDAP کی جانب سے اس اقدام کو سراہا منتظمین کے مطابق، خواتین کاروباری افراد میں ڈیجیٹل مہارتوں کا فروغ انہیں اپنے کاروبار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، نئی مقامی و بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے اور معاشی طور پر مزید بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 23
ورچوئل) آن لائن (اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں بلوچستان بھر میں ٹیکنیکل اور پیشہ ورانہ تعلیم کے معیار، افادیت اور بہتری کے لیے کلیدی ترقیاتی ترجیحات، ادارہ جاتی استحکام، فنی مہارتوں کی بہتری اور اسٹریٹجک اقدامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف ڈویژنز میں اسینٹر آف ایکسیلنس 'بنانے کا منصوبہ بھی زیر غور لایا گیا۔ اجلاس میں بی۔ ٹیوٹا کے ڈائریکٹر غلام مصطفیٰ ریکسانی، اور اسسٹنٹ ڈائریکٹرز نے بھی شرکت کی اور بلوچستان میں ٹیکنیکل و پیشہ ورانہ تعلیم کے شعبے کو زیادہ مضبوط اور مستقبل کی ضروریات سے ہم آہنگ بنانے کے لیے اپنے قیمتی آرا اور تجاویز پیش کیں۔

بقیہ 24
درزیوں پر بھی متعدد کارروائیاں کی گئیں۔ مسجد روڈ اور فاطمہ جناح روڈ پر معائنے کے دوران غیر رجسٹرڈ انفینٹ فارمولا کے 180 کارٹن ضبط کیے گئے جبکہ ایک ڈسٹری بیوشن سینٹر کا مخصوص حصہ سیل کیا گیا۔ متعلقہ مصنوعات کی رجسٹریشن، لیب رپورٹس اور لائسنس کی دستاویزات پیش نہ کیے جانے پر اسٹاک بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام نے تحویل میں لے لیا۔ اسی طرح نواں کلی اور عبدالخالق روڈ پر بھی کارروائی کرتے ہوئے 25 کلوگرام غیر مصدقہ ملک پاؤڈر ضبط جبکہ ایک جنرل اسٹور کو ممنوعہ اشیا اور لیبلنگ کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق خصوصی مہم کے ساتھ دودھ ٹیسٹنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے اور ملک سیفٹی ٹیموں کی جانب سے مختلف علاقوں میں دودھ کے معیار و ملاوٹ کی روک تھام کیلئے دودھ کے نمونوں کی جانچ کی جا رہی ہے۔ علاوہ ازیں جنرل اسٹورز، بیکنگ یونٹس، ریسٹورنٹس، جوس شاپس اور دیگر فوڈ بزنسز کی بھی مسلسل نگرانی کیلئے انسپکشن ٹیمیں متحرک ہیں۔ ترجمان نے واضح کیا کہ بچوں کی صحت کے تحفظ کے لیے غیر رجسٹرڈ اور غیر محفوظ انفینٹ فارمولا دودھ و ملک پاؤڈر کے خلاف خصوصی مہم جاری رہے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی۔

بقیہ 25
رکھے گی۔ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے نومنتخب صدر نصیب اللہ بازئی نے کہا کہ نئی کابینہ ملازمین کو درپیش مسائل، بالخصوص پروموشن، تنخواہوں، الاؤنسز، میڈیکل سہولیات اور دیگر بنیادی حقوق کے حل کیلئے انتظامیہ کے ساتھ مثبت اور مؤثر رابطہ رکھے گی۔ نصیب اللہ بازئی نے کہا کہ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن ملازمین کے اتحاد کو مزید مضبوط بنائے گی اور ہر جائز حق کے حصول کیلئے آواز بلند کرے گی۔ سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی انتظامیہ سے بھی مطالبہ ہے کہ وہ ملازمین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے عملی اقدامات کرے تاکہ ادارے میں خوشگوار اور بہتر ورکنگ ماحول قائم ہو سکے، جبکہ یونیورسٹی سے فارغ التحصیل طالبات اپنے کردار، حکمت، علم اور ہنر کی طاقت سے معاشرے پر مثبت اثرات مرتب کریں۔

بقیہ 26
خصوصی طور پر اس امر کو یقینی بنایا جا رہا ہے کہ نالیوں میں پانی کی روانی بہتر ہو اور بارش یا دیگر مواقع پر گندا پانی سڑکوں اور بازاروں میں جمع ہونے سے بچایا جا سکے چیئرمین میونسپل کمیٹی محمد طاہر ناصر اور چیف آفیسر محب اللہ بلوچ نے کہا کہ شہریوں کو صاف، صحت مند اور خوشگوار ماحول کی فراہمی میونسپل کمیٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں مرحلہ وار صفائی مہم جاری رہے گی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے شہریوں دکانداروں اور تاجروں سے اپیل کی کہ وہ صفائی ستھرائی کے عملے کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور گھریلو یا تجارتی کچرا نالیوں، سڑکوں اور عوامی مقامات پر پھینکنے سے گریز کریں۔ شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کچرے کو مقررہ مقامات پر تلف کریں تاکہ نکاسی آب کا نظام متاثر نہ ہو اور شہر کی خوبصورتی برقرار رکھی جا سکے۔ میونسپل کمیٹی حکام کا کہنا ہے کہ ایک صاف ستھرا شہر صرف اداروں کی نہیں بلکہ ہر شہری کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور عوام کے تعاون سے ہی لورالائی کو مزید صاف، خوبصورت اور صحت مند شہر بنایا جا سکتا۔

بقیہ 27
باعث پانی کی فراہمی میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد پرانے اور نئے پائپ لائن کا سروے کروا کر سفارشات دینگے۔ یہ سپلائی لائن بھاگ کی عوام کو پینے کے پانی کی ضرورت پوری کرنے کے لئے ہیں۔ بھاگ تک پانی کی ترسیل کو ممکن بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے اور پائپ لائن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے متعلقہ انجینئرز اسکیم کی نگرانی کو موثر بناتے ہوئے پانی کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کریں، تاکہ عوام کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 28
باوجود پانی کی سہولت سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیو کلی شہر کے قریبی اور گنجان آباد علاقوں میں شمار ہوتا ہے، مگر یہاں کے مکین بنیادی سہولت، خصوصاً پینے کے پانی، سے محروم ہیں۔ پانی کی عدم دستیابی کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت تمام مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ بلوعظیم جان دمڑ، کمانڈنٹ میوند بریگیڈ نصیر احمد اور محکمہ پبلک ہیلتھ کے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ نیو کلی میں فوری طور پر پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور تنگہ آبشار کے منصوبے سے علاقے کے مکینوں کو بھی مستفید کیا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر پانی کے مسئلے کا فوری حل نہ نکالا گیا تو علاقہ مکین اپنے بنیادی حق کے حصول کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 29
انہیں قتل کرنے کی دھمکیاں ملتی رہی۔ جس پر حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے کوئی سنجیدگی نہیں دکھائی اور گزشتہ شب ایک بار پھر نامعلوم افراد کی جانب سے صلاح الدین خان کو کوئٹہ میں فائرنگ کر کے شہید کر دیا گیا جبکہ ان کے فرزند تاحال لاپتہ ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی فارم 47 کی مسلط نام نہاد حکومت کی لاپرواہی، غفلت اور نااہلی پر سخت دکھ اور افسوس کا اظہار کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ صلاح الدین خان نورزئی کے قاتلوں کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور ان کے مغوی فرزند کی رہائی کے لیے بلا تاخیر ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں۔

بقیہ 30
میں صاف کیا جا رہا ہے، جس سے شہری علاقوں میں صفائی کے معیار اور مجموعی ماحول کی بہتری میں مدد ملے گی میونسپل کارپوریشن کے مطابق سہرابی وارڈ کے بعد شہر کے دیگر علاقوں میں بھی مین نالوں کی صفائی کا عمل مرحلہ وار جاری رکھا جائے گا۔ جدید مشینری کے استعمال کا مقصد صفائی کے نظام کو مزید موثر بنانا، شہری سہولیات میں بہتری لانا اور گوادر کو صاف، خوبصورت اور صحت مند شہر بنانے کے حکومتی وژن کو عملی جامہ پہنانا ہے۔

بقیہ 31
ڈویژن نے صنعتی تنصیبات کی سیکیورٹی کو مزید موثر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کمپنی کی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کے وژن کے تحت CSR پروگرامز میں مقامی آبادی کی فلاح و بہبود، بالخصوص تعلیم، صحت، ہنرمندی اور دیگر سماجی شعبوں میں موثر اقدامات کیے جائیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے پیٹرولیم کے شعبے میں Cnergyico Pk Limited کے کردار اور خطے کی صنعتی و معاشی ترقی میں اس کے تعاون کو سراہا اور یقین دلایا کہ ضلعی انتظامیہ قانون کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے کمپنی کو ہر ممکن تعاون اور سہولت فراہم کرے گی۔ کمپنی کی انتظامیہ نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا اور اسسٹنٹ کمشنر حب کے دورے پر ان کا شکریہ ادا کیا اور سکیورٹی، CSR اور دیگر باہمی امور میں ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 32
سمیت دیگر علاقائی معتبرین بھی موجود تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر آفس سیوی میں منعقدہ تقریب کے دوران وارڈ نمبر 20 میونسپل کمیٹی سیوی کے کامیاب امیدوار غلام فرید ولد فقیر محمد اور یونین کونسل نمبر 06 کے وارڈ نمبر 02 مجک کے کامیاب امیدوار بختیار خان ولد احمد خان نے حلف اٹھایا۔ تقریب کے دوران اسسٹنٹ کمشنر و ریٹرننگ آفیسر نے کامیاب بلدیاتی نمائندوں کو مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ وہ عوامی خدمت اور علاقے کی ترقی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 33
حاجی شریف زیمل موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے جیٹی کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور گزشتہ دنوں جیٹی میں پھنس جانے والی بڑی کشتیوں کی واپسی کے لیے کلیئر کیے گئے راستے اور کیے گئے دیگر اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کشتیوں کی بحفاظت واپسی ممکن بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جیٹی میں کشتیوں کی آمدورفت کو مزید آسان بنانے کے لیے گزرگاہ کو ضرورت کے مطابق مزید کشادہ کیا جائے، تاکہ ماہی گیروں کو عملی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس موقع پر پشکان فش لینڈنگ جیٹی کی مستقل بنیادوں پر بحالی اور مستقبل میں باقاعدہ ڈریجنگ کے منصوبے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے ہدایت کی کہ جیٹی کو طویل مدت تک موثر اور فعال رکھنے کے لیے ڈریجنگ کے ساتھ ساتھ اس کے ڈیزائن، انجینئرنگ، تکنیکی ضروریات، آپریشنل پہلوؤں اور مستقبل کی ضروریات کا جامع جائزہ لیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ شعبے کو ہدایت کی کہ جیٹی کی مستقل بحالی اور ڈریجنگ کے لیے تمام تکنیکی و مالی پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع اور اپ ڈیٹڈ PC-I تیار کر کے صوبائی حکومت کو منظوری اور مطلوبہ فنڈز کے حصول کے لیے پیش کیا جائے، تاکہ منصوبے پر مستقل بنیادوں پر کام شروع کیا جا سکے اور جیٹی کو مستقبل میں مکمل طور پر فعال رکھا جا سکے۔ ڈائریکٹر جنرل نے اس امر پر بھی زور دیا کہ پشکان فش لینڈنگ جیٹی مقامی ماہی گیروں کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے اس کی بحالی کے ساتھ ساتھ ماہی گیروں کے لیے سہولیات میں بہتری، کشتیوں کی آمدورفت میں آسانی اور جیٹی کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے عملی اور دیرپا منصوبہ بندی کی جائے۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے میرین ڈرائیو، پلیری کور کے مقام پر زیر تعمیر کازوے کا بھی دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام کا جائزہ لیا۔ انہیں بریفنگ میں بتایا گیا کہ تقریباً ایک ماہ کے عارضی تعطل کے بعد کازوے پر تعمیراتی کام آئندہ ہفتے دوبارہ شروع کر دیا جائے گا، جس کے بعد کام کو تیزی سے مکمل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ ڈائریکٹر جنرل نے ہدایت کی کہ کازوے پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تمام ضروری انتظامات بروئے کار لاتے ہوئے منصوبے کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ کام کی موجودہ رفتار اور آئندہ کے شیڈول کے مطابق اگلے ماہ کازوے کو ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے گا، جس سے آمدورفت مزید بہتر اور شہریوں کو سہولت میسر آئے گی۔

بقیہ 34
عوام کا متفقہ مطالبہ ہے اجلاس سے جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات وامیر انجمن المدارس یونٹ کلی چلتن رہسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ مولانا محمد صادق بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی رہنما حمید بلوچ پختونخواہ نیشنل عوامی پارٹی کے رہنما محمد ابراہیم دین گل خلجی عوامی نیشنل پارٹی کے تحصیل سریاب کے صدر ماسٹر کلیم اللہ کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال سے کھیلنے والے معاشرے کا سب سے بڑا دشمن ہیں وہ کسی بھی رعایت کا مستحق نہیں ہے انہوں نے کہا کہ آل پارٹیز ہزار گنجی کے عوام اور تاجروں کو ڈاکوں کی رحم و کرم پر چھوڑ دینگے ایس ایس پی کوئٹہ ضیا مندوخیل ہزار گنجی و ملحقہ علاقوں میں عوام کے جان و مال سے کھیلنے والے عناصر کے سختی سے نوٹس لیے انہوں نے کہا کہ ڈاکوں کے کوئی مذہب اور قوم نہیں ہے انہوں نے مزید کہا کہ بہت جلد آل پارٹیز کے قیادت بالا کوٹ تھانہ کے ایس ایچ او سے ملاقات کرکے عوام اور تاجروں کے تحفظات ان کے سامنے رکھ دینگے اختتامی دعا مولانا محمد صادق نے کی۔

بقیہ 35
محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے گا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مذکورہ علاقوں کے مکینوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ گھروں سے منتقلی سے قبل احمد وال زائرین کیمپ میں اپنی رجسٹریشن کرائیں اور ضروری سامان اپنے ہمراہ لے جائیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ گھروں میں رہ جانے والے سامان کی حفاظت کی ذمہ داری سکیورٹی فورسز کی ہوگی۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ علاقوں میں ممکنہ فوجی آپریشن کے دوران نوشکی، دالبندین اور نوشکی، خاران شاہراہ کو بھی مخصوص دنوں کے لیے آمدورفت کے لیے بند رکھا جاسکتا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ فی الحال کلی بٹھو سے کلی جورکین تک کے علاقے میں کرفیو نافذ ہے، جس کے باعث علاقے میں تمام دکانیں اور پٹرول پمپس بند ہیں، جبکہ شہریوں کی نقل و حرکت بھی محدود ہے۔ دوسری جانب ان اطلاعات کے سامنے آنے کے بعد مذکورہ علاقوں سمیت پورے نوشکی میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اپنے ہی علاقوں سے لوگوں کی طویل عرصے کے لیے منتقلی اور کیمپوں میں قیام سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر منتقلی ناگزیر ہے تو مقامی آبادی کو اعتماد میں لے کر تمام انتظامات واضح اور شفاف انداز میں کیے جائیں۔ نوٹ: سکیورٹی صورتحال سے متعلق مذکورہ اطلاعات ذرائع سے موصول ہوئی ہیں، تاہم سرکاری سطح پر مکمل تفصیلات یا باضابطہ اعلامیہ تاحال سامنے نہیں آیا۔ جبکہ دوسری جانب نوشکی ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق فیصلے سے لاعلمی کا اظہار ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملی۔

بقیہ 36
انہوں نے بیف دفتر کوئٹہ میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، ویسٹ زون بلوچستان کے زیر اہتمام بیف افسران و ملازمین کے لیے منعقدہ خصوصی روڈ سیفٹی آگاہی سیشن کے موقع پر کہی۔ نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے افسران نے سیشن کے دوران شرکا کو ٹریفک قوانین، محفوظ ڈرائیونگ، دوران سفر احتیاطی تدابیر اور سڑک کے ذمہ دارانہ استعمال کے حوالے سے جامع اور مفید رہنمائی فراہم کی۔ شرکا نے سیشن میں بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا اور فراہم کردہ معلومات کو نہایت مفید اور عملی قرار دیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد ماندائی نے نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، ویسٹ زون بلوچستان کی جانب سے بیف ملازمین کے لیے اس معلوماتی اور مؤثر آگاہی سیشن کے انعقاد کو سراہتے ہوئے ان کی پیشہ ورانہ خدمات اور روڈ سیفٹی کے فروغ کے لیے کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ تقریب کے اختتام پر بیف اور نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس، ویسٹ زون بلوچستان کے درمیان یادگاری شیلڈز اور سوینیئرز کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ 37
پور شرکت کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر بھی تاکید کی گئی کہ تحصیل و یونٹ کے تمام ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں کو محض عہدے تک محدود رکھنے کے بجائے اسے باقاعدہ جماعتی خدمت اور تنظیمی امانت سمجھتے ہوئے فعال کردار ادا کریں۔ امرا و نظما اپنے علاقوں میں جماعتی نظم کو مستحکم کرنے، کارکنان سے مسلسل رابطہ رکھنے، مجلس عاملہ، مجلس عمومی اور مجلس شوریٰ کے اجلاس دستور کے مطابق بروقت منعقد کرنے، تنظیمی امور کی بروقت تکمیل اور ضلعی جماعت کی ہدایات پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ اجلاس سے ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور دیگر ذمہ داران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک و قوم پر مسلط حکمران حکمت اور بصیرت سے محروم ہیں ان کی ناقص پالیسیوں کے باعث ملک و قوم مسلسل مصائب و مشکلات سے دوچار ہیں۔ موجودہ حکمرانوں میں درپیش مسائل اور سنگین بحرانوں کے حل کی صلاحیت نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کی قیادت ملک کے فکری و نظریاتی اثاثے کی محافظ ہے اور جماعت اپنی دینی، ملی اور قومی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں جماعتی صفوں کو منظم، فعال اور مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، اس لیے ہر سطح کے ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے جماعتی نظم کے استحکام اور کارکنان کی مؤثر رہنمائی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 38
میں 4,978 طلبہ کو اسکولوں میں داخل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا، جبکہ اسکول سے باہر بچوں کو تعلیمی دھارے میں شامل کرنے کے لیے Accelerated Learning Program (ALP) کے تحت 17 مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں 560 بچوں کو تعلیم کی سہولت فراہم کی جا رہی ہے جبکہ سرکاری اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی بہتری، بجلی کی فراہمی اور سولر سسٹم کے ذریعے تعلیمی سرگرمیوں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی پر بھی توجہ دی جا رہی ہے اور اساتذہ کی حاضری، تدریسی کارکردگی اور طلبہ کے تعلیمی نتائج کی موثر نگرانی کے لیے Real Time School Monitoring (RTSM) نظام کے ذریعے اسکولوں کی مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے، تاکہ تعلیمی معیار میں بہتری، اساتذہ کی حاضری اور حکومتی تعلیمی اقدامات کے مطلوبہ نتائج کو یقینی بنایا جا سکے ضلع گوادر میں ہر بچے تک معیاری تعلیم کی رسائی، شرح داخلہ میں اضافہ اور تعلیمی اداروں میں بہتر ماحول کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 39
منعقد ہوا جس میں بی این پی عوامی کے رکن میر اسد اللہ بلوچ نے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے، جے یو آئی (ف) کے اصغر علی ترین نے سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف کارروائیوں کی تحقیقات، حق دو تحریک کے مولانا ہدایت الرحمن نے صوبے میں منشیات کے اڈوں کے خلاف کارروائی اور عادی نوجوانوں کے لیے خصوصی بحالی مراکز کے قیام، جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر آغا صوبے میں کینسر کے علاج کے لیے ہسپتال کے قیام کے قرارداد یں پیش کیں جو متفقہ طور پر منظور کرلی گئیں۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو نے انسداد دہشتگردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کیا۔ جسے ایوان میں ووٹنگ کے بعد منظور کرلیا۔ اجلاس میں دو سالوں کے دوران غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق مولانا ہدایت الرحمن کا توجہ دلاؤ نوٹس پارلیمانی سیکرٹری ماہی گیری برکت رند کی یقین دہانی پر نمٹا دیا گیا، محکمہ کھیل اور محکمہ سیاحت سے متعلق سوالات متعلقہ وزرا کی عدم موجودگی کے باعث موخر کردیئے گئے جس کے بعد اجلاس پانچ ستمبر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 40
نے سری نگر کی عدالت میں 25 صفحات پر مشتمل حلف نامہ جمع کرایا جس میں یاسین ملک کے 24 اگست کے تحریری بیانات کو شہادت کا حصہ قرار دیا گیا ہے۔ یاسین ملک نے حلف نامے میں کہا کہ بھارتی حکومت مجھے 36 سال بعد ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کر کے پھانسی دینے کی سازش کر چکی ہے، بھارتی عدالتوں سے انصاف کی توقع نہیں، عدالت سزائے موت بھی عائد کرے تو کشمیر کے لیے قبول ہے، عدالتی سزا قبول کرنے کا مطلب عائد جرم قبول کرنا نہیں ہے۔ حلف نامے میں یاسین ملک نے 1990 کے سرلا بھٹ قتل کیس میں ملوث ہونے کے الزام کی دوٹوک تردید کی، انہیں سرلا بھٹ کی لاش کے ساتھ پڑے مبینہ جے کے ایل ایف نوٹ کی بنیاد پر مقدمے میں شامل کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ سرلا بھٹ کے قتل سے 11 روز قبل شدید زخمی ہونے کے باعث قتل کی منصوبہ بندی یا ہدایات دینا ممکن نہیں تھا، بھارتی ایجنسیوں نے پاکستان سے تعلقات بڑھانے کو کہا اور بعد میں اسی کو میرے خلاف بطور ثبوت پیش کیا گیا، واجپائی حکومت کے دور میں اجیت دوول، برجیش مشرا اور آر کے مشرا نے پاک بھارت تعلقات میں مثبت کردار ادا کرنے کو کہا۔ یاسین ملک کے مطابق 2019 اور 2024 کے انتخابات میں پاکستان مخالف پالیسی کے طور پر میرا نام، تصویر اور عدالتی کارروائیوں کو سیاسی بیانیے کے لیے استعمال کیا گیا۔ یاسین ملک نے مشعال ملک کو طویل قید اور ممکنہ پھانسی کے انتظار کی زندگی سے آزاد کرنے کی خواہش کا اظہار کیا اور کہا کہ آپ نے بہادری کیساتھ میرا ساتھ دیا، میں آپ کو اپنی رفاقت سے آزاد کرتا ہوں۔ یاسین ملک نے بیٹی کو دادی سے بات چیت کرتے رہنے کی تلقین کی اور کہا کہ دادی کا غم آپ نے ہلکا کرنا ہے، اپنا مقف اور ضمیر کی آواز عدالت کے سامنے رکھ دی، باقی فیصلہ اللہ پر چھوڑتا ہوں۔ دوسری جانب سیاسی ماہرین کا اس معاملے پر کہنا ہے کہ یاسین ملک کا ٹرائل مودی حکومت کی ایک معتبر کشمیری آواز کو سیاسی دبا سے خاموش کرنے کی ناکام کوشش ہے، یاسین ملک سمیت تمام کشمیری حریت پسند طویل قید اور بھارتی ریاستی جبر کے باوجود ثابت قدم رہے۔ سیاسی ماہرین کے مطابق بھارت آواز کو خاموش کر سکتا ہے مگر کشمیری نظریہ حریت کو دبا نہیں سکتا، اقوام متحدہ کو سیاسی قیدیوں کی رہائی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 41
سینیٹ سید حسنین حیدر نے وفد کو ایوان بالا کے آئینی تشخص، اختیارات، امور کار، انتظامی نظام اور ذمہ داریوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے سینیٹ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایوان بالا وفاق کی تمام اکائیوں کو مساوی نمائندگی کا مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے اور قومی یکجہتی و ہم آہنگی کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ بالخصوص چھوٹے صوبوں کے حقوق اور مفادات کے تحفظ کا اہم ذریعہ ہے۔ سیکرٹری سینیٹ نے وفد کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں کے دائرہ کار، امور قانون سازی میں ان کے کردار اور کارکردگی کے ساتھ ساتھ پارلیمانی نگرانی کے مؤثر نظام سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے پارلیمانی سفارت کاری کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس امر کی وضاحت کی کہ سینیٹ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے پارلیمانی اور جمہوری مؤقف کو اجاگر کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ قانون سازی، حکومتی امور کی نگرانی، احتساب اور عوامی نمائندگی سمیت متعدد اہم آئینی و پارلیمانی ذمہ داریاں انجام دیتا ہے۔ ایوان بالا قومی پالیسی سازی کے عمل میں اپنی مؤثر شرکت کے ذریعے ملکی معاملات میں متوازن اور جامع قانون سازی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ جمہوری اداروں کے استحکام اور جمہوری نظام کے مزید مضبوط بنانے میں بھی کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ وفد نے دورے کے دوران سینیٹ میوزیم کا دورہ کیا، جہاں انہیں پاکستان کی پارلیمانی تاریخ، سینیٹ کے قیام و ارتقاء، جمہوری سفر اور قانون ساز اداروں سے متعلق تاریخی و معلوماتی مواد کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ وفد کے ارکان نے سینیٹ میوزیم میں موجود مختلف تاریخی دستاویزات کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر وفد کو دستاویزی فلم بھی دکھائی گئی۔ وفد نے گلی دستور کا بھی دورہ کیا۔ بعدازاں وفد نے سینیٹ ہال کا دورہ کیا، جہاں انہیں ایوان بالا کے اجلاس، پارلیمانی کارروائی، قانون سازی کے مراحل اور سینیٹ کے آئینی کردار کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وفد کو بتایا گیا کہ سینیٹ وفاق کی تمام اکائیوں کو مساوی نمائندگی فراہم کرنے والا اہم پارلیمانی ادارہ ہے، جو وفاقی اکائیوں کے مفادات کے تحفظ اور قومی قانون سازی کے عمل میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ مطالعاتی دورے کے دوران وفد کو پارلیمانی اداروں کی کارکردگی، جمہوری نظام کے استحکام اور آئینی و پارلیمانی اقدار کے فروغ کے حوالے سے بھی معلومات فراہم کی گئیں۔ وفد کے ارکان نے پارلیمانی نظام، سینیٹ کے کردار اور آئینی امور سے متعلق مختلف سوالات بھی کیے جن کے تفصیلی جوابات دیے گئے۔ وفد نے پارلیمنٹ ہاؤس کے مطالعاتی دورے کو نہایت معلوماتی، مفید اور یادگار قرار دیتے کہا کہ ایسے مطالعاتی دورے سرکاری افسران میں پارلیمانی نظام، آئینی امور اور جمہوری اداروں کے بارے میں آگاہی کو مزید فروغ دینے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

بقیہ 42
کا معاملہ اٹھایا گیا۔ چیئرمین کمیٹی نے سپیکر قومی اسمبلی کو خط لکھنے کا ذکر کیا۔ سپیکر نے کہا کہ سکیورٹی صورتحال ایسی ہے کہ وہاں بریفنگ نہیں ہوسکتی۔ اس پر جمال رئیسانی نے کہا کہ سپیکر خود جائیں تو حالات ٹھیک ہیں، ہم کہیں تو حالات ٹھیک نہیں۔ وزیر مملکت داخلہ نے بتایا کہ کل بھی وزیر اعظم کو درخواست کی گئی تھی جبکہ طلال چوہدری نے کہا کہ کوشش ہے کہ وزیر اعلیٰ اور وزیر داخلہ بلوچستان کمیٹی کو بریفنگ دیں۔ آغا رفیع اللہ نے کہا کہ ریاست تیار ہے مگر جمہوریت راہ فرار اختیار کر رہی ہے۔

بقیہ 43
نے کہا کہ ملکیتی تنازع سول عدالت میں زیر سماعت ہو تو فوجداری عدالت کو فیصلے کا انتظار کرنا چاہیے، متنازع دستاویزات کی اصلیت کا فیصلہ سول عدالت کرے گی، متنازع سرٹیفکیٹس کی تصدیق سے پہلے درخواست گزاروں کے خلاف کارروائی نہیں ہوسکتی۔ عدالت کے مطابق سول عدالت کے فیصلے کے بعد ہی درخواست گزاروں کے خلاف فوجداری یا انتظامی کارروائی شروع کی جا سکے گی، سول مقدمہ اور فوجداری مقدمہ ایک ہی معاملے سے گہرا تعلق رکھتے ہوں تو فوجداری کارروائی روکنے کی گنجائش ہے، بدنیتی سے دائر سول مقدمے کو فوجداری کارروائی روکنے کی بنیاد نہیں بنایا جا سکے گا۔ عدالت نے کہا کہ فوجداری کارروائی روکنے کا فیصلہ متعلقہ حالات اور انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کیا جائے، متنازع دستاویزات کی قانونی حیثیت کا فیصلہ سول عدالت کے اختیار میں ہے۔ آئینی عدالت نے فیصلہ سابق ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بنوں کے کیس میں جاری کیا، سابق ای ڈی او اور دیگر کیخلاف ٹیچرز بھرتی کیس میں بے ضابطگیوں پر کارروائی جاری تھی۔ بوگس دستاویزات پر اساتذہ کو بھرتی کرنے کا الزام تھا، جعلی دستاویزات کا معاملہ سول کورٹ میں زیر التوا تھا، افسران کیخلاف کریمنل کارروائی الگ سے شروع کی گئی تھی، فیصلہ جسٹس علی باقر نجفی نے تحریر کیا۔

بقیہ 44
سالانہ ریٹرن کے وقت فارم 19 کے ذریعے فراہم کرے، حتمی مالک سے مراد وہ فرد ہے جو براہ راست یا کسی دوسری کمپنی یا ادارے کے ذریعے متعلقہ کمپنی کا مالک ہو یا اس پر کنٹرول رکھتا ہو۔ اس میں کمپنی کے کم از کم 25 فیصد حصص یا ووٹنگ حقوق رکھنے والا، یا کسی دوسرے ذریعے سے کمپنی پر موثر کنٹرول رکھنے والا شخص بھی شامل ہے۔ حتمی مالکان کی تفصیلات فراہم کرنا کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 123 اے کے تحت لازمی ہے، ایس ای سی پی کے اعداد و شمار کے مطابق جون 2026 کے اختتام تک پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 3 لاکھ ایک ہزار 615 تھی۔ حتمی مالکان کی معلومات سے کمپنیوں کے ناموں اور پیچیدہ ملکیتی ڈھانچوں کے پیچھے موجود ان افراد کی شناخت میں مدد ملتی ہے جو درحقیقت کاروبار کے مالک یا اس پر کنٹرول رکھتے ہیں۔ اس اقدام کا مقصد کارپوریٹ شفافیت کو فروغ دینا اور کمپنیوں کو منی لانڈرنگ، اثاثے چھپانے اور غیر قانونی مالی ترسیلات کے لیے استعمال ہونے سے روکنا ہے۔ اظہار وجوہ کے نوٹس متعلقہ کمپنیوں کو ایس ای سی پی کے ای پورٹل اور کمپنیوں کے چیف ایگزیکٹوز اور مجاز نمائندوں کو ان کے رجسٹرڈ ای میل کے ذریعے الیکٹرانک طور پر جاری کیے گئے ہیں۔ متعلقہ کمپنیوں کو 30 دن کے اندر فارم 19 جمع کرانے اور تعمیل کی مصدقہ نقل فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مقررہ مدت میں تعمیل نہ کرنے والی کمپنیوں کے خلاف ایس ای سی پی قانون کے مطابق جرمانے کی کارروائی شروع کر سکتا ہے۔

بقیہ 45
میڈیا کی جانب سے نغمہ جاری کرنے پر پاک افواج اور پاکستانی عوام کے جذبے کو بھی سراہا گیا ہے۔ ترکیہ کے معروف میڈیا اداروں ٹی آر ٹی، لیڈر اور اکلے ٹی وی پر نغمے کو خصوصی توجہ دی گئی جبکہ ترک جرائد اور خبر رساں اداروں اخلاص خبر ایجنسی، ہابر لار اور ڈک غازیٹے سمیت دیگر پلیٹ فارمز پر بھی اسے سراہا گیا۔ ترکیہ کی سرکاری اور نجی خبر رساں ایجنسیوں نے دو دل، ایک جان کو پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کی خوبصورت عکاسی قرار دیا۔ یہ خصوصی نغمہ ترک عوام میں بھی توجہ حاصل کر رہا ہے اور سوشل و روایتی میڈیا پر اس کی پذیرائی کا سلسلہ تیز ہو گیا، اس میں دونوں ممالک کے درمیان دوستی، محبت اور باہمی وابستگی کے جذبے کو اجاگر کیا گیا ہے۔

بقیہ 46
کاروں نے یوم دفاع و شہدا پر سرحدوں کے محافظوں، غازیوں اور مادر وطن کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کی لازوال قربانیوں اور شجاعت کو خراج عقیدت پیش کیا۔ شوبز شخصیات نے کہا کہ پاکستانی قوم نے ہمیشہ مشکلات کا حوصلے اور ثابت قدمی سے مقابلہ کیا اور ملک روشن مستقبل کی جانب گامزن ہے۔ ہر پاکستانی کا غیر متزلزل عزم ہے کہ وہ پاکستان کو اپنی منزل اور ملک کی ترقی کو اپنی ترقی تصور کرتا ہے۔ شوبز شخصیات نے قومی اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سالمیت کے خلاف کسی بھی بیرونی سازش کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند متحد ہے۔ فنکاروں نے یوم دفاع و شہدا کو قومی یکجہتی کے عزم کی تجدید اور مادر وطن پر اپنی جانیں نثار کرنے والے عظیم سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا تاریخ ساز دن قرار دیا۔

بقیہ 47
پاکستان کے توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور مزید وسعت کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اس موقع پر کویتی کمپنی گلف پٹرولیم ایکسپلوریشن پاکستان (جی پی ایکس پی) نے اپنی سرمایہ کاری میں توسیع اور ملک کے توانائی کے شعبے کی ترقی میں مزید کردار ادا کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر نے جی پی ایکس پی کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کمپنی کو سرمایہ کاری اور توسیعی منصوبوں کے لیے حکومت کی جانب سے مکمل تعاون اور سہولت کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی وزیر علی پرویز ملک نے کہا کہ پاکستان اور کویت برادر ممالک ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات قائم ہیں۔ انہوں نے کویت کے ساتھ اقتصادی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کو پاکستان کی اہم ترجیح قرار دیا۔ خالد الساعتی اور مصلح العتیبی نے مسلسل تعاون اور سہولت کاری پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ جی پی ایکس پی کے عزم کا اعادہ کیا اور کہا کہ کمپنی ملک کے توانائی کے شعبے میں اپنی سرمایہ کاری بڑھانے کی خواہاں ہے۔ ملاقات میں پاکستان اور کویت کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور پاکستان کے شعبہ تلاش اور توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے فروغ کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 48
جاری ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق ہائیڈل سمیت دیگر ذرائع سے بھی بجلی کی پیداوار 19 ہزار 500 میگاواٹ ہے۔ بجلی کی مجموعی طلب 25 ہزار 500 میگاواٹ تک پہنچ گئی ہے۔ ملک بھر میں بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر تقسیم کار کمپنیاں لوڈ مینجمنٹ کر رہی ہیں۔ تقسیم کار کمپنیوں کو دستیاب کوٹے کے مطابق بجلی کی فراہمی جارہی ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کے شارٹ فال کی وجہ سے شہری علاقوں میں 6 سے 9 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 10 سے 13 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کی پیداوار میں کمی آر ایل این جی کی عدم دستیابی بھی ہے۔ منگلا ڈیم سے بھی بجلی کی کم پیداوار شارٹ فال کی وجہ بن رہی ہے۔

بقیہ 49
قومی رحمت اللعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی کے زیر اہتمام تقریبات ربیع الاول کے سلسلے میں ایک روزہ سیمینار سیرت کا پیغام، نوجوانوں کے نام سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کا ذکر نہایت شان و عظمت کے ساتھ فرمایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو بے شمار معجزات عطا فرمائے جن میں قرآن مجید بھی ایک عظیم معجزہ ہے، نبی کریم ﷺ وجہ تخلیق کائنات، رحمت اللعالمین اور خاتم النبیین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو تمام انسانوں، تمام کائنات اور تمام عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا، اگر ہم مشاہدہ کریں تو غیر مسلموں نے بھی نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کے حوالے سے تحریریں لکھی ہیں اور اشعار کہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مارٹن لنگز کی کتاب اس کی ایک بہترین مثال ہے جبکہ برصغیر کے ایک سکھ شاعر نے بھی نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کے بارے میں ایسے اشعار کہے جو ہمیشہ کیلئے تاریخ کا حصہ بن گئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کا جہاں مسلمانوں کے دلوں میں اعلیٰ ترین مقام ہے، وہیں غیر مسلم بھی آپ ﷺ کی شخصیت اور تعلیمات سے اس قدر متاثر ہوئے کہ انہوں نے آپ ﷺ کی شان میں اشعار کہے اور تحریریں لکھیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ آج ہمیں نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہونے کی جتنی ضرورت ہے، شاید اس سے پہلے کبھی نہیں تھی۔ انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کے والد گرامی آپ ﷺ کی ولادت باسعادت سے قبل ہی وفات پا گئے تھے جبکہ آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کے وصال کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک صرف چھ سال تھی، مگر نبی کریم ﷺ نے نوجوانوں کو والدین کی فرمانبرداری اور احترام کا اہم پیغام دیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق اور حضرت علی سے فرمایا کہ میرے بعد ایک شخص آئے گا جس کا نام اویس قرنی ہوگا، وہ جہاں بھی ملے اس سے دعا کرانا۔ انہوں نے کہا کہ جب حضرت عمر اور حضرت علی نے حج کے موقع پر حضرت اویس قرنی کو تلاش کیا اور وہ ایک مقام پر انہیں مل گئے تو دونوں جلیل القدر صحابہ نے ان سے دعا کی درخواست کی۔ انہوں نے کہا کہ حضرت اویس قرنی اس بات پر حیران ہوئے کہ یہ دونوں جلیل القدر صحابہ مجھ سے دعا کی درخواست کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت اویس قرنی کی والدہ کی خدمت اور فرمانبرداری کو خصوصی اہمیت دی۔ انہوں نے کہا کہ اس واقعہ میں نوجوانوں کیلئے سب سے اہم پیغام والدین کی فرمانبرداری کا ہے اور یہی کامیابی کا راستہ ہے۔

بقیہ 50
ریکارڈ کر لیے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ وفاقی پولیس فوجداری قانون کے تحت پر سانحے کی تحقیقات کر رہی ہے اور پولیس نے دفعہ 174 کی رپورٹ کے تحت انکوائری کا آغاز کیا ہے، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے تمام نامزد افسران کے بیانات بھی ریکارڈ کر لیے ہیں۔

بقیہ 51
چلنے کیلئے نام نہاد شدت پسندی کا ڈرامہ رچایا جارہا ہے، سابق وزیراعلیٰ فاروق عبداللہ نے مقبوضہ کشمیر میں نام نہاد شدت پسندی کے بھارتی دعوؤں کو مودی سرکار کا ڈرامہ قرار دے دیا، سابق وزیراعلیٰ مقبوضہ کشمیر فاروق عبداللہ نے اپنے بیان میں کہا کہ اگر کشمیری پنڈتوں کو دھمکیاں مل رہی ہیں تو باہر سے آئے ہندو افسران کو کیوں نہیں؟ کشمیری پنڈتوں کو نام نہاد دھمکیوں کا معاملہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کو متاثر کرنے کی سازش ہے، مودی سرکار شدت پسندی کے خاتمے کا دعویٰ کرتی ہے تو پھر یہ دھمکیاں کہاں سے آرہی ہیں؟ فاروق عبداللہ نے کہا کہ لیفٹیننٹ گورنر کے پاس پولیس اور انتظامیہ کے تمام اختیارات ہیں، سکیورٹی پر وہ جواب دیں، یہ دھمکیاں کہاں سے آرہی ہیں؟ میں تو یہ کہتا ہوں کہ یہی لوگ دھمکیاں دے رہے ہیں۔

بقیہ 52
نہیں دی جاسکتی۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے کارروائی میں بھارتی اسپانسرڈ 15 دہشتگردوں کی ہلاکت پر جوانوں کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور بہادری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سکیورٹی فورسز کی چوکس نگاہیں اور قربانیاں پاکستان کے لیے ایک مضبوط ڈھال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کو امن اور ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے خلاف ہمسایہ سرزمین کے استعمال کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی بہادر سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 53
جتنی توجہ دی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔ جمعرات کو یہاں ایشیائی ترقیاتی بینک کے زیر اہتمام ٹیکس نظام کے ذریعہ مالیاتی استحکام پر مکالمہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان کیلئے اندرونی سطح پر وسائل کو متحرک کرنا وقت کی ضرورت ہے، ٹیکس کے نظام میں اصلاحات کے ذریعہ محصولات میں اضافہ کیا جاسکتا ہے، ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جتنی توجہ دی ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی، وزیراعظم ہر ہفتہ ایف بی آر میں اصلاحات کے حوالہ سے جائزہ اجلاس میں شریک ہوتے ہیں۔

بقیہ 54
بلوچ خواتین نہ صرف اپنے خاندان کی طاقت ہیں بلکہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی امید بھی ہیں خواتین کی تعلیم، ترقی اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں بلوچستان کی خواتین نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور صوبے کی ترقی میں ان کا کردار قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت خواتین کو بااختیار بنانے اور انہیں معاشرے میں مزید فعال کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ خواتین کی تعلیم، ہنرمندی اور معاشی خودمختاری کے لیے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 55
اثرات ہیں کہ اب نیتن یاہو گریٹر اسرائیل کا نعرہ نہیں لگا رہا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے ایران کو یقین دہانی کروا دی تھی کہ اس کی سرزمین ایران کے خلاف استعمال نہیں ہوگی۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ شاہ سلمان کی سوچ تھی کہ امت کو معاشی طور پر مضبوط کرنا ہے، اس لیے مکہ معاہدے کو بڑے کینوس پر دیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر ممالک بھی اس معاہدے میں شامل ہونے کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 56
ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو وطن عزیز کے امن، استحکام اور عوام کی خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ جمعرات کو ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق قائم مقام صدر نے دوران کارروائی فتنہ الخوارج کے 15 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور دلیری کو سراہا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو وطن عزیز کے امن، استحکام اور عوام کی خوشحالی کے سفر میں رکاوٹ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ قائم مقام صدر نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 57
منصوبوں اور اہم عوامی امور پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں کچی کینال فیز ٹو کے منصوبے پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اس کے علاوہ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی اراضی کے معاملے، علامہ اقبال یادگار اور اقبال لائبریری سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں لورالائی اور ژوب کو ملانے والے 35 کلومیٹر سڑک منصوبے کی تکمیل میں تاخیر کا بھی جائزہ لیا گیا اور وزیراعظم کی ہدایات پر منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے کے اقدامات پر غور کیا گیا۔ کچی کنال منصوبے پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 58
جنوبی وزیرستان، وانا جنڈولہ بنوں اور ڈیرہ شاہراہیں بند کر دی گئیں۔ شہریوں کو اپنی نقل و حرکت محدود رکھنے کی ہدایت کر دی گئی۔

بقیہ 59
والوں میں احتشام کیانی، سہیل یعقوب اور ملک طارق ریکھی شامل تھے۔ پروین رحمانی، چوہدری ساجد اور محمد عرفان داہگل ناکے پہنچے، پولیس نے اڈیالہ جیل آنے والے رہنماؤں کو داہگل ناکے پر روک لیا تھا۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے اڈیالہ جیل پہنچنے والے رہنما ملاقات کیے بغیر واپس روانہ ہوئے۔

بقیہ 60
مستفید ہو کر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ وفاقی وزرا احسن اقبال اور رانا ثنا اللہ نے جماعت اسلامی کے وفد کے ساتھ مذاکرات کے بعد حافظ نعیم کے ہمراہ مشترکہ کانفرنس کی۔ احسن اقبال نے کہا حکومت عوامی مسائل کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ جماعت اسلامی کی تحریک عوامی ریلیف کے لئے ہے ہماری بھی یہی کوشش ہے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دیا جائے۔ ہم اس سلسلے میں جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیم کے ساتھ بات چیت کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کا مفاد سب کے لئے مقدم ہونا چاہیے۔ ہمیں یہ کوشش کرنی چاہیے کہ ایسے حالات پیدا کرنے سے گریز کریں جن سے دشمن کو فائدہ اٹھانے کا موقع ملے۔ انہوں نے کہا کہ حافظ نعیم نے یقین دلایا ہے کہ دھرنوں کے دوران کوئی اشتعال انگیزی نہیں کی جائے گی۔ جبکہ حکومت نے انکی تجاویز سننے کے لئے ایک کمیٹی تشکیل دیدی ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ جماعت اسلامی بھی ایک کمیٹی تشکیل دے جو حکومتی مذاکراتی کمیٹی کو پٹرولیم لیوی میں کمی اور مہنگائی کے کنٹرول کے لئے تجاویز دے۔ حکومت ان تجاویز پر مکمل طور پر عملدرآمد کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو خطے میں کشیدگی کے باعث ہونے والی مہنگائی اور اس عام آدمی کو درپیش مشکلات کا بخوبی ادراک ہے۔ عوام کو ریلیف دینے کے لئے بھرپور کوششیں بھی کی جارہی ہیں۔ اس موقع پر رانا ثنا اللہ نے کہا جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس ایسی تجاویز ہیں جن پر عمل کر کے عام آدمی کو ریلیف دیا جاسکتا ہے۔ ہم نے ویلکم کرتے ہوئے شکریہ بھی ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا حکومت جو عام آدمی کو ریلیف دینے کے لئے کوشاں ہے یہ تجاویز دیں گے وہ حکومت کے لئے ان اقدامات میں معاون ہوں گی جو عوام کو ریلیف دینے کے لئے کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی جماعت اسلامی کی تجاویز سے حکومت مستفید ہوتی رہی ہے۔ جماعت اسلامی کے رہنما حافظ نعیم نے کہا حکومت کی طرف سے آنے والے وفد سے مذاکرات سود مند رہے ہیں۔ ہمارے دھرنوں کا آج انیسواں دن ہے۔ پندرہ بیس مقامات پر یہ دھرنے جاری ہیں۔ عوام کی شرکت بھی بڑھتی جا رہی ہے۔ ہمارے یہ دھرنے ہرگز ذاتی مقصد کے لئے نہیں بلکہ عوامی مفاد ہمارا ایجنڈا ہے۔ انہوں نے کہا مہنگائی کی وجہ سے عام آدمی کا جینا محال ہو گیا ہے۔ پچانوے فیصد لوگ اس وقت بنیادی ضروریات زندگی پوری کرنے کے لئے پریشان ہیں۔ انہوں نے کہا گذشتہ کچھ عرصے میں مہنگائی میں پینتیس فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سب سے زیادہ مہنگائی پنجاب میں ہوئی ہے۔

بقیہ 61
اشارہ کیا لیکن کار سواروں نے گاڑی نہ روکی تو اہلکاروں نے سکیورٹی یقینی بنانے کے لیے گاڑی کو رکوانے کے لیے فائرنگ کی۔ فائرنگ کے نتیجے میں گاڑی میں سوار 2 افراد جن کے نام رحمت اللہ اور عبدل جبار معلوم ہوئے شدید زخمی ہو گئے، زخمیوں کو پمز منتقل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق زخمی ہونے والے ایک ملزم کا تعلق ڈیرہ غازی خان سے نکلا، دوسرا ملزم بلوچستان کے ضلع کوہلو کے تھانہ کوہلو کا مطلوب اشتہاری ہے۔ گولیاں لگنے سے دونوں زخمی ہو گئے جبکہ گاڑی کی فرنٹ اسکرین ٹوٹ گئی، دونوں زخمیوں کو پمز منتقل کیا گیا ہے جنکی حالت نازک بتائی گئی ہے۔

بقیہ 62
مسلح افراد کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔

بقیہ 63
صبر و تحمل سے کارروائی کی۔ خوارج کے خلاف کارروائی چھتیس گھنٹے جاری رہی، کارروائی کے دوران ہلاک خوارج سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ واقعہ افغان سرزمین کے دہشت گردی کے لیے استعمال کی روک تھام میں افغان طالبان حکومت کی ناکامی کا ایک اور ثبوت ہے، افغان طالبان حکومت مؤثر سرحدی انتظام اور اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرنے میں بھی ناکام رہی ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں مزید بھارتی سرپرستی میں سرگرم خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، جبکہ عزم استحکام کے تحت غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 64
ونگ کے مطابق صدر مملکت نے 15 بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کو سراہتے ہوئے کہا کہ وطن عزیز کی سرحدوں کے دفاع اور امن و استحکام کے تحفظ کے لیے سکیورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کو پاکستان میں بدامنی پھیلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے شمالی وزیرستان کے قریب پاک افغان سرحد پر فتنہ الہندستان سے تعلق رکھنے والے خوارج کی دراندازی کی کوشش کو ناکام بنانے اور 15 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسروں اور جوانوں کو شاندار خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے انتہائی پیشہ ورانہ مہارت، صبر اور جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے تک سکیورٹی فورسز کی انسداد دہشت گردی کی عزم استحکام مہم پوری قوت اور عزم کے ساتھ جاری رہے گی، پوری قوم کو اپنی بہادر مسلح افواج پر فخر ہے جو ملکی سرحدوں کے دفاع اور وطن کی سلامتی کے لیے برسر پیکار ہیں۔

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی کیخلاف مذمتی قرارداد پیش ہونے کے بعد اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سے سردار بابر خان موسیٰ خیل کی ملاقات

عوام کو درپیش مسائل سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل اور قبائلی رہنما سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال، موسیٰ خیل سمیت مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی اقدامات اور عوام کو درپیش مسائل سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی اور ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی وفاقی محکموں کے بجلی بل سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی سطح پر صوبے کے ترقی ڈھانچے کی بنیاد ضرورت اور اہمیت دی جا رہی ہے، گورنر بلوچستان

قومی شاہراہوں کا جدید نیٹ ورک صرف فاصلے کم نہیں کرتا بلکہ تجارت، روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے راستے بھی کھولتا ہے، عبدالعلیم خان سے ملاقات

مضبوط مواصلاتی رابطے ہی بلوچستان کو قومی معیشت، خطے کی تجارت اور سینٹرل و جنوبی ایشیا کی بڑی منڈیوں سے موثر طور پر جوڑنے کی بنیاد بن سکتے ہیں

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں استحکام پاکستان پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان قومی شاہراہ اور بلوچستان کے شاہراہ منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس دوران چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور وفاقی سیکرٹری مواصلات بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کے درمیان "گورنر بلوچستان اور وفاقی وزیر مواصلات کی اہم نشست نے کوئٹہ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ کے ڈوئل کیرج وے منصوبے کو انتہائی تیز رفتار بنیادوں پر مکمل کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ گورنر بلوچستان نے اس پیش رفت کو صوبے کی ترقی اور قومی معیشت کیلئے ایک اہم اور لائق تحسین اقدام قرار دیا۔ گورنر (بقیہ نمبر 13 صفحہ 7 پر)

سمندر کے راستے منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام

گڈانی ساحل سمندر سے 74 ارب روپے مالیت کی 1 ٹن 13 کلوگرام آئس برآمد

کوئٹہ/حب (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ساؤتھ زون بلوچستان محمد زمان خان نے کہا ہے کہ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ساؤتھ زون کے عملے نے سمندر کے راستے منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے گڈانی ساحل سمندر سے 74 ارب روپے مالیت کی 1 ٹن 13 کلوگرام آئس برآمد کرلی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ محکمہ ایکسائز وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے وژن مشیر ایکسائز محمد خان لہڑی اور سیکرٹری ایکسائز سید ظفر اللہ بخاری کی ہدایت کے مطابق ڈرگ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

منصوبوں میں معیار، شفافیت اور عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے، نور محمد دمڑ

زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ذریعے علاقے کی منصوبہ بندی اور پائیدار ترقی کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں گے

حکومت دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے زیارت کو مزید ترقی یافتہ اور سیاح دوست بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے گی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کمیونٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی زیر صدارت زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ZVDA) کی گورننگ باڈی کا تیسرا اجلاس محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومت بلوچستان کے کمیٹی روم کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے گورننگ باڈی کے اراکین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے متعلق مختلف اہم امور، علاقے کی ترقی، سیاحت کے فروغ، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی سے متعلق معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ زیارت بلوچستان کا اہم سیاحتی اور قدرتی حسن سے مالا مال علاقہ ہے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 7 پر)

15 ستمبر تک ژڑ کاریز کیمپ کو خالی کرایا جائے، عبدالرحیم

کارروائی نہ کی گئی تو ہم کوئٹہ ڈیرہ غازی خان پنجاب شاہراہ کو بند کریں گے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) لورالائی کے قبائلی معتبرین ملک عبدالرحیم اوتمانخیل، حاجی عبدالرشید نے حکومت کو 15 ستمبر تک الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ژڑ کاریز کیمپ کو خالی نہ کرایا گیا تو ہم کوئٹہ پنجاب قومی شاہراہ کو بند کر کے احتجاج کرنے کے علاوہ عدالت سے رجوع کریں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری ضلعی انتظامیہ پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزارت سیفران کی جانب سے 25 ستمبر 2025ء کو بلوچستان بھر میں تمام نامزد افغان مہاجر کیمپوں کو فوری طور پر خالی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد ریج کی زیر صدارت اردلی روم کا انعقاد

میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنانا اولین ترجیحات میں شامل ہے، کامران نواز

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد ریج کامران نواز نچوتھانے کہا ہے کہ پولیس اپنے فرائض کی بجا آوری کو یقینی بناتے ہوئے خود احتسابی پر سختی سے عملدرآمد کرکے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنارہی ہے اس لئے ایک اہلکار کی ایک سال کی انکریمنٹ کٹوتی جبکہ ایک اہلکار کا شوکاز نوٹس خارج کرنے کے علاوہ 4 اہلکاروں کے تبادلے کی درخواستوں پر عمل کرتے ہوئے احکامات جاری کر دیئے یہ بات انہوں نے اردلی روم کے موقع پر ملازمین کے مسائل اور ان کی درخواستوں کا جائزہ لینے کے موقع پر احکامات جاری کرتے ہوئے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

زیارت میں نامعلوم مسلح افراد کی ڈی سی ہرنائی کے اسکواڈ کی گاڑی پر فائرنگ 2 محافظ زخمی

کوئٹہ (آن لائن) زیارت کراس کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے ڈی سی ہرنائی کے اسکواڈ کی گاڑی پر فائرنگ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر)

پولیو مہم کی کامیابی کیلئے ضلعی انتظامیہ اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے، مہر اللہ بادینی

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے وفاق المدارس کے نمائندوں (بقیہ نمبر 5 صفحہ 7 پر)

چار دنوں سے کیچ بلاجواز یرغمال ہے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

تمام شاہراہیں لوگوں کی آمد و رفت کے لیے بند کردیئے گئے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے سیکیورٹی فورسز کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ڈاکٹروں کی تذلیل کرنے اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر تشدد کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں سے پورے کیچ کو بلاجواز پورے تربت شہر کو یرغمال بنایا گیا تمام شاہراہیں لوگوں کی آمد ورفت کے لیے بند کردیئے گئے ہیں یہاں تک کے ہسپتال جانے کے لیے نہ مریضوں کو چھوڑا گیا اور نہ ڈاکٹروں نہ پیرامیڈیکل اسٹاف کو ہسپتال جانے کی اجازت دی گئی۔ انھوں (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان کے زیر اہتمام ڈیجیٹل خواندگی پروگرام سے خطاب کر رہے ہیں

صحافی معاشرے کی آواز ہوتے ہیں، رحمت اللہ

گھروں اور اہل خانہ کے تحفظ کو یقینی بنانا انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان صحافت کونسل رجسٹرڈ کے مرکزی صدر رحمت اللہ بلوچ نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں نوشکی پریس کلب کے معزز رکن اور صحافی کے گھر میں ہونے والی چوری کی واردات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ چوروں نے ایک صحافی کے گھر میں داخل ہوکر نہ صرف چوری کی بلکہ چادر و چار دیواری کے تقدس کو بھی پامال کیا گیا جو انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک عمل ہے انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آواز ہوتے ہیں اور ان کے گھروں اور اہل خانہ کے تحفظ کو یقینی بنانا انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری (بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر)

درخواست گزار حفیظہ کا بلاک شناختی بحال کروادیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار حفیظہ کا بلاک شناختی بحال کروا دیا گیا۔ درخواست گزار حفیظہ نے بتایا کہ انکا شناختی کارڈ بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے وہ متعدد بار نادرا کے دفتر گئی ثبوت پیش کیے، کمیٹی میں پیش ہوئی لیکن ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ پھر انہوں نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست (بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر)

خواتین کیلئے محفوظ ماحول کی فراہمی ایک مشترکہ ذمہ داری ہے، ربابہ بلیدی

محفوظ، باوقار اور سازگار ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعرات کو یہاں اے آئی جی پولیس (جینڈر) اسرار احمد عمرانی نے ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں خواتین کے تحفظ، حقوق کے فروغ، صنفی بنیادوں پر تشدد کی روک تھام اور خواتین کے لیے موثر قانونی و ادارہ جاتی معاونت کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران خواتین کو درپیش مسائل، پولیس کے نظام میں جینڈر حساسیت کے فروغ اور خواتین سے متعلق شکایات کے موثر و فوری ازالے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط (بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر)

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کرکے تاجر کو قتل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے تاجر کو قتل کردیا مقتول کے لواحقین، عزیز و اقارب اور رشتہ داروں نے نعش کے ہمراہ کلی گل محمد کے قریب ایئر پورٹ روڈ پر احتجاج کرتے ہوئے روڈ بلاک کر دیا جس سے ہر قسم کی ٹریفک معطل ہوگئی پولیس کے مطابق گزشتہ شب معروف تاجر صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کردیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملنے پر مقتول کے لواحقین اور عزیز و اقارب نے نعش ایئر پورٹ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر)

ڈی سی ہرنائی کے سکواڈ پر حملے کی شدید مذمت

ہم اپنی بہادر پولیس اور سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، باز محمد دمڑ

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر خوراک بلوچستان حاجی نور محمد خان دمڑ اور ضلع ہرنائی کے لیے صوبائی وزیر کے فوکل پرسن حاجی باز محمد خان دمڑ نے ضلع پشین کی انتظامی حدود میں خانی بابا کراس کے قریب ڈپٹی کمشنر ہرنائی کے سیکیورٹی سکواڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ مذمتی بیان میں دونوں رہنماؤں نے کہا کہ سرکاری افسران اور ان کی حفاظت پر مامور سیکیورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت اور بزدلانہ کارروائی ہے۔ ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، فضل الرحمٰن

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی نے کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال کے ہمراہ پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے تحت زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں مختلف سرکاری دفاتر کی تعمیراتی سرگرمیوں اور جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ حکام اور تعمیراتی اداروں کو ہدایت کی کہ کام میں مزید تیزی لائی جائے اور تمام تعمیراتی مراحل کو مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر)

سریاب، راہزنوں نے ایک شخص سے ہزاروں روپے لوٹ لئے

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے میں نامعلوم مسلح راہزنوں نے اسلحہ کے زور پر ایک شخص سے ہزاروں روپے لوٹ لئے مزاحمت پر اسے زخمی کردیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب تھانہ شہید محمود الرحمٰن سریاب کے علاقے میں نامعلوم راہزنوں نے اسلحہ کے زور پر کلیم اللہ سے 35 ہزار روپے چھین لئے مزاحمت کرنے پر اسے زخمی کر دیا اور فرار ہوگئے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

امن وامان کی ابتر صورتحال افسوسناک مثال ہے، ڈاکٹر علی محمد ابو تراب

شہید صلاح الدین خان نورزئی کے قاتلوں کو فوراً گرفتار قرار واقعی سزا دلائیں

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی جمعیت اہلحدیث بلوچستان کے امیر ڈاکٹر مولانا علی محمد ابو تراب، ناظم اعلیٰ ڈاکٹر علی جان بلوچ، نائب امیر مولانا عبدالرزاق خارانی، نائب امیر وسیکرٹری اطلاعات مولانا عصمت اللہ سالم مفتی سمیع اللہ مولانا ذکریا ذاکر مولانا حزب اللہ عثمانی مولانا مسعود احمد پانیزئی مولانا حزب اللہ رشید حاجی حمد اللہ نورزئی حاجی جعفر خان عمران زئی مولانا عطا محمد اڑ ودگیر نے گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد ایئرپورٹ روڈ پر ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

بجلی بلوں کے بقایاجات سے متعلق وفاقی محتسب کی زیر صدارت کیسکو ہیڈ کوارٹر میں اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر شوکت علی جوگیزئی اور ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی کی زیر صدارت وفاقی حکومت کے ذیلی محکموں کے ذمہ بجلی بلوں کے بقایاجات سے متعلق کیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف انجینئر (کسٹمر سروسز) مرزا اعزاز بیگ، ڈائریکٹر کمرشل (بقیہ نمبر 10 صفحہ 7 پر)

ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس

مہم کے مقررہ اہداف کے حصول کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا

بارکھان (خ ن) ڈسٹرکٹ پولیو ایریڈیکیشن کمیٹی (DPEC) کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں (DHO)، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر (DSO)، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DDHO)، تمام یونین کونسل میڈیکل آفیسرز (UCMOs) سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 21 سے 24 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پولیو ٹیموں کی تشکیل، مائیکرو پلان، فیلڈ مانیٹرنگ، سیکیورٹی انتظامات اور پانچ (بقیہ نمبر 9 صفحہ 7 پر)

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے رکن صوبائی اسمبلی برکت علی رند کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے وفاق المدارس کے نمائندے اور علماء کرام کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شمس حمزہ زئی کی صادق عمرانی سے اہم ملاقات

مزہ تنگی ڈیم کے تعمیراتی کام کی سست روی پر تشویش کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اور حلقہ PB-05 لورالائی کے ٹکٹ ہولڈر، چیئرمین شمس حمزہ زئی نے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران چیئرمین شمس حمزہ زئی نے مزہ تنگی ڈیم کے تعمیراتی کام کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر سے مطالبہ کیا کہ منصوبے کو فاسٹ ٹریک بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو اس اہم منصوبے کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں۔ صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسی وقت مطلوبہ (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر)

کاروباری افراد کے لیے ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام کا انعقاد

جدید ڈیجیٹل ذرائع سے استفادہ کرنے کی ضرورت پر روشنی ڈالی گئی

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP)، کوئٹہ کے زیر اہتمام خواتین کاروباری افراد کے لیے ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام کا انعقاد کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں کیا گیا۔ پروگرام کا مقصد خواتین کاروباری افراد کو جدید ڈیجیٹل ذرائع سے روشناس کرانا، کاروبار کے فروغ اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے نئی منڈیوں تک رسائی کے لیے عملی رہنمائی فراہم کرنا تھا پروگرام کے ابتدائی کلمات آصف ابڑو، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP)، کوئٹہ نے پیش کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

ایم ڈی (B-TEVTA) کا ایشیائی ترقیاتی بینک کیساتھ اہم اسٹریٹجک اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ایم ڈی (B-TEVTA) کا ایشیائی ترقیاتی بینک کے ساتھ اہم اسٹریٹجک اجلاس بیجنگ ڈائریکٹر بی۔ ٹیوٹا، عبدالکبیر زرکون نے بلوچستان میں ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (TVET) کے شعبے کی ترقی اور اسے فعال بنانے سے متعلق ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) کے ساتھ ایک (بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر)

ایس پی پولیس ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی کا پیپلز پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ کا دورہ

ہرنائی (خ ن) ہرنائی ایس پی پولیس ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ہرنائی کے ضلعی صدر یاسین خان ترین کی خصوصی دعوت پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی سیکرٹریٹ کا اہم دورہ کیا۔ دورے کے دوران ایس پی ہرنائی اور پاکستان پیپلز پارٹی کی ضلعی قیادت کے درمیان خوشگوار ماحول میں مختلف باہمی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر)

جان و مال کے تحفظ کی آئینی ذمہ داری حکومت کی ہے، غفار کاکڑ

عوام کو محض بیانات اور دعووں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے تحفظ فراہم کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات غفار خان کاکڑ نے کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بے گناہ اور معزز شہری کا دن دیہاڑے قتل انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور صوبے میں امن و امان کی بدترین صورتحال کی عکاسی کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں آئے روز قتل، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور دیگر جرائم کے واقعات (بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر)

کوئٹہ، پارلیمانی لیڈر صادق عمرانی اپنے خلاف پیش ہونیوالی مذمتی قرارداد کے حوالے سے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ناقص اشیائے خورد و نوش کے خاتمے اور غیر رجسٹرڈ ملک پاوڈر کیخلاف کریک ڈاؤن 22 مراکز کو جرمانہ، 29 کو اصلاحی نوٹس، 2 یونٹس سیل

کوئٹہ میں جاری خصوصی مہم کے دوران 54 فوڈ یونٹس کی چیکنگ کی گئی۔ جوائنٹ روڈ پر مراکز کی انسپکشن کے دوران 4 یونٹس کو جرمانہ کیا گیا

ناقص صفائی، کھلے کچرے دان، مکھیوں کی موجودگی، غیر محفوظ اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف ورزیوں پر بھی متعدد کارروائیاں کی گئیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے ہمراہ غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور ناقابل سراغ ملک پاوڈر وانفینٹ فارمولا کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کوئٹہ، خضدار، حب، صحبت پور اور لورالائی سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے دوران 22 فوڈ مراکز کو جرمانے، 29 کو اصلاحی نوٹس جاری جبکہ 2 یونٹس سیل کیے گئے۔ کوئٹہ میں جاری خصوصی مہم کے دوران 54 فوڈ یونٹس کی چیکنگ کی گئی۔ جوائنٹ روڈ پر مراکز کی انسپکشن کے دوران 4 یونٹس کو جرمانہ اور ایک پراسیسنگ یونٹ سیل جبکہ غیر لیبل شدہ انفینٹ فارمولا اور ملک پاوڈر ضبط کیا گیا۔ ناقص صفائی، کھلے کچرے دان، مکھیوں کی موجودگی، غیر محفوظ اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف (بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر)

ملک و قوم پر مسلط حکمران حکمت اور بصیرت سے محروم ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

ان کی ناقص پالیسیوں کے باعث ملک و قوم مسلسل مصائب و مشکلات سے دوچار ہیں

موجودہ حکمرانوں میں درپیش مسائل اور سنگین بحرانوں کے حل کی صلاحیت نظر نہیں آتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت ضلعی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام تحصیلوں اور یونٹوں کی جانب سے اپنی تنظیمی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں اجلاس میں ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کو ہدایت کی گئی کہ تنظیمی جماعت کو مزید فعال، منظم اور متحرک بنانے، تنظیمی دوروں کو نتیجہ خیز بنانے، کمزور و غیر فعال یونٹوں کی تنظیمی فعالیت بحال کرنے اور جماعتی نظم و ضبط کو مضبوط بنانے کے حوالے سے اہم تجاویز پیش کی گئیں۔ اس موقع پر تحصیلوں اور یونٹوں کی سطح پر تنظیمی سرگرمیوں میں تسلسل باقاعدگی سے اجلاسوں کے انعقاد، ذمہ داران اور کارکنان کے درمیان رابطے، کارکنان کی فکری و تنظیمی تربیت اور جماعتی پروگراموں میں بھر (بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر)

بدامنی پھیلانے والے انسانیت کے دشمن ہیں مولانا محمد طاہر توحیدی

عوام کے جان و مال کے تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے، حمید بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) آل پارٹیز کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کا اہم اجلاس الجمعیت ہاس میں زیر صدارت جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سابق سیکرٹری اطلاعات وامیر نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مولانا محمد طاہر توحیدی منعقد ہوا اجلاس میں کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی مغربی بائی پاس ہزار گنجی منڈی شریف آباد چوک سے ہزار گنجی چورنگی تک بدامنی کے واقعات پر سخت تشویش کا اظہار کیا اور پولیس انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سنجیدگی سے اقدامات اٹھائے عوام ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر ہیں جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزیر کمیونٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی گورننگ باڈی کے تیسرے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نو منتخب کابینہ نے حلف اٹھالیا

کوئٹہ (آن لائن) سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نو منتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری منعقد کی گئی، جس میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان، مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالستار، ایجوکیشن سیکرٹری عبدالعلیم خان، عبدالستار جونیئر، شاہنواز زہری، منظور احمد بلوچ سمیت مختلف ٹریڈ یونین نمائندوں نے شرکت کی۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے نو منتخب کابینہ سے حلف لیا۔ اس موقع پر سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی ایمپلائز ایسوسی ایشن کی نو منتخب کابینہ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کے تمام ملازمین کے حقوق، فلاح و بہبود، عزت نفس اور جائز مطالبات کیلئے بھرپور اور آئینی جدوجہد جاری (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر)

ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق لاعلمی کا اظہار

محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملی

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کا نوشکی کے کسی بھی علاقے کو خالی کرنے سے متعلق فیصلے سے لاعلمی کا اظہار محکمہ داخلہ کی جانب سے تاحال اس بارے کوئی ہدایات یا نوٹیفکیشن نہیں ملی نوشکی کے متعدد علاقوں کی آبادی دو ماہ کے لیے منتقلی کا امکان سوشل میڈیا پر علاقہ خالی کرنے کے خبروں کے چلنے کے بعد علاقہ مکینوں میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے سیکیورٹی ذرائع کے نام سے منسوب سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کے مطابق ماہ ستمبر کے دوران نوشکی کے مختلف علاقوں کلی بھوٹو، کلی ہارونی، کلی احمد وال اور کلی جورکین کی آبادی کو ممکنہ طور پر دو ماہ کے لیے عارضی طور پر (بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر)

بیف دفتر کوئٹہ میں روڈ سیفٹی آگاہی سیشن کا انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ایجوکیشن اینڈوومنٹ فنڈ (بیف) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر خالد ماندائی نے کہا ہے کہ انسانی جانوں کا تحفظ اور محفوظ سفری اصولوں سے آگاہی ہر ذمہ دار ادارے کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ انہوں نے روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین کی پابندی اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ حادثات کی روک تھام میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ یہ بات (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر)

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی راحیلہ حمید درانی ملاقات کر رہے ہیں

عوامی مقامات پر کچرہ پھینکنے سے گریز کیا جائے، محب اللہ

شہر کے مختلف علاقوں میں مرحلہ وار صفائی مہم جاری رہے گی

لورالائی (خ ن) چیئرمین میونسپل کمیٹی محمد طاہر ناصر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی محب اللہ بلوچ کی خصوصی ہدایات پر شہر میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں سپروائزر باران زون کی نگرانی میں صدر بازار، باغی بازار اور کاکڑی مسجد روڈ سمیت مختلف اہم شاہراہوں اور تجارتی علاقوں میں نالیوں کی بھرپور صفائی کا کام جاری ہے میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے نالیوں میں جمع کچرا، مٹی اور دیگر رکاوٹوں کو نکال کر نکاسی آب کے نظام کو بحال کرنے کے لیے موثر کارروائی کی۔ صفائی کے دوران (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر)

نیو کلی کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، فوری فراہمی کا مطالبہ

کوہلو (آن لائن) ڈسٹرکٹ پریس کلب کوہلو میں نیو کلی کے مکینوں نے ایک پرہجوم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوہلو شہر کے قریب واقع گنجان آباد علاقے نیو کلی کے رہائشی گزشتہ کئی سال سے پینے کے صاف پانی کی شدید قلت کا سامنا کر رہے ہیں اور پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال بنگ آبشار سے پانی کو بڑی رقم خرچ کر کے کوہلو شہر تک لانے کا منصوبہ شروع کیا گیا تھا، تاہم بدقسمتی سے نیو کلی کے مکین اس منصوبے کے (بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر)

اسکولوں کی مانیٹرنگ کا عمل جاری ہے،، زاہد حسین

گوادر میں 4,978 طلبہ کو اسکولوں میں داخل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا

گوادر (خ ن) پروفیسر تعلیم گوادر زاہد حسین نے کہا ہے کہ ضلع گوادر میں معیاری تعلیم کے فروغ، بچوں کے اسکولوں میں داخلے، اساتذہ کی پیشہ ورانہ استعداد کار میں اضافے اور تعلیمی اداروں کی موثر نگرانی کے لیے حکومتی پالیسی کے مطابق عملی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ Continuous Professional Development (CPD) پروگرام کے تحت ضلع گوادر میں 500 سے زائد اساتذہ کی تربیت کی گئی ہے، جس کا مقصد اساتذہ کی تدریسی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا اور طلبہ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنا ہے ضلعی آفیسر تعلیم کے مطابق رواں سال داخلہ مہم کے تحت ضلع گوادر (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

اسسٹنٹ کمشنر سیوی وریٹرننگ آفیسر میر بہادر خان بنگلزئی نے حلف لیا

سیوی (خ ن) میونسپل کمیٹی سیوی کے وارڈ نمبر 20 اور یونین کونسل نمبر 06 کے وارڈ نمبر 02 کے کامیاب امیدواروں کی حلف برداری کے سلسلے میں تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی و ریٹرننگ آفیسر میر بہادر خان بنگلزئی نے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار محمد خان مجک، نمائندہ الیکشن کمیشن سید صادق شاہ (بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر)

منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، معین الرحمٰن خان

ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا پشکان فش لینڈنگ جیٹی کا دورہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان نے پشکان فش لینڈنگ جیٹی کا دورہ کیا اور جیٹی کی بحالی کے لیے جاری کاموں میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حالیہ دورے کے دوران جاری کاموں میں مزید پیش رفت پر ڈائریکٹر جنرل نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو بحالی کے کام کو مقررہ اہداف کے مطابق مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ و پروجیکٹ ڈائریکٹر فش لینڈنگ جیٹی شاہد علی، ایگزیکٹو انجینئر محمد اکبر اور معروف کنٹریکٹر (بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر)

کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت اجلاس

بختیار آباد اور تحصیل لانڈھی کے عوام کو پانی کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، بریفنگ

نصیر آباد (خ ن) پھی واٹر سپلائی اسکیم اور عوام کو آب نوشی کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈپٹی کمشنر، نصیر آباد وریندر لعل اور سب ڈویژنل آفیسر محمد ایوب بھٹو بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ذاکر حسین جمالی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بھاگ ناڑی، بختیار آباد اور تحصیل لانڈھی کے عوام کو پانی کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے، تاہم راستے میں بعض افراد پانی کے حصول کے لیے پائپ لائن کو نقصان پہنچا رہے ہیں، جس کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر)

صلاح الدین نورزئی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، پشتونخوا میپ

حکومتی لاپرواہی انسانی ضیاع کا سبب بنی، مغوی فرزند کی رہائی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں پارٹی رکن اور ممتاز تاجر صلاح الدین خان نورزئی کے قتل کے المناک واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 8 ماہ قبل صلاح الدین خان نورزئی کے جوان سال فرزند کو تاوان کے عوض اغوا کیا گیا اور کروڑوں روپے طلب کیے گئے جبکہ تمام انتظامیہ، حکومت، سیکورٹی ادارے مغوی کو بازیاب کرنے میں ناکام رہے اور اس دوران مسلسل ان کے والد کو دھمکی آمیز پیغامات، بیٹے کی رہائی کے عوض کروڑوں روپے کی ادائیگی اور (بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر)

میونسپل کارپوریشن گوادر نے نف ٹائلز کی صفائی کی جدید مشین فعال کردی

گوادر (آن لائن) میونسپل کارپوریشن گوادر نے شہر میں صفائی کے نظام کو مزید موثر اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے نف ٹائلز کی صفائی کی جدید مشین فعال کر دی ہے، جس کے ذریعے سہرابی وارڈ میں باقاعدہ صفائی آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے جدید مشینری کے ذریعے نف ٹائلز پر جمی گرد، مٹی اور دیگر گندگی کو موثر انداز (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر)

کمشنر لسبیلہ کا پٹرولیم ریفائننگ و مارکیٹنگ کمپنی کا دورہ

کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے ایک تفصیلی بریفنگ اور پریزنٹیشن دی گئی

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے تحصیل گڈانی، میں قائم پاکستان کی معروف پٹرولیم ریفائننگ و مارکیٹنگ کمپنی Cnergyico Pk Limited (CPL) کے پلانٹ کا دورہ کیا پلانٹ آمد پر کمپنی کی انتظامیہ نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن اور ان کے ہمراہ وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر کمپنی کی انتظامیہ کی جانب سے ایک تفصیلی بریفنگ اور پریزنٹیشن دی گئی، جس میں کمپنی کی سرگرمیوں، پٹرولیم ریفائننگ کے عمل، جاری منصوبوں، صنعتی ترقی میں کمپنی کے کردار اور خطے کی معیشت میں اس کے تعاون کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ دوران ملاقات سکیورٹی، کارپوریٹ سوشل ریسپانسبلٹی (CSR)، مقامی آبادی کی فلاح و بہبود، ضلعی انتظامیہ اور کمپنی کے درمیان باہمی تعاون و رابطہ کاری سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمشنر لسبیلہ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر)

لورالائی کے قبائلی رہنما مولوی عبدالرحیم، ملک عبدالرحیم اتمانخیل، حاجی عبدالرشید حاجی عبدالشکور اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر

"روزنامہ عوام"

302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

ای میل ایڈریس

dailyawamqta@gmail.com

فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے سپریم کورٹ بار کے امیدواروں اور سپریم کورٹ کے نئے وکلاء کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ سے صدر میر عطاء اللہ لانگو، نامزد صدر سید امجد شاہ، ایم عارف اعوان اور عصمت اچکزئی خطاب کر رہے ہیں